بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta — A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز منگل 16 مارچ 2021ء یکم شعبان 1442ھ | شمارہ 260 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

تمام پارٹیوں کے منتخب ارکان اپنی قیادت کو استعفے جمع کرا چکے ہیں، بلاول

پی ڈی ایم میں اتفاق رائے سے فیصلے ہوتے ہیں، 26 مارچ کو لانگ مارچ کا اعلان پہلے سے ہو چکا ہے، منگل کے اجلاس میں مزید لائحہ عمل بھی اتفاق رائے سے طے کیا جائیگا

پورے ملک میں ضمنی انتخابات جیت کر پی ڈی ایم نے نالائق اور نااہل حکومت کو بے نقاب کر دیا ہے کہ اب عوام اس کے ساتھ نہیں ہیں، چیئرمین پیپلزپارٹی کی میڈیا سے گفتگو

حیدرآباد (این این آئی) پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں اتفاق رائے سے فیصلے ہوتے ہیں، تمام پارٹیوں کے منتخب ارکان اپنی قیادت کو استعفے جمع کرا چکے ہیں، 26 مارچ کو لانگ مارچ کا اعلان پہلے سے ہو چکا ہے، منگل کے اجلاس میں مزید لائحہ عمل بھی اتفاق رائے سے طے کیا

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس نہ ہونے پر اظہار برہمی

حکومت ملک چلانے کی اہل نہیں ہے یا فیصلے کرنے کی؟، دو ماہ سے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں ہوا؟، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس نہ ہونے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ملک چلانے کی اہل نہیں ہے یا فیصلے کرنے کی؟، دو ماہ سے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں ہوا، پنجاب

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوریئر کمپنی کے دفتر پر چھاپہ؛ بیرون ملک بک کروائے گئے پارسلز سے ہیروئن برآمد

پارسل کے اندر موجود منشیات گتے کے ڈبوں میں انتہائی مہارت سے چھپائی گئی تھی، ترجمان اے این ایف

کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کوریئر کمپنی کے دفتر پر چھاپہ مار کر بیرون ممالک کے لیے بک کروائے گئے 3 پارسلز میں سے منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق شہر کی مختلف نجی کوریئر کمپنیز کے دفاتر پر کارروائیاں کی گئیں جس کے دوران برطانیہ کے لیے بک

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشاور، مرکزی امیر جے یو آئی وسربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عدالتیں آخری امید بن چکی ہیں، مولانا فضل الرحمن

پارلیمنٹ سے استعفے نہ دیئے تو شاید لانگ مارچ کا زیادہ فائدہ نہ ہو، کسی ایک رکن کی دغا سے پارٹیوں کی سیاسی پوزیشن تبدیل نہیں ہوا کرتی، اپوزیشن متحد ہے اور اسے متحد رکھیں گے

مریم نواز کو دھمکیاں دی جارہی ہیں، کیا نیب اداروں کا ترجمان ہے، ہمارے ووٹ کیوں کم ہوئے، وفاداریاں کیوں تبدیل ہو رہی ہیں، اس کے پیچھے دباؤ ہوگا، لالچ یا دھمکیاں ہونگی

پشاور (این این آئی) اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ میری ذاتی رائے میں اگر ہم اس پارلیمان سے استعفے نہیں دیتے تو شاید لانگ مارچ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست آئین کے آرٹیکل 184(3) کے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی میں رینجرز کی گاڑی کے قریب دھماکا

ایک اہلکار شہید، 3 رینجرز اہلکاروں سمیت 9 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں رینجرز کی گاڑی کے قریب کریکر دھماکا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں رینجرز اہلکار شہید جبکہ 3 رینجرز اہلکاروں سمیت 9 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے اورنگی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان قیام پاکستان سے لے کر اب تک محرومیوں کا شکار ہے، سراج الحق

تمام تر وسائل کے باوجود صوبے کے عوام بنیادی ضروریات زندگی کی لیے ترس رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کو نوکریاں دی جائیں، صوبہ میں امن وعامہ کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی ادارے مؤثر کردار ادا کریں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان قیام پاکستان سے لے کر اب تک محرومیوں کا شکار ہے۔ تمام تر وسائل کے باوجود صوبے کے عوام بنیادی ضروریات زندگی کی لیے ترس رہے ہیں۔ بلوچستان سی پیک کا حصہ ہے مگر صوبے کو اس کے فوائد نہیں مل رہے۔ بنیادی صحت کی سہولیات صرف 30 فیصد افراد کو حاصل ہیں۔ آٹھ ہزار لوگوں کے لیے صرف ایک ڈاکٹر ہے۔ پورے بلوچستان میں صرف پانچ سو کے قریب بنیادی صحت کے مراکز ہیں جن میں سے اکثریت میں بنیادی ادویات تک میسر نہیں۔

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حیدرآباد، پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ہرنائی کوئلہ کان میں دھماکہ، 3 کانکن جاں بحق

طورغر میں کاربن مونو آکسائیڈ گیس کے دھماکے کے بعد کوئلہ کان بیٹھ گئی تین کان کنوں کی لاشیں نکال لی گئیں

سیکرٹری معدنیات کا واقعہ کی تحقیقات اور غفلت برتنے پر کان کے منیجر اور ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کرانے کا حکم

کوئٹہ (نمائندہ امروز+نیوز ایجنسیاں) ضلع ہرنائی کے علاقے طورغر میں کاربن مونو آکسائیڈ گیس کے دھماکے کے بعد کوئلہ کان بیٹھ گئی کان میں پھنسے سات کان کنوں میں سے تین کان کنوں کی لاشیں نکال لی گئیں سیکرٹری معدنیات نے واقعہ کی تحقیقات اور غفلت برتنے پر کان کے منیجر اور ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کرانے کا حکم دے دیا، چیف مائنز انسپکٹر شفقت فیاض نے بتایا کہ پیر کو ہرنائی کے علاقے طورغر کی کوئلہ کان میں مزدور کان کنی کر رہے تھے کہ کاربن مونو آکسائیڈ گیس بھر جانے کے باعث دھماکہ ہوا جس سے کان کا بڑا حصہ بیٹھ گیا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حب میں ٹریفک حادثہ باپ جاں بحق بیٹا زخمی

لسبیلہ (این این آئی) حب میں ٹریفک حادثہ باپ جاں بحق بیٹا زخمی۔ ریسکیو زرائع کے مطابق حب

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ نامعلوم افراد نے 3 بچوں کو ذبح کر کے قتل کر دیا

تھانہ نیوسریاب کی حدود میں نامعلوم افراد نے سرکاری ملازم عطاء اللہ کے گھر میں گھس کر اقصیٰ، حسنین اور زین کو قتل جبکہ کشمالہ نامی بچی کو شدید زخمی کر دیا

قتل کئے جانیوالے بچوں کی عمریں 5 سے 10 سال کے قریب ہیں زخمی ہونے والی بچی بی بی کشمالہ 7 سال کی ہیں، پولیس نے گھر میں موجود نوکرانی کو گرفتار کرلیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نیوسریاب پولیس تھانے کی حدود میں غلام رسول مینگل میں تہرے قتل کی لرزہ خیز واردات، گھر میں موجود تین کم سن بچوں کو تیز دھار آلے سے قتل کر دیا جبکہ 7 سالہ بچی زخمی ہوگئیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے نیو سریاب پولیس تھانے کی حدود میں تہرے قتل کی دلخراش واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک گھر میں تیز دھار آلے سے تین دو بچوں اور ایک بچی کو قتل کر دیا جبکہ ایک بچی کو زخمی کر دیا گیا ہے قتل کئے جانے والے بچوں کی شناخت حسنین احمد، زین

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

این اے 249 ضمنی انتخاب: مصطفیٰ کمال کا خود میدان میں اترنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کے سربراہ مصطفیٰ کمال نے این اے 249 کراچی کے ضمنی انتخابات میں خود میدان میں اترنے کا فیصلہ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سراج الحق (آج) کوئٹہ میں شمولیتی تقریب سے خصوصی خطاب کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام صوبائی سیکرٹریٹ الفلاح ہاؤس انگلانی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ انتخابات نتائج جمہوریت کیلئے تاریک ترین دن ہے، شیخ بلال

سلیکٹڈ حکمرانوں نے ایک بار پھر دن کی روشنی میں ہمارے ووٹ چرائے ہیں، رہنماء پیپلزپارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلزپارٹی کے صوبائی نائب صدر شیخ بلال خان مندوخیل نے سینیٹ چیئرمین کے نتائج کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی نے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے، میر اصغر مری

مائیں اپنے لخت جگروں کو اپنے ہاتھوں سے دریاؤں میں پھینکنے پر مجبور ہوچکی ہیں

سبی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے رہنما میر اصغر مری نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے مائیں اپنے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے مولانا عبدالرحمٰن رفیق

26 مارچ کو اسلام کے طرف لانگ مارچ حتمی فیصلہ ہے، جے یو آئی

کوئٹہ (آن لائن) 26 مارچ کو اسلام کے طرف لانگ مارچ سے موجودہ نااہل مسلط شدہ حکمران طبقہ اپنے نااہلی چھپانے کے لئے کرونا وائرس کو

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور ہائیکورٹ میں شہباز گل پر سیاہی پھینکنے کا واقعہ مذمت سے آگے کا ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن سے متعلق حکومتی مطالبہ عجیب ہے، مصطفیٰ نواز کھوکھر

جو بھی ادارے آئین اور قانون کے مطابق کھڑے ہوں، رہنماء پیپلزپارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) سے متعلق حکومتی مطالبے کو عجیب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو بھی ادارے آئین اور قانون کے مطابق کھڑے ہوں یہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان پیپلزپارٹی غریب عوام کی جماعت ہے، علی مدد جتک

حکومت سریاب روڈ کٹنگ کے متاثرین کو فوری طور پر مارکیٹ ریٹ پر زمین کی قیمت کی ادائیگی کو یقینی بنائے

بغیر معاوضے کے لوگوں کو دکانوں اور گھروں سے بے دخل کرنے کی پاکستان پیپلزپارٹی مذمت کرتی ہے، صوبائی صدر پیپلزپارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ حکومت سریاب روڈ کٹنگ کے متاثرین کو فوری طور پر مارکیٹ ریٹ پر زمین کی قیمت کی ادائیگی کو یقینی بنائے، بغیر معاوضے کے لوگوں کو دکانوں اور گھروں سے بے دخل کرنے کی پاکستان پیپلزپارٹی مذمت کرتی ہے، سریاب روڈ کے متاثرین نے اگر احتجاج کی کال دی تو پاکستان پیپلزپارٹی اپنے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے انکے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے پیر کو سریاب روڈ کٹنگ کے متاثرین کی جانب سے لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صدرالدین مروت جیسے سیاسی کارکن مدتوں بعد پیدا ہوتے ہیں، مابت کاکا

شروع دن سے فکر باچاخان سے وابستہ ہوئے اور مرتے دم تک انتہائی نامساعد حالات کے باوجود اس پر کاربند رہے، رہنما اے این پی

پی ایس ایف کے پلیٹ سے شروع کردہ رہنما کردار وجدوجہد اور بعدازاں پارٹی میں سرگرم سیاسی کارکن اور ذمہ دار کے طور پر ان کے خدمات ناقابل فراموش ہے

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ صدرالدین مروت جیسے سیاسی کارکن مدتوں بعد پیدا ہوتے ہیں شروع دن سے فکر باچاخان سے وابستہ ہوئے اور مرتے دم تک انتہائی نامساعد حالات کے باوجود اس پر کاربند رہے اے این پی بلوچستان لواحقین کے ساتھ دکھ درد کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرائے نورنگ لکی مروت میں پارٹی کے سابق صوبائی ترجمان صدرالدین مروت کے اہل خانہ سے تعزیت کے موقع پر بات چیت کے دوران کیا مابت کاکا نے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سرانان، دوسو کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

پشین (روح اللہ کاکڑ) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پشین کے عملے نے سرانان کے قریب مزدا ٹرک

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی کی وجہ سے غریبوں کے گھروں میں فاقہ ہو رہے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

وقت آگیا ہے کہ حکومت کیخلاف نکلنا ہوگا، نہ ہی ایک کروڑ گھر بنے حکومت صرف عوام کا خون چوس رہا ہے لوگ مہنگائی کی وجہ سے خودکشیاں کر رہے ہیں

پی ٹی آئی حکومت نے نواز شریف پر کئی کیسز کیے مگر آج تک انکے خلاف ایک ثبوت تک پیش نہ کر سکے، صوبائی صدر مسلم لیگ (ن)

سبی (نمائندہ امروز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی کال پر بلوچستان بھر کی طرح سبی شہر میں بھی بڑھتی ہوئی مہنگائی اور سلیکٹڈ حکومت کے خلاف ریلی نکالی گئی ریلی مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنماء میر اصغر خان مری کی قیادت میں نکالی گئی ریلی میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ، صوبائی رہنماء میر حیدر خان اچکزئی، ڈویژنل رہنماء قربان علی بگٹی سمیت صوبائی وضلعی عہدیداران نے شرکت کی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی نشتر روڈ پر پہنچی ریلی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکنان نے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ میں توہین مذہب کے ملزم وقار احمد کی ضمانت منظور کرلی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں توہین مذہب کے ملزم وقار احمد کی ضمانت منظور کرلی۔ پیر کو کیس کی سماعت جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گلستان، جے یو آئی کے رہنماء مولانا حافظ حمداللہ عظمت قرآن کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جے یو آئی کو ستر سال تک اسٹیبلشمنٹ نے قبول نہیں کیا، مولانا واسع

سیاست میں مداخلت کمر توڑ مہنگائی کشمیر سمیت ملک غیر یقینی صورتحال کی کیفیت میں ہے، صوبائی امیر جے یو آئی

مریم نواز کو دھمکی کے حقائق کو سامنے لایا جائے، پی ڈی ایم ملک میں پارلیمنٹ کے ذریعے تبدیلی کی خواہاں ہے، رکن قومی اسمبلی

پشین (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کو ستر سالوں سے اسٹیبلشمنٹ نے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاق بلوچستان کو اپنے حقوق سے زائد کا حصہ دے رہا ہے، نور محمد دمڑ

بلوچستان کی سیاست ہمیشہ سے ہی شخصیتوں کی محتاج رہی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کا ذمہ دار یہاں کے قوم پرست اور مذہب پرست جماعتیں جنہوں نے اقتدار کے حصول کی خاطر قومیت اور مذہب

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، پولن کی مقدار میں اضافہ، 5 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سلیکٹڈ وزیراعظم نیب کی طرح الیکشن کمیشن کو بھی یرغمال اور غلام بنانا چاہتے ہیں، مریم اورنگزیب

استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے، جس نے سینیٹ اجلاس میں نوٹوں کی منڈی لگائی، اپنی اے ٹی ایمز کو جتوایا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن)

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام خواتین کو تحفظ دیتا ہے، امریکن خاتون اسلام قبول کرنے بنوریہ پہنچ گئی

42 سالہ ٹیفنی کو بنوریہ کے مہتمم مولانا نعمان نعیم نے کلمہ پڑھایا اور مبارکباد پیش کی

کراچی (این این آئی) امریکی ریاست ٹینیسی (Tennessee) سے تعلق رکھنے والی خاتون نے جامعہ بنوریہ میں آکر اسلام قبول

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں آبی ذخائر میں دستیاب پانی کی مقدار کم ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں آبی ذخائر میں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے ڈپٹی چیئرمین مرزا محمد آفریدی کی ملاقات

چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

پشاور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق ڈیرہ اللہ یار میں عوامی ہاؤس کا افتتاح کر رہے ہیں

کورونا کے باعث مردوں کی شرح اموات زیادہ رہیں، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی وبا کورونا وائرس کے حوالے سے جاری این سی او سی کی رپورٹ میں

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پریذائیڈنگ آفیسر حکومت کے اتحادی ہیں، یاسین ترین

حکومت کی جیت عارضی ہے، سینیٹ کا الیکشن عوام کے سامنے چوری کیا گیا

ہرنائی (نامہ نگار) پیپلزپارٹی کے ضلعی صدر محمد یاسین ترین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پریذائیڈنگ آفیسر حکومت کے اتحادی ہیں جو

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز کی ملاقات

عوامی فلاح وبہبود کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے ملاقات کی اور عوامی فلاح وبہبود کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گندم خریداری میں حکومت قیمتوں میں یکسانیت پیدا کرے، پاکستان بزنس فورم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بزنس فورم کا کہنا ہے کہ گندم کی خریداری کے لئے تین مختلف قیمتیں

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیشنل پارٹی کی سوچ و فکر واضح اور غیر متزلزل ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

نیشنل پارٹی کا بنیادی مقصد بلوچ قومی تشخص کی بقا ساحل وسائل کا تحفظ ہے، جمہوری طرز جہد کے ذریعے مقاصد کے حصول پر یقین رکھتے ہیں

سیاست میں وقت وحالات کی نزاکت اور صورتحال کو دیکھ کر آگے بڑھا جاتا ہے اپنے کارکنان وساتھیوں کو بلاوجہ کسی آزمائش میں ڈالنا دانشمندی نہیں

تربت (آن لائن) نیشنل پارٹی کیچ کے ضلعی کنونشن وانتخابات مشکور انور ایڈووکیٹ نیشنل پارٹی کیچ کے صدر اور فضل کریم جنرل سیکرٹری اور یونس جاوید تحصیل تربت کے صدر منتخب تفصیلات کیلئے نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا بنیادی مقصد بلوچ قومی تشخص کی بقا ساحل وسائل کا تحفظ ہے نیشنل پارٹی کی سوچ وفکر واضح اور غیر متزلزل ہے، جمہوری طرز جہد کے ذریعے مقاصد کے حصول پر یقین رکھتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی ضلع کیچ کے کنونشن

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک عبدالولی کاکڑ کیساتھ ہتک آمیز رویہ قابل مذمت ہے، غلام نبی مری

کچلاک میں ملک عبدالولی خان کاکڑ کے خاندان کی پدری اراضیات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، رہنماء بلوچستان عوامی پارٹی

ملک عبدالولی کاکڑ کا تعلق ایک سیاسی گھرانے قبائلی اور علاقے کے معتبر شخصیت سے ہے ان کے ساتھ اس طرح کا ہتک آمیز رویہ اختیار کرنا انہیں دیوار سے لگانے کے سوا کچھ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی ممبر غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں گزشتہ روز کچلاک انتظامیہ کیجانب سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے کچلاک میں بغیر کسی نوٹس اور اطلاع کے ان کے اراضیات پر قائم کھوکھے مسمار

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیراعظم کے معاون شہباز گل پر انڈہ پھینکنے کے بعد پی ٹی آئی کارکنوں کے تشدد سے زخمی ہونیوالے شخص کے سر سے خون نکل رہا ہے

بقیہ 1

ہے بھارت اسلحہ کے دوڑ میں مصروف ہے لیکن پاکستان کو اس حوالے سے پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے امریکہ نے ہمیشہ پاکستان کو دھوکہ دیا انہوں نے کہا کہ دشمن ملک بھارت صوبے میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے عدم استحکام اور بدامنی پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں یہ سب کچھ سی پیک کو خراب کرنے کی سازشیں ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کو کمزور کرنے والوں کے ناپاک عزائم کو ہم ملکر ناکام بنادینگے انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن ضرب عضب شروع کرکے انکی کمر توڑ کر ملک کو امن کا گہوارہ بنادیا جس سے ملک میں ترقی کا سفر شروع ہوا لیکن آج سلیکٹڈ وزیراعظم اپنے غرور میں جتلا ہیں اور صوبے و ملک میں عوام کی زندگی گیاں داؤ پر ایک بار پھر لگ گئی ہیں انہوں نے کہا کہ دشمن بھارت طاق میں ہے ہمیں اپنے اندر اتحاد و اتفاق کے ساتھ اپنے مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اسی لیئے دشمن انہیں جان سے مارنے پر تلا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچ اس دھرتی کے وارث ہیں ہمیں انکی ملک وصوبے سے پیار ومحبت پر کوئی شک نہیں ہے لیکن اگر چند بکے ہوئے افراد بھٹک کر دشمن کے آلہ کار بننے کی کوشش کر رہے ہیں تو انکے خلاف ریاست کو طوقت استعمال کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے پاکستان ہے تو ہم ہیں ہم اپنے جانوں پر کھیل کر ملک کی حفاظت کرینگے انہوں نے کہا کہ ملک موجودہ حکومت کے ہاتھوں میں یرغمال بنا ہوا ہے ہم پی ڈی ایم کی شکل میں موجودہ حکومت کا چلتا 26 مارچ کو کر دینگے انہوں نے کہا کہ حکومت مہنگائی روزگار صحت تعلیم کی فراہمی اور امن کے قیام میں ناکام ہوگئی ہے عوام مشکل حالات میں ہیں جمہوریت آئین اور وفاق کو خطرہ لاحق ہوگیا ہے ملک میں بجلی گیس اور پٹرولیم کی قیمتوں میں ایک ماہ میں تین دفعہ اضافہ ظلم ہے جسے کسی صورت تسلیم نہیں کرینگے اسی لیئے پی ڈی ایم نے مارچ کو مہنگائی مارچ کا نام دیا انہوں نے کہا کہ حکومت نے کشمیر کا سودہ کر لیا ہے بھارت کو سری نگر اور ہمیں مظفرآباد دے کر اسکا فیصلہ عمران خان نے کر دیا ہے جسکے خلاف ہمیں اٹھ کھڑا ہونا پڑیگا۔

بقیہ 2

چیف آفیسر موپسل کمیٹی ہرنائی کے ناروا رویہ اور محلے کے مین راستے پر سرکاری لیٹرینوں کی تعمیر کے خلاف احتجاجی مظاہرہ سے ایکشن کمیٹی کے عہدیداروں اور ممبران سید نصر اللہ شاہ، حاجی نواب خان، سید دلاور شاہ، محسن اکبر، واحد شاہ، حافظ فیض محمد، داد محمد، ایوب خان، ملک غلام نبی، مٹری ہنگورئی، نصیب خان، محمد سلیم، ماسٹر سکندر، خیر محمد، عطاء محمد، محمد افضل، سید محبوب شاہ، میر شید مری، میر ظفر مری، محمد خالد، محمد وسیم، نوراللہ نے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بار بار بابو محلہ ایکشن کمیٹی کی جانب سے مین راستے پر سرکاری لیٹرینوں کے خلاف احتجاج کیا گیا اور سابق ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے ہمارے احتجاج کا نوٹس لیتے ہوئے سرکاری لیٹرینوں کی تعمیر روکنے کا حکم دیتے ہوئے موپسل انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مذکورہ مقام پر لیٹرینوں کے بجائے موپسل کمیٹی کے گاڑیوں کیلئے پارکنگ بنایا جائے اور جیسے ہی سابق ڈپٹی کمشنر ہرنائی کا تبادلہ ہوا تو موپسل کمیٹی ہرنائی کے چیف آفیسر دوبارہ مذکورہ مقام پر سرکاری لیٹرین بنانے کیلئے سرگرم ہے انہوں نے کہا کہ بابو محلے کے عوام کسی بھی صورت سرکاری لیٹرینوں کی اجازت نہیں دینگے انہوں نے کہا کہ محلے کے مین راستہ پر سرکاری لیٹرینوں کی تعمیر سے محلے کے عوام کا جینا محال ہوگا اور تعفن سے محلے میں بیماریاں پھیلے گے انہوں نے صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، صوبائی وزیر بلدیات، سیکرٹری بلدیات، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ، رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین سے اپیل کی ہے کہ ہرنائی کے موجودہ چیف آفیسر ہرنائی کا ہرنائی فوری تبادلہ کرکے ہرنائی موپسل کمیٹی ہرنائی میں ایماندار فرض شناس آفیسر تعینات کرے

بقیہ 3

RCD ہائی وے کے قریب لسبیلہ کے رہائشی محمد اسماعیل نامی ملزم کی تلاشی لیتے ہوئے اس کے ذاتی قبضے سے 2.500 کلو گرام میتھ ایمفیٹامائن برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا تمام مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت اے این ایف کے متعلقہ تھانوں میں درج کر لئے گئے ہیں جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 4

محمد اسماعیل جلازئی نے کی، جبکہ واک میں والدین، اساتذہ، سول سوسائٹی سکول کے بچوں نے حصہ لیا، واک کے دوران بچوں نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز اٹھار کھے تھے، جن پر اپنے بچوں کو سکول میں داخل کرنے کے نعرے درج تھے، آگاہی واک شہد شیر محمد گورنمنٹ ہائی سکول مچان سے شروع ہو کر گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول پر اختتام پذیر ہوئی جہاں پر داخلہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفسر عبدالواسع کاکڑ، اسماعیل جلازئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن محمد زمان ترین، پرنسپل گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول پشین کلیم اللہ، پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول مچان باز محمد اور دیگر نے خطاب کیا، مقررین کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، معاشرے میں ایک بچے کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا ترقی کے مترادف ہے، انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر انسان چاہے وہ آمیر ہو یا غریب مرد ہو یا عورت کا بنیادی ضرورت میں سے ایک ہے، انہوں نے کہا کہ یہ انسان کا حق ہے جو کوئی اسے چھین نہیں سکتا، تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کیلیے ترقی کی ضامن ہے، مقررین نے کہا کہ تعلیم قوموں کی ترقی، جبکہ بہرہ روی زوال کی وجہ بنتی ہے مقررین نے کہا کہ تعلیم وہ زیور ہے جو انسان کا کردار سنوارتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے سے جہالت کا خاتمہ اور شرح خواندگی میں اضافہ کیلیے انقلابی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ انسان کو انسانیت سے دوستی کیلیے اخلاقی تعلیم بھی بے حد ضروری ہے اسی تعلیم کی بدولت زندگی میں خدا پرستی عبادت محبت خلوص خدمت خلق اور ہمدری کے جذبات پیدا ہوتے ہیں، اخلاقی تعلیم کی وجہ سے صالح اور نیک معاشرہ کی تشکیل پاتی ہے انہوں نے کہا کہ اس واک کے مقصد لوگوں شعور اجاگر کرنا تھا کہ وہ اپنے بچوں پر توجہ دیں اور انکو سکول میں داخل کریں اس مہم کو گلی گلی گھر گھر تک پھیلانا ہے تا کہ کوئی بچہ زیور تعلیم سے محروم نہ رہ سکے۔

بقیہ 5

بلوچستان کے مشیر وصوبائی وزیر لیبر و مین پاور محمد خان لہڑی، میر دینار خان ڈوکی پر مشتمل تھا۔ دورہ کے موقع پر چاروں محکمہ کے سیکریٹریز بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق کچھی واٹر سپلائی اسکیم تقریبا ڈھائی ارب روپے کی خطیر رقم سے دوسال قبل مکمل ہونا تھا لیکن بدقسمتی سے یہ میگا پروجیکٹ ابھی تک مکمل نہ ہوسکا۔ اس سلسلے میں کچھی واٹر سپلائی فیز نو تال تا بختیار آباد مین پائپ لائن کی اپروول کے لئے صوبائی وزراء پر مشتمل کمیٹی نے دورہ کیا۔ کمیٹی میں بلوچستان حکومت کے صوبائی پارلیمانی لیڈر وزیر تعلیم سردار یار محمد رند، صوبائی وزیر پی ایچ ای نور محمد دمڑ،

وزیراعلی بلوچستان کے مشیر وصوبائی وزیر لیبرو مین پاور محمد خان لہڑی، میر دینار خان ڈوکی پر مشتمل تھا۔ دورہ کے موقع پر چاروں محکمہ کے سیکریٹریز بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر آغا نور احمد نے کمیٹی کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر پی ایچ ای نور محمد دومڑ نے کہا ہے کہ صوبائی پارلیمنٹ نے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ جس کی وجہ سے ہم یہاں پر کچھی فیز 2 کی پی سی ون نوتال تا بختیار آباد چیک کرکے رپورٹ دیں گے انہوں نے کہا کہ بھاگناڑی میں پانی کا بڑا مسئلہ ہے۔ جس پر سپریم کورٹ نے نوٹس لیا تھا سردار یار محمد رند نے جو بھی تجاویز دی ہیں وہ نوٹ کر لیے گئے ہیں۔ جس پر کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ اس موقع پر معاون خصوصی وزیراعظم پاکستان، صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا کہ بھاگ کی عوام پینے کے صاف پانی کے لیے سخت پریشانی کا شکار ہے۔ اپنے بنیادی حق پینے کے پانی کیلیے یہاں کے لوگوں نے سینکڑوں میل بھاگ تا کوئٹہ پیدل لانگ مارچ بھی کیا مگر ابھی تک ان کو پانی کی سپلائی نہ کرنا محکمہ پی ایچ ای کے لئے سوالیہ نشان ہے۔ بھاگ کے عوام کو پانی کی سپلائی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اللہ یار سے کوئٹہ تک نیشنل ہائی وے این 65 کو ڈبل کیا جانا چاہئے۔ سنگل روڈ ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں۔

بقیہ 6

پولیس پہنچ گئی۔ جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے ایمبولینس نہ ملی تو پولیس موبائل میں ہی لاشوں کو رکھ دیا۔ لاشوں کو سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔ حادثے کی وجہ تیز رفتاری بتائی جارہی ہے۔

بقیہ 7

اینگل فورس کو فعال بنایا جائیگا بی ایریا ختم ہونے کے باعث لسبیلہ میں پولیس کے پاس 1500 اسکوائر کلومیٹر ایریا ہوگیا ہے جو کہ موجودہ پولیس نفری اور دیگر وسائل کے اعتبار سے زیادہ ہے جس سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلیے لسبیلہ میں آٹھ رہائشی ہوٹلوں میں ڈیجیٹل سافٹ ویئر متعارف کرادیا گیا ہے۔ جس میں 1.6 ملین کریمنل ریکارڈ موجود ہے اوتھل، بیلہ، ونڈر اور ساکران میں زرعی فارموں پر کام کرنے والے ہاریوں کا ڈیٹا اکٹھا کرنے کیلیے اقدامات کیے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں اوتھل کے سینئر صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا طارق الٰہی مستوئی نے کہا کہ ہمارا نصب العین منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنا ہے جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے حب کراچی کے سنگم پر ہونے کی وجہ سے یہاں جرائم پیشہ افراد آسانی سے پناہ لے لیتے ہیں لیکن اسکے باوجود ماضی کی نسبت حب میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہے حب میں کوئی نو گوایریا نہیں تمام علاقوں میں پولیس کی رٹ قائم ہے لسبیلہ میں دیہاتی اور شہری کرائم پیٹرن ہے حب لسبیلہ کے دیگر علاقوں سے مختلف ہے کیونکہ یہ انڈسٹریل علاقہ ہے جہاں پر دیگر علاقوں کے لوگ رہائش پذیر ہیں شہر میں موبائل فون چھننے کی وارداتیں وغیرہ ہوتی ہیں اور اندرون بلوچستان وسندھ کے جرائم پیشہ افراد حب میں آکر با آسانی پناہ لے لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ پولیس موبائل خدمت مرکز کا قیام بہت جلد عمل میں لایا جارہا ہے جس کے تحت ایک گاڑی میں پورا پولیس اسٹیشن ہوگا اس سے شہریوں کو جرائم کی فوری اطلاع دینے میں مدد ملے گی طارق مستوئی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ لسبیلہ میں بی ایریا کے خاتمے کے بعد پولیس کے پاس ڈھائی ہزار اسکوائر کلومیٹر سے پندرہ سو اسکوائر کلومیٹر سے زائد کا علاقہ آچکا ہے۔ جس سے ہماری مشکلات میں اضافہ ہوا ہے کیونکہ پولیس کے پاس نفری اور دیگر وسائل کی کمی ہے لیکن میری کوشش ہے کہ دستیاب وسائل سے ان مشکلات پر قابو پایا جاسکے بی ایریا کے خاتمے کے بعد نئے تھانے جن میں دور افتادہ دریجی، کنراج، لاکھڑا اور لیاری شامل ہیں میں کوئی سہولت میسر نہیں اس حوالے سے اپنے بالا افسران کو آگاہ کردیا ہے انہوں نے کہا کہ اگر موجودہ تھانیداروں نے کارکردگی نہ دکھائی تو انکی جگہ نئے لوگوں کو آگے لایا جائیگا میں روایتی افسر بننے کی بجائے کارکردگی کی بنیاد پر کام کرنا پسند کرتا ہوں پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کرتے ہوئے نئے سال 2021ء کی تمام ایف آئی آر کمپیوٹرائزڈ کردی گئی ہیں گزشتہ دنوں اوتھل میں قتل ہونے والے شخص کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا گیا جو کہ پولیس کی کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 8

مسترد کردی۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ زمین کی ملکیت کا فیصلہ سول کورٹ ہی کرے گی۔ وکیل فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ ہسپتال میں مریض ہیں انکو منتقل کرنے کیلیے ایک ماہ کی مہلت دی جائے، ہسپتال کی زمین ملکیتی زمین ہے اس کا تجاوزات سے کوئی تعلق نہیں۔ جسٹس عمر عطاء بندیال نے کہا کہ تجاوزات کے معاملے پر نرم رویہ نہیں رکھا جائے گا، انکروچمنٹ کے معاملات میں راستہ نہیں کھولنا چاہیے۔ عدالت نے کہا کہ درخواست گزار ملکیت کے معاملے پر سول کورٹ سے رجوع کر سکتا ہے، سول کورٹ ہائیکورٹ کے حکم سے متاثر ہوئے بغیر درخواست کا فیصلہ کرے گی، سندھ ہائیکورٹ نے ضلعی بھر میں تجاوزات ختم کرنے کا حکم دیا تھا، سندھ ہائیکورٹ کے حکم کی روشنی میں سکھر انتظامیہ نے حرا میڈیکل سینٹر کو عمارت گرانے کو نوٹس بھیج رکھا ہے۔

بقیہ 9

گی، جبکہ صوبے میں شادی ہالز اور ریسٹورنٹس میں تقریبات پر مکمل پابندی ہوگی۔ اس کے علاوہ شادی کی تقریبات کھلے مقامات پر کی جاسکیں گی، کھلے مقامات پر تقریبات میں 300 افراد کو شرکت کی اجازت ہوگی۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ صوبے میں ہر قسم کے ثقافتی پروگرامز اور کھیلوں کے انعقاد پر پابندی ہوگی، جبکہ مزارات اور سینما گھر بند رہیں گے، پبلک پارکس کو بھی شام 6 بجے بند کر دیا جائے گا۔ انتظامیہ کے حکم نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ حفاظتی ماسک اور سماجی فاصلے پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے، صوبہ بھر میں ریسٹورینٹ کے اندر کھانا کھانے پر پابندی عائد ہوگی۔

بقیہ 10

، صدر مملکت کی سینیٹر شبلی فراز اور سینیٹر ثمینہ ممتاز کو بھی سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ صدر مملکت نے کہا کہ امید ہے کہ چیئرمین سینیٹ ماضی کی طرح اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے انجام دیں گے۔ صدر مملکت نے چیئرمین سینیٹ اور سینیٹرز کیلیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 11

سے وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل کی بائیں آنکھ متاثر ہوگئی۔ معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل کا لاہور کے میو ہسپتال میں چیک اپ کیا گیا۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ سیاہی میں موجود کیمیکل نے شہباز گل کی آنکھ میں انفیکشن کردیا۔ ڈاکٹرز نے شہباز گل کی بائیں آنکھ پر ٹریٹمنٹ کے بعد پٹی لگادی۔

بقیہ 12

میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

وزیراعظم کا کہنا تھا پاکستان کو مختلف چیلنجز درپیش ہیں اس میں سب سے بڑا خوراک کا تحفظ ہے ایک وقت تھا کہ ہم گندم برآمد کرتے تھے اور گزشتہ 2 سال کے عرصے میں پہلے ہم نے 30 لاکھ ٹن گندم درآمد کی اور اس مرتبہ 40 لاکھ ٹن گندم درآمد کی گئی اور اسی طرح چینی بھی درآمد کرنی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ زیتون کی پیداوار کے اثرات صرف خیبرپختونخوا تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ اس کا اثر پورے پاکستان پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا مسئلہ زرمبادلہ کے ذخائر کا ہے، ہم دنیا سے جو درآمد کرتے ہیں اور جو دنیا کو برآمد کرتے ہیں اس میں بہت فرق ہے جواب کم ہوگیا ہے تاہم جب حکومت ملی تھی تو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا خسارہ درپیش تھا، 60 ارب ڈالر کی درآمد کرتے تھے اور برآمدات کا حجم صرف 20 ارب ڈالر تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ابھی ہماری برآمدات بڑھی ہیں اور درآمدات ہم نے کم کی ہیں لیکن یہ بھی ہمارے لیے بہت بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو درپیش تیسرا سب سے بڑا مسئلہ ماحولیاتی تبدیلی ہے، پاکستان بدقسمتی سے ان 10 ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آبادی بڑھ رہی ہے اور دنیا میں دوسری سب سے بڑی نوجوان آبادی ہے انہیں روزگار فراہم کرنا ہے یہ بھی بہت بڑا چیلنج ہے، شہروں میں آلودگی بڑھ رہی ہے۔

بقیہ 13

ریٹ دیے رے ہے وہ تاجروں کو قبول نہیں ہم نے کئی بار حکومت کو سمجھانے کی کوشش کی کہ چھ سو نوے روپے فٹ کے حساب سے ہم یہ رقم نہیں لینگے اس ریٹ پر تو دور شہر کے کسی کونے پر بھی زمین نہیں ملتا ہے تاجروں نے یہ زمین جب لی تھی اس وقت بھی زمین کا قیمت جو حکومت دے رہا ہے اس وقت بھی اتنے کم قیمت میں بھی نہیں ملتا تھا اور اجکل سریاب روڈ پر کمرشل پراپرٹی تیس ہزار روپے فی فٹ ہے جبکہ رہائشی بیس ہزار روپے فی فٹ ہے سریاب روڈ کی تاجروں کو سرکاری زمین پر دوکانات دی جائیں تا کہ دوکاندار اپنے کاروبار کر سکے ہم کسی صورت موجودہ ریٹ کو قبول نہیں کرینگے اور بہت جلد احتجاج کا راستہ اختیار کرینگے جس میں مظاہرے اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کیا جائے گی سریاب روڈ کے تمام تاجر احتجاج کے لیے تیاری کرلے جب مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کال کرے گی تو تمام تاجر بھرپور انداز میں شرکت کررے تا کہ حکومت معاوضہ بڑھے۔

بقیہ 14

معاونین سمیت صوبائی چیف سیکرٹریز اور دیگر حکام نے شرکت کی، اجلاس میں ملک میں ضروری اشیاء کی قیمتوں کے رجحان کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری خزانہ نے نیشنل پرائس کمیٹی کو مہنگائی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں 0.57 فیصد کمی ہوئی جبکہ اشیائے ضروریہ میں سے 26 کی قیمتوں میں اضافہ اور 7 میں کمی ہوئی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے حکام نے ملک میں چینی کی قیمتوں پر اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کل چینی اور گندم کی درآمد سے آئندہ ہفتوں میں قیمتوں میں کمی آئے گی، گھی اور خوردنی تیل کی دستیابی اور قیمتوں کا بغور جائزہ لے رہے ہیں، رواں سال میں چینی کے مطلوبہ ذخائر کے حصول کا عمل جاری ہے، رمضان المبارک میں 19 اشیاء پر سبسڈی دی جائے گی۔ سیکرٹری خوراک وزراعت نے بتایا کہ ملک بھر میں گندم کے وافر ذخائر موجود ہیں، روزانہ سپلائی بھی جاری ہے جس پر کمیٹی نے صوبوں میں آٹے کی ارزاں نرخوں پر طلب کے مطابق فراہمی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پنجاب اور سندھ میں چینی کی قیمتیں زائد ہیں جبکہ کمیٹی نے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلیے ٹھوس اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ اس موقع پر وزیر خزانہ حفیظ شیخ نے ہدایت کی کہ اشیائے ضروریہ کے ذخائر، مارکیٹ میں فراہمی اور صارفین کے مفادات کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15

فیصلہ سنایا، مقامی افراد کو ووٹ نہ ڈالنے دینے کا موقف بھی بالکل غلط ہے۔ جواب میں کہا گیا کہ جن 54 پولنگ اسٹیشنز سے شکایات موصول ہوئیں وہاں کوئی امن وامان کا مسئلہ نہیں ہوا، ڈی ایس پی ڈسکہ کے چھٹی پر ہونے کے باعث ذوالفقار ورک کو اضافی چارج دیا گیا، ڈی پی او سیالکوٹ نے خود پولیس افسران کی مختلف تھانوں نے ڈیوٹی لگائی تھی۔ دوسری جانب مسلم لیگ (ن) کی امیدوار نوشین افتخار نے اپنے جواب میں کہا کہ 20 پریذائیڈنگ افسران کا غائب ہونا تشویشناک عمل ہے، حلقے کے عوام کو حق رائے دہی سے روکا گیا لہٰذا عوام کو ووٹ ڈالنے سے روکنا غیر جمہوری عمل ہے۔ تحریری جواب میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کا حلقے میں دوبارہ انتخابات کرانے کا فیصلہ درست ہے۔

بقیہ 16

سینیٹ انتخابات میں پھر منڈیاں لگیں، دوسری جماعتوں کو بھی الیکشن کمیشن پر تحفظات ہیں، کوئی بھی جماعت ای سی پی سے خوش نہیں، وزیراعظم سینیٹ الیکشن کی شفافیت کے لیے چاہتے تھے کہ اوپن بیلٹ کے ذریعے ہو، عمران خان کرکٹ میں بھی نیوٹرل امپائر لے کر آئے، الیکشن کمیشن کو نیوٹرل ہونا چاہیے، الیکشن کمیشن کے خلاف کوئی ریفرنس دائر نہیں کریں گے۔ یہ مطالبہ پیر کو وفاقی وزراء سینیٹر شبلی فراز، شفقت محمود اور فواد چوہدری نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے معاون خصوصی شہباز گل پر سیاہی اور انڈے پھینکنے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہباز گل کے ساتھ جو ہوا ہے، اگر یہ اسی طرح چلتا رہا تو سیاست ایک حد سے بڑھ کر تشدد پر آ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ وہ سیاست کو کس طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں، اس کلچر کو فروغ دینے کا جو وطیرہ بنایا گیا ہے اس کو ختم کریں اور سیاست کو سیاست سمجھ کر کریں۔ سینیٹ الیکشن کے بارے میں وزیراعظم عمران خان کا بڑے عرصے سے یہ مطالبہ تھا کہ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان کی سیاست میں پیسے وغیرہ کی سرگرمیوں کو ختم ہوں تو اس کا ایک ہی طریقہ ہے کہ سینیٹ الیکشن اوپن بیلٹ کے ذریعے ہو۔ انہوں نے کہا کہ 2015 میں جب نواز شریف نے اوپن بیلٹ کا قانون لانے کی کوشش کی تو وزیراعظم نے مسلم لیگ (ن) سے سیاسی اختلافات کے باوجود اس کا خیر مقدم کیا کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری سیاست صاف وشفاف ہو۔ انہوں نے کہا کہ 2018 میں پھر منڈیاں لگیں اور تحریک انصاف واحد پارٹی ہے جس نے اپنے اراکین کے خلاف ایکشن لیا جن کے بارے میں پتہ چلا کہ انہوں نے پیسے کی لین دین کی۔ انہوں نے کہا کہ 2021 کے سینیٹ انتخابات کے لیے بھی ہم نے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جس پر اعلیٰ عدلیہ نے کہا کہ اگر آپ نے ووٹنگ کا طریقہ کار بدلنا ہے تو اس کے لیے آئینی ترمیم ہونی ضروری ہے تاہم انہوں کچھ اور بھی ہدایت اور 218(3) کا حوالہ دیا جو اس بارے میں بڑی واضح ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ یہ شق کہتی ہے کہ یہ الیکشن کمیشن کا یہ فرض ہوگا کہ وہ انتخاب کا انتظام کرے اور اسے منعقد کرائے اور ایسے

انتظامات کرے جو اس امر کے اطمینان کیلیے ضروری ہوں کہ انتخاب ایمانداری، حق اور انصاف کے ساتھ اور قانون کے مطابق منعقد ہو اور یہ کہ بدعنوانی کا سدباب ہوسکے۔

بقیہ 17

درمیان میثاق ہے، آصف علی زرداری نے 18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے وفاق سے صوبوں شکوے ختم کئے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں ووٹ پر ڈاکا مارنا سینیٹ کے وقار پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کٹھ پتلی اور ووٹ چور حکومت کی سینیٹ میں مزاحمت کرینگے۔

بقیہ 18

زمین کوڑیوں کے دام خریدی جائے یہ اقدامات قابل قبول نہیں قانونی عمل کو مکمل کرکے مالکان کو موجودہ ریٹ کے مطابق ادائیگی کی جائے تا کہ کسی بھی تاجر کا استحصال نہ ہو بیان میں کہا گیا کہ بی این پی تاجروں کے ساتھ اپنائی گئی روش کی مذمت کرتی ہے صوبائی حکومت کے ارباب و اختیار اور ضلعی انتظامیہ ناانصافی کرنے کی بجائے موجودہ ریٹ کے مطابق مالکان کو ادائیگی کی جائے تا کہ وہ کہیں اور جا کر تجارت کر سکیں اس کے برعکس بی این پی نے ہمیشہ عوام کی آواز بن کر جدوجہد کی اب بھی سریاب روڈ متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں ان کی اخلاقی حمایت کرتے ہوئے ان کے حقوق کیلیے آواز بلند کریں گے۔

بقیہ 19

سکیورٹی ایجنسیز اور سیاسی نمائندوں نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی۔ نجی ٹی وی کے مطابق تحریری جواب میں الیکشن کمیشن نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ امن وامان کی صورتحال کنٹرول کرنے میں ناکام رہی۔ ضلعی انتظامیہ کی ناکامی کی وجہ سے انتخابات کے دن سنگین تشدد کے واقعات دیکھنے میں آئے۔ امن وامان کے پیش نظر ڈسکہ میں تقرریوں اور تبادلوں پر پابندی عائد کر رکھی تھی۔ جواب میں کہا گیا کہ پابندیوں کے باوجود ذوالفقار ورک کو ڈی ایس پی ڈسکہ کی اضافی ذمہ داری دی گئی۔ ڈی ایس پی ڈسکہ ذوالفقار ورک الیکشن کمیشن کے طلب کرنے پر پیش نہیں ہوئے۔ ڈی ایس پی ڈسکہ ذوالفقار ورک سے 6 فروری کو چارج لے کر مظہر گوندل کو سونپا گیا۔ ذوالفقار ورک کو دوبارہ سینٹرل سرکل انچارج ڈسکہ کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔ الیکشن کمیشن کے عہدیدار نے بتایا کہ 40 حلقوں میں انتخابات کے دوران حالات خراب ہوئے۔ قتل اور فائرنگ واقعات سے متعلق الیکشن کمشنر نے آئی جی اور چیف سیکرٹری پنجاب کو خط لکھا۔ تحریری جواب میں کہا کہ پنجاب حکومت نے ڈسکہ انتخابات میں الیکشن کمیشن کے ساتھ تعاون نہیں کیا جس کے بعد الیکشن کمیشن نے انتخابات کالعدم قرار دے کر 10 اپریل کو دوبارہ انتخابات کرانے کا اعلان کیا۔ خیال رہے کہ پی ٹی آئی امیدوار علی اسجد ملہی نے این اے 75 ڈسکہ میں دوبارہ انتخابات کرانے کے فیصلے کو عدالت میں چیلنج کیا ہے۔ پی ٹی آئی امیدوار علی اسجد ملہی نے سپریم کورٹ جمع کرائے گئے تحریری جواب میں کہا کہ الیکشن کمیشن کا امن و امان کی صورتحال خراب ہونے کا موقف درست نہیں ہے۔ بدمزگی کا ذمہ دار انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ٹھہرانا غلط ہے۔ الیکشن کمیشن نے بغیر انکوائری کیے اپنا فیصلہ سنایا۔ پی ٹی آئی امیدوار علی اسجد ملہی نے کہا ہے کہ مقامی افراد کو ووٹ نہ ڈالنے دینے کا موقف بھی بالکل غلط ہے۔ جن 54 پولنگ اسٹیشنز سے شکایات موصول ہوئیں وہاں کوئی امن وامان کا مسئلہ نہیں ہوا۔ انہوں نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ ڈی ایس پی ڈسکہ کے چھٹی پر ہونے کے باعث ذوالفقار ورک کو اضافی چارج دیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے خود پولیس افسران کی مختلف تھانوں نے ڈیوٹی لگائی تھی۔ پی ٹی آئی کے امیدوار نے درخواست میں تحریر موقف اختیار کیا ہے کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ آرٹیکل 10 اے کی خلاف ورزی ہے۔ الیکشن کمیشن نے قواعد وضوابط کو بالائے طاق رکھ کر فیصلہ دیا۔ علی اسجد ملہی کا درخواست میں کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن نے دستیاب ریکارڈ کا درست جائزہ نہیں لیا، حلقے میں دوبارہ انتخابات کا کوئی جواز نہیں ہے۔

بقیہ 20

نے یہاں پر قبضہ جمار کھا ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کی سیاست سے عوام خوش اور مطمئن نہیں ہیں۔ حکومت اب تک لوٹی ہوئی دولت کا ایک دھیلا بھی باہر سے واپس نہیں لاسکی ہے۔ انگریزوں سے مجاہدوں کے سروں کی قیمت وصول کرنے والے، ان کے کتے نہلانے والے اور ان کی چاکری کرنے والے آج بھی پاکستان کے حکمران ہیں۔ ہمارے حکمران آج بھی مغرب کی وفاداری کا دم بھرتے ہیں۔ ان حکمرانوں کی نہ سوچ پاکستانی ہے اور نہ کردار۔ یہ احساس کمتری کے مرض میں مبتلا ہیں اور مغرب کی اندھی نقالی کرتے ہیں۔ پاکستان کی پالیسیاں مغرب سے درآمد کی جاتی ہیں جو کہ پاکستان کے عوام کے دلوں کی آواز نہیں ہے۔ دھمکی کی سیاست کرنے کی بجائے ملک کو آئین اور قانون کے مطابق چلایا جائے۔ پاسبان اسٹیئرنگ کمیٹی کی آن لائن میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے اقبال ہاشمی نے مزید کہا کہ سیاست دان "رام رام جپنا پرایا مال اپنا" پر کام کر رہے ہیں۔ انہیں غریب عوام سے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔ عام آدمی کو طب اور تعلیم کی بنیادی سہولیات تو کیا پیٹ بھر کر کھانا میسر نہیں۔ دالیں بھی عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہیں جسے کبھی غریب آدمی کے لئے گوشت کا درجہ حاصل تھا۔ سیاست دان سینیٹ الیکشن میں مال بناتے ہیں اور یہ پیسہ بالآخر عوام کی جیب سے ہی نکالا جاتا ہے۔ حکومت اجتماعی کے بجائے انفرادی طور پر ایک ایک کرپٹ شخص کو این آر او دے رہی ہے۔ عوام کی یادداشت میں سابق صدر زرداری اور سابق وزیراعظم نواز شریف کی کرپشن ومنی لانڈرنگ کے تمام قصے محفوظ ہیں مگر دونوں آزاد اور عیش وعشرت کی زندگی گذار رہے ہیں اس سے بڑا اور کیا این آر او ہوگا؟ ریاست کے ذمہ داروں کو سوچنا چاہئے کہ ملک عوام سے قائم رہتے ہیں اور اس وقت عوام سخت اذیت میں مبتلا ہیں۔ ملک کو آئین اور قانون کے مطابق چلایا جائے تا کہ ملک سے چوروں کا صفایا کیا جاسکے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جاسکے

بقیہ 21

ہوئے کہا کہ ہمارا عزم ہے کہ محکمہ ترقی نسواں میں شامل ہونے والے اداروں کو مکمل خوش اسلوبی سے چلائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اداروں کا آپسی تعلق بنتا ہے، خواتین کے امور سے متعلق بیشتر مقدمات میں دونوں اداروں کے درمیان فاصلے سے کئی بار پریشانی کا سامنا رہتا تھا تاہم اب ان اداروں کے انضمام سے باہمی رابطہ مزید مضبوط ہوگا اور تمام کام با آسانی ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں سندھ بھر میں پوری مستعدی سے اپنے فرائض انجام دے رہا ہے اور ہمارا عزم ہے کہ مستقبل میں بھی محکمے کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل دونوں ادارے محکمہ سماجی بہبود سندھ کے زیر انتظام تھے۔

بقیہ 22

انٹرویو میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کیلیے پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدوار یوسف رضا گیلانی کامیاب ہو جاتے تو شبہ نہیں

تھا کہ عبدالغفور بھی کامیاب ہو جاتے۔ احسن اقبال نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کے لیے اپوزیشن نے متحد ہو کر ووٹ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سینیٹرز میں کسی قسم کی بداعتمادی نہیں ہے۔

بقیہ 23

ہزار سے 35 ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) کے مطابق اسلام آباد میں اسمارٹ لاک ڈاؤن الیون ون، آئی ایٹ فور اور آئی ٹین ٹو میں کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اسلام آباد نے بتایا کہ ماسک کے استعمال کے لیے دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا، ماسک نہ پہننے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ دفعہ 144 کا نفاذ 2 ماہ کے لیے کیا گیا ہے، اس کی خلاف ورزی پر ایک سے 35 ہزار روپے تک جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب اسلام آباد کے تعلیمی اداروں میں کورونا وائرس کے باعث چھٹیاں کردی گئی ہیں، چھٹیاں 15 مارچ سے 28 مارچ تک دی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق جن تعلیمی اداروں میں امتحانات ہورہے ہیں وہ کھلے رہیں گے۔

بقیہ 24

خاتون اور 7 افغانیوں سمیت 42 ملزمان کو حراست میں لیکر 17 گاڑیاں بھی تحویل میں لے لی گئیں۔ برآمد شدہ منشیات میں 350.400 کلو گرام چرس، 4.681 کلو گرام ہیروئن 65.200 کلو گرام افیون، 2.352 کلو گرام ایمفیٹامائن، 2.620 کلو گرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس)، 2500 عدد الپیر ازولام (Al Parazolam) گولیاں، 150 عدد ڈیزیپام (Diazepam) گولیاں، 2180 عدد کلونزیپام (Colanzepam) گولیاں، 1200 عدد کلومپرامائن ایچ سی ایل (HCL Clomipramine) گولیاں اور 2200 عدد پسیوڈوفیڈرائن (Pseudoephedrine) گولیاں شامل ہے۔ اے این ایف بلوچستان پولیس اسٹیشن کوئٹہ نے سریاب روڈ کوئٹہ پر واقع سدا بہار کوچ ٹرمینل سے 2.500 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ دوسری کارروائی میں پولیس سٹیشن کوئٹہ نے سدا بہار بس ٹرمینل ضلع کوئٹہ کے قریب سے ایک موٹر سائیکل سمیت 16 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ تیسری کارروائی میں پولیس سٹیشن حب نے ضلع لسبیلہ، اوباز ہوٹل مین RCD ہائی وے کے قریب لسبیلہ کے رہائشی محمد اسماعیل نامی ملزم کی تلاشی لیتے ہوئے اس کے ذاتی قبضے سے 2.500 کلو گرام میتھ ایمفیٹامائن برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا۔

بقیہ 25

احمد جان نعیمی، علامہ سید فرحان شاہ نعیمی، علامہ سید اکبر الحق شاہ، علامہ عبدالحفیظ نعیمی، علامہ ظہیر احمد نعیمی و دیگر کی قیادت میں بلیر میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے ریاستی اداروں سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار اس طرح سے سڑکوں پر آکر شعائر اسلام کا مذاق اڑایا گیا ہے۔ انہوں نے حقوق نسواں کی آڑ میں دین اسلام کے خلاف نکلنے والے مارچ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ اور محسن انسانیت رسول خداؐ کی شان میں گستاخی کو کوئی بھی غیرت مند مسلمان برداشت نہیں کر سکتا، انتظامیہ فوری طور پر نام نہاد لبرل عورتوں اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ مفتی نذیر احمد جان نعیمی نے کہا کہ اسلام امن کا درس دیتا ہے اور ہم پرامن طور پر گستاخی کرنے والی تمام خواتین کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں، یہ ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے یہاں پر اللہ اور اس کے رسول کا حکم چلے گا، یہود ونصاریٰ کی پالتو این جی اوز کو کسی بھی صورت میں کھلی چھوٹ نہیں دی جاسکتی، اگر حکومت وقت نے اقدامات نا اٹھائے تو ہم سخت گیر احتجاج کرنے پر مجبور ہوجائیں گے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ریاستی اداروں کی خاموشی اور بروقت کارروائی نہ کرنا سوالیہ نشان ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے حکمران فوری طور پر کارروائی کا آغاز کریں گے اور ہمیشہ کے لیے دین اسلام کے خلاف نکلنے والے مارچ پر پابندی عائد کریں گے۔ اس موقعے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مفتی نذیر احمد جان نعیمی و دیگر کا کہنا تھا کہ توہین رسالت کسی صورت بھی برداشت نہیں کی جائے گی، حکومت عورت مارچ کی آڑ میں نبی کریمؐ اور ام المومنین کی شان میں گستاخی، بیہودگی کے مظاہرے اور فرانسیسی پرچم لہرائے جانے کا نوٹس لے اور مرتکبین کے خلاف فوری تادیبی کارروائی عمل میں لائے، متعلقہ ڈپٹی کمشنرز جن کی اجازت اور سرپرستی میں یہ سب کچھ کیا گیا ان کو برطرف کیا جائے۔ انہوں نے تمام عاشقان رسول سے جماعتی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر متحد ہونے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ تمام عاشقان رسول کو چاہئے کہ بیدار ہوجائیں اور اکٹھے ہو کر توہین رسالت پر احتجاج ریکارڈ کروائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عورت مارچ کی لیڈروں کو فوری گرفتار کرکے عبرت ناک سزا دی جائے۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ گستاخیء رسول کی مرتکب ملعون خواتین کو فوری گرفتار نہ کیا گیا تو عاشقان رسول شدید ترین احتجاج کے لئے سڑکوں پر آئیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں یہ سب کچھ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کیا جارہا ہے، تا کہ مسلمانوں کے غیرت ایمانی کو ناپا تولا جائے، ایسی صورت میں حکومت کو فوری حرکت میں آنا چاہئے

بقیہ 26

سینیٹ چیئرمین کا انتخاب ہارنے کے بعد پیپلز پارٹی نے نتائج چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا تھا، اس سلسلے میں پیپلز پارٹی نے آئینی پٹیشن کا مسودہ تیار کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی لیگل ٹیم نے آصف علی زرداری کو آئینی مسودے پر بریفنگ دی، پی پی قیادت نے مجوزہ پٹیشن کے مسودے کی منظوری دے دی۔ پی پی آرٹیکل 199 کے تحت چیئرمین سینیٹ الیکشن نتائج چیلنج کریگی اور اس سلسلے میں منگل یا بدھ کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کی جائے گی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی لیگل ٹیم نیئر بخاری، فاروق ایچ نائیک، اور لطیف کھوسہ پر مشتمل ہے، واضح رہے کہ چیئرمین سینیٹ انتخاب میں 7 ووٹ مسترد کرنے کا عمل چیلنج کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ دو دن قبل چیئرمین سینیٹ الیکشن کے نتائج عدالت میں چیلنج کرنے کے لیے فاروق ایچ نائیک نے ایک درخواست تیار کی تھی، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ نام پر مہر لگانا مسترد نہیں کیا جاسکتا، 7 مسترد ووٹوں کو گیلانی کے حق میں شامل کیا جائے تو 49 ووٹ بنتے ہیں، جان بوجھ کر ووٹوں کو نام کے اوپر مہر لگنے پر اعتراض کیا گیا، مسترد ووٹوں کو گیلانی کے حق میں کاؤنٹ کرنے سے گیلانی جیت جائیں گے۔

بقیہ 27

کے حملے میں زخمی ہونے والوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ملک دشمن عناصر شہر کا امن وامان تباہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں شہید ہونے والے اہلکار کو سلام پیش کرتا ہوں، ہمارے اداروں نے بے پناہ قربانیاں دے کر شہر میں امن قائم کیا ہے اور دشمنوں کی اس طرح کی حرکتوں سے ہمارے جوانوں کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیوں سے جوانوں کے حوصلے

مزید بلند اور مضبوط ہوتے ہیں۔

بقیہ 28

عبدالرحیم ترین، ظاہر خان دمڑ، عباس لہڑی، ملک مصطفیٰ کاکڑ و دیگر بھی موجود تھے۔ قبل ازیں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے بلوچستان میں 17 سال بعد 23 مارچ سے شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے آل پاکستان ہاکی ٹورنامنٹ کے انتظامات اور اسٹیڈیم میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور کھلاڑیوں سے ملاقات کی، انہوں نے کھلاڑیوں کی کوچنگ کرتے ہوئے انہیں اپنی فٹنس مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی اور اپنے تجربات سے انہیں آگاہ کیا۔ دورے کے موقع پر اسٹیڈیم کے منتظمین نے انہیں آل پاکستان ہاکی ٹورنامنٹ کے انعقاد اور اب تک ہونے والی پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی۔ کھلاڑیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ بلوچستان ہاکی ایسوی ایشن کی جدوجہد کے نتیجے میں سترہ سال بعد منعقد ہونے والے قومی ہاکی ٹورنامنٹ کے صوبے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 29

جو عذاب مسلط ہے یہ مسلمانوں کی قرآن وسنت سے دوری ہے آج علما کی ذمہ داری بنتی ہے کہ لوگوں کو صحیح راستہ اور دین کی جانب رہنمائی کریں مغرب کے طور طریقوں کو چھوڑ کر دین اسلام کے راستے پر چلیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا بدترین دشمن امریکہ ہے وہ دنیا بھر میں مسلمانوں کو مفلوج کر رہا ہے مسلمانوں کی اقتصادیات اور تہذیب پر قبضہ کرنا چاہتا ہے مسلمان حکمران امریکہ اور انگریزوں کی غلامی کی بنائے اللہ کی غلامی کریں۔

بقیہ 30

ٹرکوں اور عوام سے بھتہ لے کر بنا چکے ہیں ایک تو اسکے خلاف اعلیٰ سطح کی انکوائری تشکیل دی جائے موصوف ایک طرف شہر میں ہیوی گاڑیوں سے بھتہ لے کے آنے دیتے ہیں دوسری طرف سکول ٹائم پر بڑی گاڑیوں کی وجہ سے گھنٹوں روڈ بلاک ہوتی ھے جس سے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ھے سارجنٹ صاحب نے خود ساختہ طور پر ایک ایک نیا طریقہ اپنایا ہوا ھے گاڑیوں کو چالان کرکے بجا؟ پیسے سرکاری خزانے میں جمع کرنے مگر بھتہ خور حوالدار ڈرائیوروں کو ہاتھوں پر دستخط دے کر چالان جمع کرنا قانونی طریقہ سمجھتے ہیں جسکی ویڈیو باقاعدہ سوشل میڈیا پر وائرل ہوچکی ھے لہٰذا اس بھتہ خور حوالدار کے ناجائز جائیدادوں ٹوڈی سروسز ودیگر غیر قانونی عملیات کیخلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور پوری طور پر ایماندار ٹریفک اہلکار کو تعینات کرکے ہیوی گاڑیوں اور ٹرکوں کو ژوب شہر کے اندر آنے کی روکی جا؟ تا کہ ایلیان ژوب میں پا؟ جانے والی ازالہ ھوسکیں

بقیہ 31

اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان۔ صوبائی وزیر اریگیشن نوابزادہ طارق خان مگسی۔ صوبائی وزیر اسپورٹس عبدالخالق ہزارہ۔ نوابزادہ سیف اللہ خان مگسی سیکرٹری کھیل میر عمران گچکی۔ ڈی جی درہ بلوچ بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کررہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اب بلوچستان میں کھیلوں کو فروغ ملا ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے مرحوم علی شیر ڈنگر کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر شہید نواب سیف اللہ خان مگسی کے زیر اہتمام مرحوم منشی علی شیر کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں۔ الطارق کرکٹ کلب اور شہید نواب سیف اللہ خان مگسی کرکٹ کلب نوشہرہ کے مابین کھیلا گیا الطارق کرکٹ کلب جھل مگسی نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ بارہ اورز میں 124 کا ٹارگیٹ دیا جبکہ الطارق کرکٹ کلب نے شہید نواب سیف اللہ خان مگسی کرکٹ کلب کو شکست دے کر فائنل میچ اپنے نام کرلیا۔ فائنل میچ دیکھنے کیلیے شائقین کی بڑی تعداد میں موجود تھے اس سے پہلے مہمانوں کو گراونڈ پہنچنے استقبال کیا اور کھلاڑیوں سے تعارف اور گروپ فوٹو بھی لیے گئے۔ اس موقع پر مہمان خاص بابو اشوک کمار مگسی اور اسپورٹس آفیسر جھل مگسی قاضی الطاف حسین کلواڑ نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو ٹرافیاں اور نقد انعامات دیے

بقیہ 32

جدید قوم پرست تحریک کی مضبوط بنیاد بلوچستان میں نظر آرہی ہے جو پارلیمانی محدود نشستوں پر اپنی سیاسی عمل اور قومی موقف کے پیش نظر بلوچستان کی آواز کو پوری دنیا میں بہتر اور شائستگی کیساتھ پھیلایا 06 نکات کی اہمیت اس طرح زبان ہوگیا کہ پی ڈی ایم میں شامل قوتوں نیھی بی این پی کی بیانیہ کو اپنا کر بلوچستان کیساتھ ظلم ناانصافیوں استحصال لاپتہ افراد کی انسانی بنیادی حقوق کے برخلاف جبری اغواء وگمشدگیوں پر بھرپور انداز میں ہم آواز بن گئے کیونکہ سیاسی حقوق جو سلب ہیں جن پر بہتر انداز میں قومی موقف کے پیش نظر بلوچستان کی سیاسی آواز کو تمام اقوام وطبقات نے قبول کیا ہے کیونکہ بی این پی اپنی قومی نظریات کی پیش بندی کیلیے بااصول اور متحرک کردار ادا کیا ہے کہاں بلوچستان کے نام پر گمنام اشخاص کو منصب مراعات کے تحت بلوچستان کی سیاسی آواز پیش کرنیکی طفلانہ کوشش جاری ہے تو دوسری جانب غیر شعوری وغیر جمہوری طریقے سے بلوچستان کے عوام کی موقف کو بدلنے کی سازش میں مبینہ منفی سرگرمیوں کے پیدا کردہ عوامل کو ٹھونپا جارہا ہے

بقیہ 33

نے لائن توڑ کر ویکسین لگوائی، پاکستان میں عمر کے حساب سے اپنی باری پر ویکسین لگائی جارہی ہے، میں نے 1166 پر رجسٹر کیا اور نمبر آنے پر ویکسین لگوائی۔ صدر مملکت نے کہا کہ حکومت نے ویکسینیشن کا آسان اور بہترین نظام بنایا ہے، ویکسین ملنے کے باوجود احتیاط جاری رکھیں۔

بقیہ 34

کہا کہ سینیٹ الیکشن میں حکومت نے اتحادیوں کے ساتھ کامیابی حاصل کی۔ وفاقی وزیر امین الحق نے کہا کہ دوسری پارٹی کے لوگ بکے لیکن ہمارے نہیں۔ ایم کیو ایم لینے والا نہیں دینے والا ہاتھ ہے۔ امین الحق نے کہا کہ پی ٹی اے ان معاملات کو دیکھ رہی ہے جبکہ انٹرنیٹ پر فراڈ کو ایف آئی اے دیکھ رہی ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ دنوں پشاور ہائیکورٹ نے مختصر ویڈیو شیئرنگ ایپ ٹک ٹاک بند کرنے کا حکم دیا تھا، دوران سماعت چیف جسٹس قیصر رشید خان نے کہا تھا کہ ٹک ٹاک پر جو ویڈیوز اپ لوڈ ہوتی ہیں وہ ہمارے معاشرے میں قابل قبول نہیں۔

بقیہ 35

کہ شہباز گل پر حملے کی مکمل پلاننگ کی گئی تھی۔ حماد اظہر نے لکھا کہ جس طرح جاوید لطیف کے پاکستان مخالف بیان کا ایک ایک لفظ ان کی پارٹی قیادت کے حکم پر پوری تیاری کے ساتھ بولا گیا۔ خیال رہے کہ عدالت میں پیش ہونے سے قبل ٹوئٹر پر جاری پیغام میں شہباز گل نے بتایا تھا کہ انہیں صحافی دوستوں سے پتہ چلا کہ مسلم لیگ ن کے غنڈا گروپ نے ان پر حملہ کرنے کی تیاری کر رکھی ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی روابط شہباز گل پر لاہور ہائی کورٹ کے

احاطے میں دو انڈے اور سیاہی پھینکی گئی، شہباز گل کے ماتھے اور ہاتھ پر سیاہی لگی۔

بقیہ 36

سنٹر میں غیر قانونی اور جعلی طریقوں سے شناختی کارڈ بنانے والوں کا راستہ بند ہوگیا نادرا انچارج محمد صدیق ترین شناختی بنانے والوں کی باریک بینی سے تحقیقات کر کے شناختی جاری کرتے ہے ہرنائی کے عوامی وسماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ بعض عناصر انچارج نادرا ہرنائی کی جانب سے غیر قانونی اور جعلی کاغذات پر غیر ممالک کے لوگوں کے شناخت کارڈ بنانے میں رکاوٹ سمجھ کرانکے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کررہے ہیں جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے اور وفاقی وزیر داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی نادرا بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہے کہ وہ ہرنائی نادرا سنٹر کے انچارج محمد صدیق ترین کو انکے اعلیٰ کارکردگی پر انہیں تعمتی سرٹیفکٹ سے نوازا جائے

بقیہ 37

بلتستان عبوری صوبے سے متعلق آئینی اور قانونی پہلوؤں کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی میں اپوزیشن اور حکومت کو برابر نمائندگی دی جائے گی، کمیٹی اپوزیشن کے تحفظات کا بھی تفصیلی جائزہ لے کر متفقہ لائحہ عمل مرتب کرے گی، کمیٹی الیکشن اصلاحات کا زیر التواء بل کا بھی ازسرنو جائزہ لے گی۔ کمیٹی میں سینٹ الیکشن سے متعلق پر آئین میں ترمیم کے حوالے سے اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ مشاورت کرے گی۔ اسد قیصر نے کہا کہ سینٹ انتخابات پر اٹھنے والے سوالات کا تدارک ناگزیر ہے، الیکٹورل ریفارمز وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ قانون سازی کے ذریعے اہم قانونی معاملات میں اصلاحات لائی جاسکتی ہیں، حکومت اور اپوزیشن کو قانون سازی کے ذریعے عوامی اہمیت کے اہم معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کرنا چاہیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ سینٹ انتخابات میں اصلاحات نا ہونے کی وجہ تماشا بنا رہا، ہمیں ماضی کو بلا کر مستقبل کے بارے میں سوچنا ہوگا۔

بقیہ 38

کرلیا، دوروزہ اجلاس کا انعقاد 23 اور 24 مارچ کو نئی دہلی میں ہوگا، انڈس واٹر کمشنر سید محمد مہر علی شاہ اور ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری پاکستان کی نمائندگی کریں گے، پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا یہ اجلاس 116 ہواں اجلاس ہوگا، یہ اجلاس دو برس کے بعد ہو رہا ہے، گذشتہ اجلاس دوسال پہلے لاہور میں منعقد ہوا تھا، کورونا، پاک بھارت تناؤ و دیگر عوامل کے باعث دو برس اجلاس منعقد نہیں ہوسکا۔

بقیہ 39

آکسیجن بیڈز میں سے 50 اب بھی خالی ہیں۔ ڈاکٹر عابد غوری کے مطابق ضرورت پڑنے پر ان بیڈز میں اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے، ہسپتال میں نہ پہلے اور نہ اب بستروں کی کوئی کمی ہے۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر گجرات نے بھی ایم ایس ڈاکٹر عابد غوری کے دعوے کی توثیق کردی۔

بقیہ 40

انور اور جنرل سیکرٹری فضل کریم کو کابینہ سمیت نئے زمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے امید کا اظہار کیا گیا کہ وہ اپنے ضلع کی تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے پارٹی کو فعال و متحرک رکھے گے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی کا کل وقتی سرمایہ سیاسی کارکن ہی ہے۔ نیشنل پارٹی کامل یقین رکھتی ہے کہ سیاسی شعور ونظریات سے آراستہ سیاسی کارکن ہی قومی تحریک کا وارث ہوتا ہے۔ اس لیے نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کی فکری ونظریاتی بنیادوں پر تربیت کرکے قومی تحریک کو مستحکم قیادت فراہم کرنے میں مصروف عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی کچھ نے نامساعد ومشکل حالات میں پارٹی کی علم کو نہ صرف بلند رکھا بلکہ سیاسی عمل کو فروغ دینے کا کردار ادا کیا۔ گزشتہ دو دہائیوں سے بلوچستان خصوصاً کچھ میں سیاسی عمل جمود کا شکار رہا ہے۔ نیشنل پارٹی کی سیاسی قیادت وسیاسی کارکنوں نے اپنے خون سے نظریات کی آبیاری کی۔ شہید مولا بخش دشتی، شہید ڈاکٹر نسیم جنگیاں سمیت بیسوں سیاسی رہنماؤں نے پارٹی کے افکار و پرچم کو بلند رکھتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ بلاشبہ نیشنل پارٹی انکی انقلابی جدوجہد کو جاری رکھے گی۔ اور بلوچستان کی حفاظت میں خون کا ہر قطرہ نظر کریگی۔

بقیہ 41

کابینہ سینیٹ انتخابات اور اپوزیشن کے دھرنے پر بھی مشاورت کرے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس 16 مارچ کو ہوگا، اجلاس کا 16 نکاتی ایجنڈا جاری کردیا ہے۔ اجلاس میں ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال اور سینیٹ انتخابات، اپوزیشن کے دھرنے پر مشاورت کی جائے گی، ایجنڈے کے مطابق نیشنل بک فاؤنڈیشن کے ایم ڈی کی تقرری اور ممنوعہ اسلحہ کے لائسنس کے اجرا کی منظوری دی جائے گی۔ اجلاس میں چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ کے اضافی چارج کی منظوری اور سندھ انفرااسٹرکچر ڈویلپمنٹ کمپنی کے سی ای او کے اضافی چارج کی منظوری کا بھی امکان ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گیس کی ترقیاتی اسکیموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جائیگا، کابینہ کمیٹی برائے ادارہ جاتی اصلاحات کے فیصلوں کی توثیق کی جائیگی، ای سی سی کے 10 مارچ کے فیصلے کی توثیق بھی کی جائے گی۔ اجلاس میں سوشل ویلفیر فنڈ 2021 کے استعمال کیلیے رہنما اصولوں کی منظوری بھی متوقع ہے۔

بقیہ 42

روز قبل مبینہ طور پر اغواء کیا تھا، پولیس نے دعویٰ کیا کہ دوران تفتیش ملزم نے بتایا کہ اس نے بچے کو

پستول سے ڈرا کر زیادتی کا نشانہ بنایا تھا جس کے بعد ایک رسی سے پھندا ڈال کر بچے کو قتل کر دیا اور لاش نہر میں پھینک دی۔ ملزم نے بتایا تھا کہ آلہ قتل بھی سیم نہر کے کنارے مٹی میں دبا دیا تھا، پولیس کے مطابق گزشتہ رات آلہ قتل کی برآمدگی کیلیے پولیس ملزم کو سیم نہر کنارے لے کر گئی اور پستول اور رسی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق اسی دوران ملزم نے اعتراف جرم کیا اور نہر میں چھلانگ لگادی، ملزم کو بے ہوشی کی حالت میں اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ دم توڑ گیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف خودکشی اور ناجائز اسلحہ کا الگ سے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ دوسری جانب سیم نہر سے ملنے والی مقتول کی لاش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی ہے۔

بقیہ 43

ہے، بھارتی فورسز نے دو کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ مشعال ملک نے کہا کہ بھارتی فوج کشمیریوں کے مکان دھماکہ خیز مواد سے اڑا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز کئی مکان دھماکہ خیز مواد سے اڑائے، کشمیریوں سے چھت چھینی جارہی ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ بھارتی فوج کشمیر میں انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں میں ملوث ہے۔

بقیہ 44

ہوئے کہا کہ شہباز گل کے ساتھ جو ہوا ہے، اگر یہ اسی طرح چلتا رہا تو سیاست ایک حد سے بڑھ کر تشدد پر آ جائے گی اور اس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ وہ سیاست کو کس طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں، اس کلچر کو فروغ دینے کا جو وطیرہ بنایا گیا ہے اس کو ختم کریں اور سیاست کو سیاست سمجھ کر کریں۔

بقیہ 45

(او آئی سی) کی وزرا خارجہ کونسل کے سینتالیسویں اجلاس میں پاکستان نے ہر سال 15 مارچ کو 'اسلاموفوبیا کے عالمی دن' کے طور پر منانے کی قرارداد پیش کی تھی۔ وزرا خارجہ کونسل (سی ایف ایم) نے متفقہ طور پر یہ قرارداد منظور کرلی تھی۔ او آئی سی عالمی برادری کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تا کہ اس دن کو عالمی سطح پر منایا جائے۔ او آئی سی کی اس دن کو منانے کے لئے متفقہ حمایت دنیا بھر کے ارب ہا مسلمانوں کے جذبات کی عکاس ہے۔ پاکستان آج او آئی سی کے رکن ممالک کے ساتھ مل کر پہلی بار 'اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن' منا رہا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے 'او۔آئی۔سی' رابطہ گروپ کا اعلیٰ سطحی اجلاس سترہ مارچ دو ہزار اکیس کو نیو یارک میں منعقد ہوگا۔ مقبولیت، نفرت انگیز تقاریر، لاعلمی اور غلط معلومات کے ایندھن سے پروان چڑھنے والا اسلاموفوبیا کا عفریت دنیا بھر میں مسلمان اقلیتوں کو بری طرح متاثر کررہا ہے۔ اسلاموفوبیا نے مختلف شکلیں اختیار کرلیں ہیں جن میں مسلمانوں کو منفی انداز میں پیش کرنا، گائے کی حفاظت کے نام پر جتھوں کے ہاتھوں بے گناہوں کی ہلاکتیں، امتیازی قوانین، حجاب پہننے والی خواتین پر حملے، میناروں کی تعمیر پر پابندی، منفی پراپیگنڈہ اور غلط اطلاعات پر مبنی مہم، انتہاء □ وقدامت پسند جماعتوں کے منشور، دانستہ مقدس مقامات اور اسلامی علامات کو تباہ کرنا اور نقصان پہنچانا، اور اسلام کو دہشت گردی سے جوڑنے کی کوششیں بھی اس میں شامل ہیں۔ یہ اقدامات دنیا میں امن اور ہم آہنگی پر مبنی مستقبل سب کے لئے کی مشترک اقدار اور خواہشات کو بری طرح نقصان پہنچا رہے ہیں۔ پاکستان نے مختلف ثقافتوں اور تہذیبوں کے درمیان پل تعمیر کرنے کی عالمی کوششوں کی ہمیشہ حمایت کی ہے اور ان کاوشوں میں مسلسل قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 46

سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی امیر عبداللہ فاروقی نے کہا کہ ملک بھر میں مہنگائی اور بے روزگاری سے ہر طبقہ کے افراد بری طرح پریشان ہیں جس کے سدباب کے لئے فی الفور ٹھوس وموثر اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو لانگ مارچ یا شارٹ مارچ سے کوئی غرض نہیں عوام صرف اپنے مسائل کا حل چاہتی ہے انہوں نے اشیائے صرف کی قیمتوں کو یکساں اور معیاری بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے یوٹیلیٹی اسٹور پر غیر معیاری اجناس کو عوام دشمنی قرار دیا اجلاس سے محمد احمد خان عرف نواب بھائی، ذیشان خان، عبدالکبیر خان و دیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے کہا کہ اہلحدیث رابطہ کونسل ملک میں قرآن وسنت کے نفاذ، فرقہ واریت کے خاتمے اور عوام کے مسائل کے حل کے لئے آواز اٹھارہی ہے۔

بقیہ 47

307 مریض شفایاب ہو گئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 13 ہزار 537 ہوگئی ہے، جبکہ کُل مریضوں کی تعداد 6 لاکھ 7 ہزار 453 ہو چکی ہے۔ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے مزید 44 ہزار 61 ٹیسٹ کیئے گئے

بقیہ 48

مسلط ڈرامہ بھی فلاپ ہوگیا غریب کی جھونپڑی میں غربت ناچ رہی ہے چینی، گھی، دال، چکن نایاب چیزیں ہوگئیں کٹوں اور مرغیوں سے معیشت بہتر بنانے کا مشورہ دینے والے بتائیں کہ عوام کا خون کب تک نچوڑنا ہے۔ قوم کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے پاکستان کو امت مسلمہ کی رہنمائی کرنا تھی مگر بدقسمتی سے ہر گزرتے دن کے ساتھ ملک کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، وزیراعظم اب بھی بلند و بانگ دعوں اور وعدوں سے ہی قوم کو تسلیاں دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

REQUEST FOR PROPOSALS

CONSULTANCY SERVICE REQUIRED FOR FEASBILITY STUDY & DETAILED ENGINEERING DESIGN FOR FEASBILITY STUDY / CONSULTANCY & DETAIL DESIGN FOR ESTABLISHMENT OF LPG TERMINAL AT TAFTAN DISTRICT CHAGAI

Industries & commerce department Government of Balochistan, Quetta Hereinafter Called "Procuring Agency" intends to hire the services of Consultants for Feasibility Study & Detailed Design for FEASIBILITY STUDY / CONSULTANCY & DETAIL DESIGN FOR ESTABLISHMENT OF LPG TERMINAL AT TAFTAN DISTRICT CHAGAI.TORs/RFP shall be available in the office of undersigned and also on the website of BPPRA. The consultancy firm interested in the assignment with experience of similar nature of assignments may apply for selection containing the following information/particulars duly supported with necessary documents.Sealed Bids are invited from Reputable national and international firms. Competitive bidding shall be held under the Quality and Cost Based Selection Method (QCBS) as per BPPRA Rules. ***Terms & Conditions:*** All Interested Firms are required to be registered with Pakistan Engineering Council. Firms are required to submit their Bids by 6th April,2021 at 1:00 pm in the office of Executive Engineer Industries and Commerce Department, Farooq Longove Street House No.4 near IT University Campus Jinnah Town Quetta. Technical Bid will be opened on the same day at 2:00 Pm.Bid received after the Due date / Time will not be accepted while RFP shall NOT be issued after ***6th April,2021*** at 1:00 pm.Detailed RFP can be obtained from the office of undersigned on any Working Day During office Hours on Payment of RFP Document Fee of PKR 3,000/-(non-refundable) deposited in the head of account C-02716 in National Bank of Pakistan City Branch or can be downloaded from B-PPRA website.BID Validity should be 90days.The Procurement Agency reserves the rights to annul the Bidding Process as BPPRA Rules 2014.The Bidders, who download the Documents from Website, should submit the Tender Fee of Rs. 2,000/- In shape of PO/DD at the time of Submission of Document.The method of procurement will be single stage two envelope. Technical and financial proposal shall be clearly marked on envelope.The technical & financial proposals must be sealed in two separate envelopes clearly marked with project title & type of proposal.Firms shall be required to establish that they meet the Requirements of the Tender in their Technical Bid, before their Financial Bid is opened. Firms are also required to submit their Legal Particulars, such as Registration, National Tax no. (NTN) and sales Tax Registration No. As well as provide an Undertaking they have NEVER been blacklisted by a Public Sector Entity.***TSE182916.***

Executive Engineer
Industries Department
District Quetta

PRQ NO.2615/15-03-2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز منگل 16 مارچ 2021ء

لندن کا بشار الاسد کی اہلیہ کے خلاف عدالتی کارروائی پر غور

اسما برطانیہ میں پیدا ہوئیں اور جوانی کے چند برس تک وہاں وقت گزارا، اسما کے انٹرپول ریڈ وارنٹ جاری ہونے کا امکان، بیرون ملک سفر سے قاصر ہو جائیں گی

اگر برطانیہ میں اسما الاسد کے خلاف عدالتی کارروائی عمل میں آئی تو شام کی خاتون اول کا نام ان شخصیات کی فہرست میں شامل ہو جائے گا، برطانوی میڈیا

لندن/دمشق (این این آئی) شام کے صدر بشار الاسد کی اہلیہ اور ملک کی خاتون اول اسما الاسد کی برطانوی شہریت چھن جانے کا اندیشہ ہے۔لندن پولیس نے تحقیقات کا آغاز کیا ہے جس کے نتیجے میں 45 سالہ اسما کے خلاف غائبانہ عدالتی کارروائی عمل میں آ سکتی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق شامی خاتون اول کے خلاف الزامات کا خلاصہ یہ ہے کہ انہوں نے 10 برس کے دوران دہشت گرد کارروائیوں پر اکسایا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس کے سبب جاری خانہ جنگی میں اب تک 5 لاکھ سے زیادہ افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو چکے ہیں۔ علاوہ ازیں 1.2 کروڑ شامی (ملک کی تقریبا نصف آبادی) اپنے گھروں کو چھوڑ کر نقل مکانی کر چکے ہیں۔اسما کے والدین شامی ہیں جنہوں نے اپنے ملک سے ہجرت کر لی تھی۔ والد ڈاکٹر فواز الاخرس لندن میں ایک ہسپتال میں ماہر امراض قلب ہیں۔ والدہ سحر عطری برطانیہ میں شامی سفارت خانے کی سابقہ ملازمہ ہیں۔ اسما برطانیہ میں پیدا ہوئیں اور جوانی کے چند برس تک وہاں وقت

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں کسانوں کی تحریک مزید تیز، تاجر بھی شامل، متعدد مظاہرین گرفتار

نئی دہلی: (آن لائن) بھارت میں تاجر بھی کسانوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو گئے، ریلوے اسٹیشنز اور ڈی سی دفاتر کے باہر مشترکہ احتجاج کیا، کسان تحریک کیلئے میڈیا اسٹرٹیجی بنانے والی دیشا روی نے کہا ہے کہ عوام کو انتہا پسند سرکار کے خلاف باہر نکلنا ہوگا، مودی حکومت نے سنگھو بارڈر پر ٹھکانے بنانے والے کئی مظاہرین کو گرفتار کر لیا۔ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارت میں کسانوں کی تحریک مزید تیز، تاجر بھی شامل ہو گئے، ٹریڈرز نے ریلوے اسٹیشنز اور ڈی سی دفاتر کے باہر مشترکہ احتجاج کیا، سنگھو بارڈر پر عارضی ٹھکانے بنانا مودی سرکار کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نیدرلینڈز نے ایسٹرازینیکا کا استعمال عارضی طور پر روک دیا

ویکسین کے بارے میں ایک نئی معلومات پر محکمہ صحت کے مشورے پر اس کا مزید استعمال روک دیا گیا، وزارت صحت

اصل سوال یہ ہے کہ شکایات ویکسین لگانے کے بعد آ رہی ہیں یا ویکسین کی وجہ سے آ رہی ہیں، ہمیں محتاط رہنے کی ضرورت ہے

ایمسٹرڈیم (این این آئی) ناروے میں آسٹرازینیکا ویکسین لگوانے کے بعد خون میں کلاٹس بننے (خون جمنے) کے نئے کیسز سامنے آنے کے بعد نیدرلینڈز نے بھی برطانوی کورونا ویکسین ایسٹرازینیکا کا استعمال عارضی طور پر روک دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ صحت نیدرلینڈز کے مطابق ڈنمارک اور ناروے میں ویکسین کے ممکنہ مضر اثرات کے پیش نظر ایسٹرازینیکا کے استعمال پر دو ہفتوں کیلئے پابندی لگائی، ویکسین کے بارے میں ایک نئی معلومات پر محکمہ صحت کے مشورے پر ویکسین کا مزید استعمال روکا۔ وزارت صحت کا کہنا تھا کہ اصل سوال

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکی اپنے اقدامات سے معمول کے تعلقات کی بنیاد فراہم کرے، مصر

قطر کی جانب سے بھی مثبت پیغامات آئے ہیں اور وہ دوطرفہ تعلقات کو مزید بہتر بنانا چاہتا ہے، وزیر خارجہ

ترکی کو مصری اصولوں اور مقاصد کے مطابق اقدامات کرنا ہوں گے اور پھر معمول کے تعلقات استوار کرنے کے لیے اس کو بنیادی کام کرنا چاہیے

قاہرہ (این این آئی) ترکی کو مصر کے ساتھ معمول کے تعلقات استوار کرنے کے لیے اس کے اصولوں اور اہداف کے مطابق اقدامات کرنے چاہئیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات مصری وزیر خارجہ سامح شکری نے پارلیمنٹ میں ایک بیان میں کہی۔انھوں نے گذشتہ برسوں کی کشیدگی کے بعد قاہرہ اور انقرہ کے درمیان روابط کی تصدیق کی ،البتہ کہا کہ ان کے درمیان محدود پیمانے پر ڈائیلاگ ہو رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ معمول کے سفارتی فریم ورک سے باہر کوئی ابلاغ نہیں ہو رہا ہے۔ترکی کو مصری اصولوں اور مقاصد کے مطابق

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداوہ، مرحوم علی شیر ڈگر ٹورنامنٹ کیموقع پر نوشہرہ کی معزز شخصیت نذیر احمد ڈگر بابو اشوک کمار گمی کو سوینئر دے رہے ہیں

حوثی باغیوں کی اسکول پر گولہ باری سے تین بچے جاں بحق

حوثیوں نے تعز میں الکدحہ کے مقام پر گولہ باری کی جس کے نتیجے میں اسکول میں زیر تعلیم دو حقیقی بھائی اور ان کا ایک قریبی عزیز جاں بحق ہو گئے

حوثی ملیشیا نے یمن میں جاری لڑائی روکنے کے لیے امریکی ایلچی ٹیم لینڈر کنگ کی طرف سے پیش کردہ فارمولے کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے

صنعاء (این این آئی) یمن کی مختلف گورنریوں میں ایرانی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے خلاف لڑائی میں سرکاری فوج پیش قدمی کر رہی ہے۔ دوسری طرف تعز گورنری کے مغرب میں ایک اسکول پر گولہ باری سے متعدد بچے جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ حوثی ملیشیا کی تعز اور دوسری گورنریوں میں شہری آبادی پر گولہ باری کے نتیجے میں کئی عام شہری جاں بحق اور زخمی ہو گئے۔ تعز میں ایک اسکول پر گولہ باری کے نتیجے میں کم سے کم تین بچے جاں بحق ہو گئے۔ خبر رساں ادارے نے مقامی شہریوں کے حوالے سے بتایا کہ حوثیوں نے تعز میں الکدحہ کے مقام پر گولہ باری کی جس کے نتیجے میں اسکول میں زیر تعلیم دو حقیقی بھائی اور ان کا ایک قریبی عزیز جاں بحق ہو گئے۔ حوثی ملیشیا سے اس حوالے سے رابطہ کرنے کی کوشش کی مگر حوثیوں نے کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا۔ خیال رہے کہ حوثی ملیشیا نے یمن میں جاری لڑائی روکنے کے لیے امریکی ایلچی ٹیم لینڈر کنگ کی طرف سے پیش کردہ فارمولے کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یمن میں حوثی ملیشیا پر تارکین وطن کے حراستی مرکز کو آگ لگانے کا الزام

ہم اس سنگین واقعہ کی پردہ پوشی پر حوثیوں کی مذمت کرتے ہیں، یمنی وزارت انسانی حقوق کا ردعمل

حوثی ملیشیا نہ صرف یمنیوں بلکہ تارکینِ وطن اور ہمسایہ ممالک کے شہریوں کے لیے خطرہ بنے ہوئی ہے

صنعاء (این این آئی) یمن میں انسانی حقوق کی عالمی اور مقامی تنظیموں نے ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کو ایک حراستی مرکز میں آتش زدگی کا ذمے دار قرار دیا ہے۔اس حراستی مرکز میں آگ لگنے سے 44 تارکین وطن ہلاک ہو گئے تھے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انسانی حقوق کے ایک مقامی گروپ نے عینی شاہدین کے حوالے سے بتایا کہ حوثی فورسز نے 7 مارچ 2021 کو ایک حراستی مرکز پر بم داغا تھا جس کے نتیجے میں اس میں آگ لگ گئی تھی۔اس سے قریبا 450 افراد ہلاک یا زخمی ہو گئے تھے۔ان میں زیادہ تر ایتھوپیائی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ مقامی ہال میں شمولیتی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

پشین، سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں تعلیمی آگاہی واک کی قیادت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالواسع کاکڑ اور یوسیف کے محمد اسماعیل جلالزئی کر رہے ہیں

بھارت میں کسانوں کی تحریک مزید تیز، تاجر بھی شامل، کئی مظاہرین گرفتار

بھارتی عوام کو انتہا پسند سرکار کے خلاف باہر نکلنا ہوگا ورنہ سماج تباہ ہو جائے گا، گرفتار کسانوں کی گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں تاجر بھی کسانوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو گئے، ریلوے اسٹیشنز اور ڈی سی دفاتر کے باہر مشترکہ احتجاج کیا، کسان تحریک کیلئے میڈیا اسٹرٹیجی بنانے والی دیشا روی نے کہا کہ عوام کو انتہا پسند سرکار کے خلاف باہر نکلنا ہوگا، مودی حکومت نے سنگھو بارڈر پر ٹھکانے بنانے والے کئی مظاہرین کو گرفتار

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی سطح پر اسلحے کی خریداری میں ایک دہائی بعد کوئی اضافہ نہیں ہوا، سپری

اسٹاک ہوم (این این آئی) دنیا بھر میں اسلحے کی خریداری میں ایک دہائی کیبعد اضافہ ریکارڈ نہیں کیا گیا۔ روس اور چین کی جانب سے ایکسپورٹ میں کمی سے مجموعی طور پر اسلحے کی فروخت گھٹ گئی، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلحے کی خریداری

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانوی امدادی کارکن ریٹکلف کیخلاف نئے الزامات ناقابل قبول ہیں، برطانیہ

لندن (این این آئی) برطانیہ نے ایران میں پانچ سالہ قید بھگتنے کے بعد رہائی پانے والی ایرانی نژاد برطانوی شہری اور امدادی کارکن زغری ریٹکلف کے خلاف نئے الزامات کے تحت مقدمہ کو ناقابل قبول قرار دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میانمار میں سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے مزید 18 مظاہرین ہلاک

ینگون (این این آئی) میانمار میں سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے فوجی بغاوت کے خلاف احتجاج کرنے والے مزید 18 مظاہرین مارے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے مرنے والوں میں ایک پولیس اہلکار بھی شامل

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

آسٹریلیا میں ہزاروں افراد صنفی امتیاز کے خلاف سڑکوں پر آ گئے

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا میں اتوار اور پیر کو ہزاروں افراد نے صنفی امتیاز اور تشدد کے خلاف

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جموں وکشمیر ماس موومنٹ کا بھارت کی بڑھتی ریاستی دہشتگردی پر اظہار تشویش

بھارتی فوج بیگناہ کشمیری نوجوانوں کو حق خودارادیت کا مطالبہ کرنے پر بے رحمی سے شہید کر رہی ہے، شبیر احمد

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں جموں وکشمیر ماس موومنٹ نے بھارت کی بڑھتی ہوئی ریاستی دہشت گردی پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی فوج بے گناہ کشمیری نوجوانوں کو حق خودارادیت کا مطالبہ کرنے پر بے رحمی سے شہید کر رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ماس موومنٹ کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوسوو نے بیت المقدس میں اپنے متنازع سفارت خانے کا افتتاح کر دیا

کوسوو کی یروشلم میں سفارت خانہ کھولنے کی باضابطہ درخواست کی منظوری دے دی، کوسوو وزیر خارجہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مسلم اکثریتی یورپی ملک کوسوو نے اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے بعد بیت المقدس میں اپنے سفارت خانے کا افتتاح کر دیا ہے حال ہی میں کوسوو نے مقبوضہ بیت المقدس کو صیہونی ریاست کا دارالحکومت بھی تسلیم کر لیا تھا جس پر فلسطینی حلقوں کی طرف سے شدید تنقید کی گئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہیری کے والد پر لگائے گئے الزامات مسترد

الزامات پر پرنس چارلس کے قریبی دوست کی جانب سے ردعمل دیا گیا

لندن (این این آئی) دی ڈیوک آف سسیکس پرنس ہیری کے والد پرنس چارلس پر لگائے گئے مالی مدد سے انکار کے الزامات پر پرنس ہیری کو خوب تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق پرنس ہیری کی جانب سے حالیہ معروف میزبان اوپرا ونفرے کو دیئے گئے تفصیلی انٹرویو کے دوران والد پرنس آف ویلز چارلس پر مالی مدد سے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا ویکسین نہ لگوانے والے عملے کو ہر ہفتے 150 درہم ادا کرنا ہوں گے، ایمریٹس

ابوظہبی (این این آئی) امارات کی قومی فضائی کمپنی ایمریٹس نے اپنے عملے سے کہا ہے کہ وہ پہلی فرصت میں کرونا ویکسین لگوالیں یا ہر ہفتے ڈیڑھ سو درہم ادا کریں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک بیان میں فضائی کمپنی ایمریٹس کا کہنا تھا کہ یہ پابندی کرونا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عرب اتحاد نے خمیس مشیط پر حوثی باغیوں کا ڈرون حملہ ناکام بنا دیا

صنعاء (این این آئی) یمن میں آئینی حکومت کے دفاع کے لیے سرگرم عرب اتحاد نے یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے سعودی عرب کے شہر خمیس مشیط پر حملے کے لیے بھیجا ایک ڈرون طیارہ مار گرایا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق عرب اتحاد کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا کہ اتحاد نے حوثی ملیشیا کے حملوں کی روک تھام کے لیے تمام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ مقامی ہال میں شمولیتی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی فوجیوں نے کے ہاتھوں دو اور کشمیری نوجوان شہید درجنوں زخمی

فوجیوں نے شوپیاں میں بارہ سے زائد گھروں کو دھماکے سے اڑا دیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی کے دوران ضلع شوپیان میں دو اور کشمیری نوجوانوں کو شہید اور دھماکہ خیز مواد سے متعدد گھروں کو اڑا دیا ۔فوجیوں نے سوگواران پر گولیوں اور پیلٹ گنوں کے بے دریغ استعمال سے درجنوں کو زخمی کر دیا جن

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نوکیا کا نیا اسمارٹ فون آٹھ اپریل کو متعارف کرانیکا اعلان

نئے فون میں کوالکوم اسنیپ ڈراگون 775 پراسیسر اور بیک پر پانچ کیمرے ہوسکتے ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) ایچ ایم ڈی گلوبل نے 8 اپریل کو ایک ایونٹ کے انعقاد کا اعلان کیا ہے جس میں نوکیا کا نیا فلیگ شپ اسمارٹ فون متعارف کرائے جانے کا امکان ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق کمپنی نے اس حوالے سے کچھ بتایا نہیں بس ایک تصویر جاری کی ہے جس میں ایک شخص کسی جنگل میں کھڑا ہے اور ایک ہیش ٹیگ #LoveTrustKeep دیکھا جاسکتا ہے۔مختلف لیکس میں نوکیا کے ایک نئے فون کی جانب سے اشارہ کیا گیا ہے جس میں کوالکوم اسنیپ ڈراگون 775 پراسیسر اور بیک پر 5 کیمرے ہوسکتے ہیں۔اس کیمرا سیٹ اپ میں ایک کیمرا 108 میگا پکسل سنسر سے لیس ہوگا۔دوسری جانب کچھ رپورٹس میں کہا گیا کہ نوکیا کی جانب سے نئی جی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شام میں ایران کے ہاتھ بشار کے مخالفین کے گھروں تک جا پہنچے

داعش تنظیم اور پھر ایرانیوں کے کنٹرول کے بعد مقیم افراد البوکمال شہر سے جبری ہجرت پر مجبور ہو گئے

تہران (این این آئی) ایران کی جانب سے شام میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران بھی اپنے پاؤں جمانے کے لیے دریائے فرات کے مغرب میں دیر الزور کے دیہی علاقوں میں غربت کے مارے نوجوانوں کو بھرتی کرنے پر کام کرتا ہے اور کبھی شام میں اپنے علاقوں سے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یمن میں جارحیت پر ہمیں تشویش ہے، امریکی وزیر خارجہ

ایک متحدہ، مستحکم اور مداخلتوں سے آزاد یمن کے لیے امریکا کی سپورٹ جاری رہے گی، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن نے یمن میں حالیہ پیش رفت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یمن کے لیے اقوام متحدہ کے خصوصی ایلچی مارٹن گریفتھس سے ٹیلی فون پر بات چیت میں انہوں نے زور دیا کہ ایک متحدہ، مستحکم اور مداخلتوں سے آزاد یمن کے لیے امریکا کی سپورٹ جاری رہے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قاہرہ، تمام فلسطینی گروپوں کی شرکت کے ساتھ قومی مکالمہ آج شروع ہوگا

وفد کی قیادت حماس کے سیاسی دفتر کے نائب سربراہ صالح العاروری کر رہے ہیں، حماس ترجمان

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی قومی مکالمے کے سلسلے میں دو روزہ اجلاس آج (منگل کو) مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں شروع ہو رہا ہے۔اجلاس میں تمام فلسطینی گروپ شریک ہوں گے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس کے ترجمان فوزی برہوم کے مطابق تنظیم کا وفد مصری دارالحکومت پہنچے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ وفد کی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور بھارت ہتھیاروں کے سب سے بڑے خریداروں میں شامل

گزشتہ پانچ برسوں کے دوران فروخت ہونیوالا 12 فیصد اسلحہ سعودی عرب نے خریدا، سپری کی رپورٹ

سٹاک ہوم (این این آئی) عالمی امن پر تحقیق کرنے والے ادارے سپری نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت ہتھیاروں کے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نوشکی، جامعہ عربیہ محمودیہ میں دستار فضیلت کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، حافظ حمداللہ، آغا محمد شاہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر 241 افراد کیخلاف کارروائی

ملازمت سے معطل کیے گئے ملزمان کے خلاف قانونی چارہ جوئی مکمل کی جا رہی ہے، انسداد بدعنوانی کمیشن

انسداد بدعنوانی کمیشن نے رجب کے دوران مملکت میں کرپشن کی روک تھام کے لیے 263 مانیٹرنگ دورے کیے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے انسداد بدعنوانی کمیشن نزہہ نے بتایا ہے کہ مملکت میں بدعنوانی کے خلاف اقدامات کا دائرہ مزید بڑھا دیا گیا ہے۔مختلف سرکاری محکموں اور وزارتوں سے تعلق رکھنے والے سیکڑوں افراد کو بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر ملازمت سے معطل کر کے ان کے خلاف کارروائی شروع کی گئی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نزہہ کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا کہ وزارت داخلہ، صحت، بلدیہ اور دیہی امور ہاؤسنگ، تعلیم، انسانی وسائل، سماجی ترقی کی وزارتوں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر رائے ہلال شجاعت کرائم برانچ بلوچستان کے دورے کے موقع پر آفیسران سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا، سماجی فاصلے میں کمی کرونا کیخلاف جنگ کا کلیدی اصول تبدیل کرنے پر غور

بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز اب بھی نئے اعداد و شمار کا مطالعہ کر رہے ہیں، ڈاکٹر فاؤچی

واشنگٹن (این این آئی) موجودہ کرونا وبا کے دوران انسانوں کے درمیان سماجی فاصلے کو عالم گیر کلیدی اصول کے طور پر اپنایا گیا ہے مگر شنید ہے کہ امریکا اس کلیدی اصول کو تبدیل کرتے ہوئے سماجی فاصلہ کم کرنے پر غور کر رہا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق متعدی بیماریوں کے ماہر اور وائٹ ہاؤس کے طبی مشیر انٹنی فاوچی نے کہا کہ امریکا معاشرتی فاصلے کو ایک میٹر تک کم کرنے پر غور کر رہا ہے۔اگر اس پر عمل کیا جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ امریکا نے کرونا کے خلاف جنگ کے کلیدی اصول کو تبدیل کر دیا ہے۔ڈاکٹر فاوچی نے بتایا کہ بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز اب بھی نئے اعداد و شمار کا مطالعہ کر رہے ہیں، ڈاکٹر فاوچی

کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ماسک پہننے، ہاتھ دھونے کے علاوہ، بین الاقوامی سطح پر معاشرتی دوری کے لیے دو میٹر کا اصول بڑے پیمانے پر اپنایا گیا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میری گرفتاری انسانی حقوق کی خلاف ورزی تھی، بھارتی ماحولیاتی کارکن

میرے اقدامات کو جرم قرار دیا گیا، عدالت میں نہیں، قانون کے سامنے نہیں بلکہ فلیٹ اسکرینز پر، دشا روی

نئی دہلی (این این آئی) بغاوت کے الزام میں گرفتار کی گئی بھارت کی ماحولیاتی تحفظ کے لیے سرگرم کارکن دشا روی نے کہا ہے کہ گزشتہ ماہ ان کی گرفتاری ان کے حقوق کی خلاف ورزی تھی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق دشا کا گرفتاری کے بعد یہ پہلا بیان سامنے آیا ۔بھارت کی ایک معروف نوجوان ایکٹیوسٹ دشا روی نے جو بین

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کی نئی اقسام کیخلاف ویکسینز کی اینٹی باڈیز کم موثر ہوسکتی ہیں، تحقیق

یہ اینٹی باڈیز وائرس کو سختی سے جکڑ کر انہیں خلیات میں داخل ہونے سے روکتی ہیں، جس سے بیماری سے تحفظ ملتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) نئے کورونا وائرس کی وبا دسمبر 2019 میں سامنے آئی تھی اور 15 ماہ کے دوران اس میں متعدد تبدیلیاں آئی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ دنیا کے مختلف حصوں میں کورونا وائرس کی نئی اقسام حالیہ مہینوں میں سامنے آئی ہیں، جو زیادہ تیزی سے پھیل سکتی ہیں یا مدافعتی نظام پر حملہ آور ہوسکتی ہیں۔ایسی نئی اقسام امریکی ریاست

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب، منی لانڈرنگ میں ملوث مافیا کو 28 سال قید، 13 ملین ریال جرمانہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی ایک عدالت نے منی لانڈرنگ میں ملوث ایک مافیا کے زیر حراست عناصر کو 28 سال قید اور 13 ملین ریال جرمانہ کی سزا سنا دی، میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب کے پبلک پراسیکیوٹر کے ایک ذمہ دار ذریعے نے بتایا کہ منی لانڈرنگ مافیا کے خلاف

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں مندر سے پانی پینے پر مسلمان لڑکے پر تشدد

پولیس نے واقعے کا نوٹس لیا اور ملوث ملزم یادیو کو دوسرے نگران شیوانند سراسواتی سمیت گرفتار کر لیا

غازی آباد (این این آئی) بھارت کی ریاست اتر پردیش میں ہندوؤں کے ایک مندر میں پانی پینے پر مسلمان لڑکے کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اتر پردیش کے ضلع غازی آباد کے شہر ڈاسنا میں یہ واقعہ پیش آیا۔تشدد کا نشانہ بننے والے لڑکے کے اہل خانہ ہندوستان ٹائمز کو بتایا کہ 14 سالہ لڑکا پانی پینے کے لیے جب مندر میں داخل ہوا تو مندر کے نگران 23 سالہ شرنگی نندن یادیو نے دیکھ لیا اور تشدد شروع کر دیا۔لڑکے کے والد کا کہنا تھا کہ میرا بیٹے کو پیاس لگی تھی اور مندر کے اندر نلکے سے پانی پینے سے روکا گیا، ان کو شناخت

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوگل میپس میں صارفین کے لیے کارآمد فیچرز متعارف

گوگل اکاؤنٹ کے حامل ہر فرد کے لیے مقامی تفصیلات شیئر کرنے کے عمل کو آسان بنایا جا رہا ہے، انتظامیہ

نیویارک (این این آئی) گوگل نے اپنی مقبول ایپ میپس میں سوشل میڈیا سے متاثر اپ ڈیٹس کی ہیں تاکہ صارفین زیادہ مواد پوسٹ کر سکیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق گوگل کی جانب سے متعدد نئے فیچرز میپس میں شامل کرنے کا اعلان کیا گیا تاکہ اسے زیادہ انٹرایکٹیو بنایا جاسکے، جبکہ صارفین کے لیے مقامات کی تصاویر شیئر کرنے کے عمل کو بھی آسان بنایا گیا۔یہ نئے فیچرز حالیہ مہینوں میں گوگل میپس میں کی جانے والی اپ ڈیٹس کا حصہ ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ کمپنی اس ایپ کو راستے ڈھونڈنے کے ساتھ ساتھ، سیاحتی دوروں کی منصوبہ بندی، مقامی کاروباری اداروں سے رابطے، وہاں پہنچنے کے ذرائع، پارکنگ فیس کی ادائیگی اور اپنے تجربات کو شیئر کرنے جیسے تجربات کا گھر بنانا چاہتی ہے۔گوگل کی جانب سے جاری نئے بیان میں بتایا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت، نوبیاہتا دلہن گھر کا صفایا کر کے فرار

لکھنؤ (آن لائن) بھارت کی ریاست اتر پردیش میں نوبیاہتا دلہن چوری کی کامیاب واردات کر کے فرار ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اتر پردیش کے علاقے شاہ جہاں پور میں نوسر باز دلہن رکھتی کے پانچ گھنٹے بعد زیورات، نقد رقم اور دیگر قیمتی اشیا لے کر فرار ہوگئی۔دلہا کے اہلخانہ نے نوسر باز دلہن کے خلاف مقامی تھانے میں درخواست جمع کرادی جس کے بعد پولیس نے ملزمہ کی تلاش شروع کر دی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق جماعت اسلامی کوئٹہ و برادر تنظیمات کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر وپبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس جناح روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایمنگل پلازہ، ایمنگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے پلان

کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی کو پولیس ہیڈ کوارٹرز بلوچستان کے دورہ کے موقع پر پولیس کے ڈھانچہ اور ذمہ داریوں بارے آگاہ اور امن وامان کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ آئی جی پولیس محمد طاہر رائے نے دہشت گردی پر قابو پانے بارے پلان بھی کمانڈر سدرن کمانڈ کو پیش کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس، سی ٹی ڈی سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ آپریشن اور ایک دوسرے کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کریں گے۔ بہت جلد دہشت گردی پر مکمل قابو پالیا جائے گا۔ جنرل سرفراز علی نے پولیس اور دیگر اداروں کی تیاری پر اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بلوچستان میں مجموعی طور پر امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے، لیکن کچھ عرصے سے دوبارہ دہشت گردی کے اکا دکا واقعات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دہشت گرد سخت حکومتی اقدامات کے بعد زیر زمین چلے گئے تھے ایک بار پھر متحرک ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بھارتی مدد بھی ان دہشت گردوں کو حاصل ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان عالمی برادری کو بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھارت کے ملوث ہونے بارے شواہد بھی پیش کر چکا ہے۔ صوبے کی وسیع سرحدیں دیگر ملکوں کے ساتھ ملتی ہیں۔ جہاں سے دراندازی ہوتی رہی ہے، سرحدوں پر باڑ لگانے کا عمل اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ تاکہ غیر قانونی نقل وحرکت کو روکا جاسکے۔

موجودہ بلوچستان حکومت نے جب اقتدار سنبھالا تو صوبہ دہشت گردی کی لپیٹ میں تھا۔ ہر سال سینکڑوں افراد شہید ہزارون زخمی ہو رہے تھے۔ وکلاء پر حملہ کا بڑا واقعہ بھی پیش آیا۔ اس کے علاوہ ایک فقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی مسلسل نشانہ بنایا جاتا رہا دہشت گردوں کا کوئی مذہب، قومیت نہیں ہوا کرتی وہ صرف دہشت گرد کہلاتے ہیں۔ تخریب کار سیکورٹی فورسز پر بھی حملے کرتے رہے ہیں، تاکہ عوام کو یہ تاثر دیا جاسکے کہ جو فورسز اپنی حفاظت نہیں کرسکیں وہ عام لوگوں کو کیونکر تحفظ فراہم کرسکتی ہیں ہمارے نزدیک یہ سوچ فروغ نہیں پاسکی، عوام جانتے ہیں کہ اگر فورسز کے اہلکار بے مثال قربانیاں نہ دیتے تو صوبے سے دہشت گردی کو ختم کرنا ممکن نہ ہوتا، لوگ وہ وقت فراموش نہیں کر سکتے، جب دہشت گردون نے انہیں یرغمال بنا رکھا تھا، صوبے کے کئی علاقے نوگوایریاز میں تبدیل ہو چکے تھے، ترقی کے لئے امن ضروری ہوتا ہے، سماج دشمن عناصر کی کارروائیوں کا مقصد صوبے میں ترقیاتی عمل کو بھی روکنا تھا۔ سی پیک منصوبوں کے تناظر میں بھارت نہیں چاہتا کہ یہاں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے، اس مقصد کے لئے وہ دہشت گردی کے ذریعے عدم استحکام پیدا کرنا چاہتا ہے تاکہ پاک چین اقتصادی راہداری کے منصوبوں کو سبوتاژ کرسکے۔ صوبائی حکومت امن کو اولین ترجیحات میں سرفہرست رکھے ہوئے ہے۔ اس مقصد کے لئے بجٹ میں سب سے زیادہ رقوم مختص کی جارہی ہیں۔ وسیع رقبہ اور دور دور تک پھیلی ہوئی آبادی کے پس منظر میں امن قائم رکھنے میں بہت زیادہ وسائل اور حکمت عملی کی ضرورت ہوتی ہے۔ صوبے کے قبائلی ماحول کے مطابق لیویز فورس بھی امن وامان برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہی خدمات کو دیکھتے ہوئے صوبائی اسمبلی لیویز فورس کی عملداری کو وسیع کرنے بارے کئی قراردادیں منظور کرچکی ہے۔ بی ایریاز میں لا اینڈ آرڈر کی صورتحال اے ایریاز سے بہتر رہی ہے۔ تاہم لیویز کو بھی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ دشمن عناصر کے پاس جدید ہتھیار، ویلکز آلات اور تربیت موجود ہے۔ جس کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام فورسز کو بھی بہترین ٹریننگ اور وسائل فراہم کرنا ہوں گے۔

بلوچستان میں سیکورٹی پلان کو بھی از سر نو مرتب کرنے بارے تجاویز سامنے آئی ہیں۔ کوئٹہ سٹی سمیت دیگر بڑے شہروں میں بھی اسی نوعیت کے منصوبے فوری مکمل کرنا ہوں گے۔ ہم یہاں یہ ضرور کہنا چاہیں گے کہ نیشنل ایکشن پلان کی تمام شقوں پر اگر عملدرآمد کر دیا جاتا تو آج پائیدار امن بحال ہو چکا ہوتا۔ لیکن بعض سیاسی وجوہات کی وجہ سے ایکشن پلان ادھورا رہا مقررہ ایکشن پلان میں صرف دہشت گردوں نہیں بلکہ ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کرنے بارے شق شامل تھے۔ جب تک دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے تمام رابطے ختم نہیں کیئے جاتے۔ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ممکن نہیں، ہم صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کو قابل تحسین سمجھتے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے اور فورسز بحالی امن کے لئے مل کر کام کرتی رہیں گی۔

بات کیسے ویران ہوتی ہے؟

وجاہت مسعود

ٹھیک 72 برس گزر گئے۔ بارہ مارچ سے بارہ مارچ تک دائرے کا سفر ہے۔ دھول جھونکنے کی حکایت دھند چھانے کی کہانی تک آن پہنچی۔ بارہ مارچ 1949 کو ہم نے دستور ساز اسمبلی میں قرارداد مقاصد منظور کی تھی۔ چوہتر سالہ قائد حزب اختلاف سریس چندر چٹوپادھیا دلیل کی دہائی دیتے رہ گئے، سرکاری بیانیے نے نعرے، طفل تسلی اور ملفوف دھونس کی مدد سے اقلیت کی اختلافی آواز کو کچل ڈالا۔ اس روز ہم نے شہریوں کے مساوی رتبے کے بارے میں بابائے قوم کے واضح فرمان سے منہ پھیر لیا تھا کہ عقیدے کو کاروبار ریاست سے کچھ لینا دینا نہیں۔ قومی ریاست نام ہی شہریوں کے حق حکمرانی کا ہے۔ حق حکمرانی کیا ہے؟ شہری قومی وسائل کی تقسیم، محصولات کے استعمال اور قومی اہمیت کے بنیادی معاملات پر فیصلہ سازی کا مساوی حق رکھتے ہیں۔ ہم نے حق حاکمیت کو شہری کی بجائے ایک non-justiciable فکری تصور سے منسوب کر دیا تو یہ ناگزیر تھا کہ حاکمیت کا جواز طاقت کے بل پر تراشا جائے گا اور قانون کی سوفسطائی تشریح کی جائے گی۔ تین روز قبل ہم پر ایک اور بارہ مارچ گزر گیا۔ اس شام مظفر حسین شاہ کو لرزیدہ لب ولہجے میں ایوان بالا کے سربراہ کے لئے رائے شماری کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے دیکھا تو چشم تصور میں جسٹس محمد منیر کی شبیہ تیر گئی جب انہوں نے 10 مئی 1955ء کو اکاؤنٹس برانچ کے اہل کار غلام محمد کے ہاتھوں دستور ساز اسمبلی کی تحلیل کو درست قرار دیا تھا۔ انصاف قانون کے لفظ کی سنگی چٹان نہیں، یہ وہ شفاف پہاڑی چشمہ ہے جس کے گنگناتے پانی کی تہ تک ہر موج کی سرخوشی آنکھ ٹھیک ٹھیک دیکھ سکتی ہے اور دلوں میں انصاف کی ٹھنڈک محسوس کی جا سکتی ہے۔ ہم نے اپنی تاریخ میں ناانصافی کے منفعل خدوخال اس تواتر سے دیکھے ہیں کہ اب ہمیں انصاف کا چہرہ تک یاد نہیں رہا۔ میر صاحب یاد آ گئے، سنا جاتا ہے شہر عشق کے گرد / مزاریں ہی مزاریں ہو گئی ہیں۔

سینیٹ انتخابات میں جو کچھ ہوا، سامنے کی بات ہے۔ آئینی ترمیمی بل، صدارتی آرڈیننس اور صدارتی ریفرنس کی سہ طرفی یلغار بہت کچھ کہے دیتی تھی۔ اصولی طور پر ایوان بالا کے پولنگ بوتھ میں خفیہ کیمروں کی دریافت کے بعد انتخابی عمل روک کر اس بدترین سانحے کی تحقیق ہونا چاہیے تھی۔ ایوان بالا کی کمیٹی تو مار پیچھے پکار کا مضمون ہے۔ انتخاب کی رات ایک صاحب تعینات کئے گئے اور انتخاب کے ایک روز بعد کورونا کی آڑ میں تمام عملے کو رخصت کر دیا گیا۔ مسترد شدہ ووٹوں کا معاملہ وہاں پہنچ گیا ہے جہاں منصف کٹہرے میں ہیں، وکیل لغت ہائے مجازی کا بستہ بردار ہے اور دلیل سربزانو ہے۔ نومبر 2011ء میں ریاست ایک مفروضہ اسکرپٹ کی تلاش میں غیر ملکی موبائل کمپنیوں تک جا پہنچی تھی۔ اب ڈیرہ غازی خان سے ایک سینیٹر، ڈسکہ کے چند اہل کاروں اور حزب اختلاف کی ایک خاتون رہنما کا ٹیلی فون ریکارڈ معلوم کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ قومی احتساب بیورو کی موج بے اماں قومی سلامتی کی دہلیز تک آ پہنچی ہے۔ ایسی حلقہ در حلقہ فصیل کھنچی ہے کہ 'نہ سنگ میل نہ منزل نہ مخلصی کی سبیل'۔

موجودہ سیاسی کشمکش کا حقیقی میدان حکمران تحریک انصاف اور حزب اختلاف میں رسہ کشی نہیں، یہ پاکستان کے عوام کا مقدمہ ہے۔ تحریک انصاف کے ترجمان تو اسی طرح 'فرائض تفویضہ' ادا کر رہے ہیں جیسے پاکستان قومی اتحاد کے نامزد وزیر ضیا آمریت کی عذر خواہی کیا کرتے تھے۔ لکھنے والے کا قلم اس تمثیل کے حقیقی کرداروں کا تعارف کرانے کی تاب نہیں رکھتا۔ ملک کو درپیش چند حقیقی مسائل کی نشاندہی کر لیتے ہیں۔ ہمارا معاشی بحران دراصل ہماری کمزور پیداواری بنیاد سے تعلق رکھتا ہے۔ بیرونی سرمایہ کاری اور مقامی معاشی امکانات کو مسابقتی مواقع دے کر معیشت میں بہتری لائی جا سکتی ہے لیکن اس کے لئے سیاسی استحکام درکار ہے۔ ہم اپنی آبادی میں ہر برس ناروے کی کل آبادی کے برابر اضافہ کر رہے ہیں اور رحمت خداوندی کے اس سیلاب کی تعلیم سے مجرمانہ تغافل برتا جا رہا ہے۔ نتیجہ یہ کہ ہماری انسانی ترقی کے موجودہ اشاریے جنوبی ایشیا میں نچلی ترین سطح پر آ گئے ہیں۔ مستقبل میں بے روزگاری بڑھے گی اور 'قیمے والے نان' پر ووٹ دینے والے ہجوم کا گرتا ہوا معیار زندگی سماجی انتشار کو بڑھاوا دے گا۔

ہم نے آدھی آبادی کو منفعت بخش پیداواری سرگرمی سے خارج کر رکھا ہے۔ 23 کروڑ کی منڈی دس کروڑ ناخواندہ شہریوں اور گیارہ کروڑ 'خواتین خانہ' کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی۔ گزشتہ صدی میں جرمنی اور جاپان جیسی تعلیم یافتہ صنعتی طاقتیں Lebensraum ڈاکٹرائن میں کامیاب نہیں ہوسکیں، ہمیں بھی اس خام خیالی سے باز رہنا چاہیے۔ خوش قسمتی سے ہمارے پاس ایک قابل عمل دستور موجود ہے اور وفاقی اکائیوں میں امید افزا سیاسی ارتباط پایا جاتا ہے۔ ہمیں مرکزیت پسند سوچ کی بجائے وفاقی تنوع میں سیاسی توانائی کی جستجو کرنی چاہیے۔ یہ زمینی حقائق شمار کرنا آسان ہے لیکن گوش اختیار کو بار ساعت نہیں۔ ہم اپنے قومی اسٹیج پر بیسویں صدی کے امریکی ڈرامہ نگار یوجین اونیل کا کھیل Long Day's Journey into Night دیکھ رہے ہیں۔ ماں باپ اور دو بیٹوں کے چار ناکام کرداروں کا المیہ ہے جہاں گھرانے کا ہر فرد ایک دوسرے پر الزام تراشی کرتا ہے، سب ایک دوسرے سے کبیدہ خاطر ہیں۔ اس کھیل کو پڑھتے ہوئے آپ با آسانی پاکستانی بحران کے کردار پہچان لیں گے کیونکہ آپ خطہ میانوالی کے پنجابی شاعر کے اس مصرعے کا پس منظر جانتے ہیں، پیر بخشا، ایہ گل ویران ہو گئی۔ آئیے یوجین اونیل کی تمثیل میں ماں کے دو مختصر مکالمے پڑھتے ہیں۔ I'm sick... and tired of pretending this is a home... You don't really want one! (میں خود کو یہ دھوکہ دیتے دیتے تنگ آ چکی ہوں کہ یہ ہمارا گھر ہے۔۔۔ دراصل تم لوگ اسے گھر بنانا ہی نہیں چاہتے۔) "The past is the present, isn't it? It's the future too." (جیسا ہمارا ماضی تھا، حال بھی ویسا ہی ہے اور مستقبل بھی ایسا ہی نظر آتا ہے)۔

بیٹی کی پسند کی خریداری اور باپ کی تنگ جیب

وسی بابا

لڑکوں کے سکول کی چھٹی بیس منٹ پہلے ہوتی ہے۔ استاد لڑکوں کو ان کے سائیکلوں پر سوار کراتے ہیں نکالتے ہیں۔ ایک استاد ان کے پیچھے لگتا ہے اور انہیں ہانکتا ہوا گھروں کی طرف لے جاتا ہے۔ یہ وہ لڑکے ہیں جو دور کے گاؤں سے آئے ہیں۔

بعد میں لڑکیوں کے سکول کی چھٹی ہوتی ہے وہ پیدل مارچ کرتی گھروں کو جاتی ہیں، کھیتوں میں کام کرتے کوئی نہ کوئی بزرگ اپنے جوتے کو اور راستے کو دیکھتا رہتا کہ کوئی منڈا ہاتھ لگے ان کڑیوں پیچھے جاتا۔

یہ اسی کی دہائی کا شروع ہے۔ ہائی سکول کا منظر ہے۔ جیسا سادیہات کا مزاج ہے ویسا سا انہوں نے انتظام کر رکھا ہے۔ کہ وقت گزرے اور بدلے خیریت رہے۔

دوسرا منظر گورا بازار پشاور کا ہے۔ ہم دوست ہیں کبھی دو ہیں کبھی تین۔ ایک درزی کو کپڑے دینے آیا ہے۔ ہاتھ میں رسالہ ہے، دوسرے ہاتھ میں اپنے سامنے اپنی گھر والی کے سوٹ کی پیائش کرا رہا ساتھ ہمیں باہر کھڑا کر کے ہنس بھی رہا اور کہہ بھی رہا کہ لرے اودرے گا۔ نزدے رانہ شے۔ دور رہو پاس نہیں آنا۔

اگر اپنی گاڑی میں آئے ہیں تو بیٹھتے ہیں اس کی کلاس ہو گی اس سے مذاق ہو گا۔ بس میں ہیں تو اتر کر اکیلے ہونے کا انتظار ہو گا۔

اک سین اور بھی ہے، چھوٹی چھوٹی لڑکیاں مدرسے جاتی ہیں، سکول نہیں جاتیں، مدرسے سے بھی انہیں جلدی اٹھا لیا جاتا ہے۔ جیسے ہی وہ بارہ تیرہ چودہ سال کی ہوتی ہیں تو گھر بٹھا لیتے ہیں۔ سکول جاتی ہیں تو تیسری یا حد پانچویں سے آگے نہیں بڑھتی ہیں۔

سکول کا مرنا یہ ہے کہ اس ریموٹ ایریا میں جب لڑکی پڑھتی ہوئی گھر پہنچتی ہے تو وہ کچھ ایسا نہیں سیکھ کر آتی جو کوئی سنے مانے یا اس سے متاثر ہو، نہ گھر میں کوئی ترتیب بدلتی ہے نہ کھانا پیش کرنے کا انداز۔

مدرسے سے جو پڑھ کر آتی ہے وہ بہت باتیں کرتی ہے۔ روزمرہ کے کئی کاموں کو ادا کرنے طریقہ بتاتی ہے۔ اس کا دوپٹہ ٹھیک رہتا ہے۔ وہ بہت کچھ خود ہی سمجھنے لگتی ہے۔

اس پس منظر کے ساتھ این جی او کا ایک پروگرام آتا ہے جو لڑکی سکول آئے گی اس کے گھر والوں کو ہر مہینے پیسے ملیں گے۔ رواج کی دیوار دھڑام سے گرتی ہے۔ پیسے بند ہوتے ہیں، رواج پھر تگڑا ہوا نعرے مارتا کھڑا دکھائی دیتا ہے۔

آپ نے کبھی باپ کو بھائی کو بہن یا بیٹی کا جہیز خریدتے دیکھا ہے۔ اک حسرت ہوتی، اک خواہش، اک حالت، بیٹی کی چپ آنکھیں بھی کتنے مطالبے کہتی لگتی ہیں۔ جیب وہ کچھ نہیں کرنے دیتی جو وہ کرنا چاہتا ہے۔ یہ سین دیکھنا اپنے لیے تو بہت ہی مشکل ہے۔

دو بار بلکہ تین بار اتفاق ہوا کہ لڑکے لڑکی کو اپنے نئے گھر کی خریداری خود کرتے دیکھا۔ خوشی تھی، حساب تھا دوستانہ سا کہ کیا اب کر لیں کیا رہنے دیں کس کے بغیر گزارا ہے اور کیا ضروری ہے۔ جیب چھوٹی بھی لگی تو مجبوری کا احساس کہیں تھا بھی تو کم کم ہی محسوس ہوا۔

اک خریداری دل میں زلزلے لے آئی تھی۔ اک والد تھا جو اپنی بیٹی کے لیے عام سی خریداری کرنے نکلا تھا جوڑا جوتا اور پرس کہ شاید سکول کی کوئی پارٹی تھی۔ والد کو میچنگ کی ضرورت سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ لڑکی فون پر بتا نہیں پا رہی تھی۔

ابا میں نہیں جاوں گی۔ ضروری نہیں ہے۔ جبکہ ابا بھینا تو چاہتا تھا ساتھ یہ کہتا تھا کہ میچنگ مہنگی ہے مل نہیں رہی، وہ سمجھ بھی نہیں پا رہا تھا۔

اک حسرت ہے کہ وہ دکاندار میں ہوتا اور وہ اسی ابا کے ساتھ خریداری کو آتی تو اسے پتہ لگتا کہ باہر جو لوگ ملتے وہ بھی اپنے ہوتے۔ دوسرے کے دل کی سن لیتے ہیں۔

دیہی علاقوں میں ہر سال بنتی گندی مندی روڈیں جو ہر سال ہی ٹوٹتی رہتی ہیں۔ بڑی ہی زہر لگتی ہیں۔ اب تو انگلی پر حساب ہو جاتا کہ یہ پیسے کدھر کدھر جاتے ہیں۔

بڑا ہی سڑ کر پوچھا تھا یہ سب تو جواب ملا تھا کہ روڈ بن جاتی ہیں۔ تو دور قصبوں سے بھی اچھے رشتے آ جاتے ہیں۔

ہم کسی نہ کسی طرح رواج کرتے آ رہے تھے۔ جیسے تھے ویسے رہ مر رہے تھے۔ اب بدل رہے ہیں رواج بھی ہم بھی۔ ٹوٹ پھوٹ زیادہ۔ ہمارے مزاج کی مرمت کرے ہمارے رواج سدھارے۔ ہم اس کی سنیں وہ ہمیں جانے، ایسا کوئی ملا نہیں۔ خود ہم کچھ کرتے نہیں، خدا اسے بھجواتا نہیں۔

گلے میں جوسر لٹکانے کی خواہش

شازار جیلانی

جس طرح ہر فوجی سپاہی کی خواہش ہوتی ہے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد گاؤں میں اسے صوبیدار صاحب بلایا جائے اسی طرح ہر ہومیوپیتھک معالج کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے ڈاکٹر پکارا جائے۔ اس لئے ہر ہومیو کلینک پر معالج کے اپنے نام کے ساتھ ڈاکٹر لکھا ہوا ہوتا ہے، بلکہ میڈیکل ڈاکٹروں کی ہومیو معالجین کے ساتھ سب سے بڑی لڑائی یہی ہے کہ ہومیو معالج ڈاکٹر نہیں ہوتے، پھر ساتھ ڈاکٹر کیوں لکھتے ہیں۔

پچھلی رات کو سلیم صافی کے ٹی وی شو جرگہ میں ایک ہومیو معالج کے گلے میں سٹیتھیسکوپ دیکھ کر یہی احساس ہوا۔ یہ حضرت تو حقیقی ہومیو معالج تھے، اور شاید اٹلی سے آن ائر تھے، میں نے تو ایسے حقیقی ڈاکٹر بھی دیکھے ہیں، جن کی خواہش ہوتی ہے کہ لوگ ان کو ڈاکٹر سمجھیں۔ جس کی خاطر وہ نماز پڑھنے کے لیے مسجد جاتے ہوئے بھی، سٹیتھیسکوپ گلے میں لٹکا کر جاتے ہیں۔ ایسا کرنا ایک بالکل فطری انسانی کمزوری ہے، ایسا انسان کسی نہ کسی وجہ سے خود کو دوسروں سے برتر سمجھتا ہے اور اسی برتری کے اظہار کے احساس کمتری میں مبتلا ہوتا ہے۔

یہ بالکل ایسا ہے جیسے آرمی سے ریٹائر کردہ کیپٹن اور میجر، اپنے ناموں کے ساتھ عمر بھر کیپٹن اور میجر (ریٹائرڈ) لکھتے رہتے ہیں۔ اگرچہ آرمی سے ریٹائرڈ کردہ کیپٹن اور میجر، بشرطیکہ ڈسپلنری مسائل کی وجہ سے نہ نکالے گئے ہوں، اپنے پیشے کے نالائق ترین لوگ ہوتے ہیں، جو کسی نہ کسی طریقے سے آرمی افسر تو بن جاتے ہیں لیکن آگے دو قدم چلنے کے قابل نہیں ہوتے۔ آرمی کے اندر یہ لوگ ایسے ہوتے ہیں جس طرح پرائمری سکول کا نالائق ترین سفارشی استاد ہوتا ہے۔ پاکستان ویسے تو بنجر ہے لیکن ریٹائرڈ آرمی افسران کے سلسلے میں کسی نخلستان سے کم نہیں۔ لوگ بھلے ان کو پاکستان کی بدقسمتی سمجھے یہ خود کو اس ملک پر احسان سمجھتے ہیں۔ تبھی تو ریٹائرڈ کیپٹن اور میجر دفاعی ماہرین کی شکل میں بعض نیوز چینلز پر ماہرانہ رائے تک دیتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں۔

خودنمائی پر مبنی یہ احساس کمتری صرف شخصیات تک محدود نہیں، بعض پورے خاندان اس امتیازانہ بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اچھا خاصہ چاچا بھتیجے بھتیجیوں کے لیے انجینئرنگ کرنے کے بعد انجینئر صاحب ایس ڈی او صاحب اور ایکسین صاحب بن جاتا ہے ورنہ ناراض ہوتا ہے۔ دور رہائش پذیر بھانجے بھانجیاں مہمان بننے سے پہلے نئے عہدے اور خطاب کی مناسبت سے باقاعدہ ماں سے تازہ ترین بریفنگ لیتی ہیں۔ اگرچہ ڈاکٹر انجینئر کے مقابلے میں معاشرے میں آسانی سے اپنی پہچان پیدا کر لیتا ہے۔

بات شروع ہوئی تھی سٹیتھیسکوپ والے ہومیو معالج سے اور پہنچی میجر ریٹائرڈ صاحب اور وہاں سے ایکسین چاچا تک۔ ممکن ہے ریٹائرڈ کیپٹن اور میجر صاحب، آرمی سے ہماری محبت کا غلط فائدہ اٹھا رہا ہو، یا شاید ہمیں ڈرانے کے لئے وہ ایسا لکھتا ہو کیونکہ میجر جو ہوئے۔ یا شاید اس کی ٹوپی میں بس یہی ایک نمایاں پر ہوتا ہے۔

پختونخوا کے دوسرے بڑے شہر میں، کبھی ایک مشہور ڈاکٹر ہوا کرتے تھے، نام میں کیا رکھا ہے۔ ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے نے ان کی گدی اور مریض دونوں سنبھال لیے۔ ممکن ہے ابھی بھی وہ اپنے باپ کے نام والے بورڈ کے نیچے اپنی پریکٹس کرتا ہو۔ ڈاکٹر کا بیٹا خود بھی ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھا۔ اس ڈاکٹر کے ڈاکٹر بیٹے کی دو خواہشات بڑی نمایاں تھیں، مقامی روایتی معاشرے میں آج سے کوئی دس پندرہ سال پہلے، پینٹ پہننا اور سٹیتھیسکوپ گلے میں لٹکا کر بازار میں پھرتے رہنا۔

شاید اسے بھی خود کو ڈاکٹر منوانے کی شدید خواہش تھی۔ ڈاکٹر کی کلینک کے سامنے جوس اور ملک شیک کی دکانیں تھیں۔ ایک دن اسی مرحوم ڈاکٹر کا ڈاکٹر بیٹا سٹیتھیسکوپ گلے میں لٹکائے ملک شیک والی دکان پر آیا، ملک شیک کی دکان کا مالک، ڈاکٹر کا کلاس فیلو تھا، ڈاکٹر نے ملک شیک مانگی تو دکاندار نے اسے چھیڑتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر صاحب آپ ڈاکٹر ہیں اور میں ملک شیک بیچنے والا، اگر میں آپ کی طرح اپنا جوسر گلے میں لٹکا کر بازار میں پھروں گا تو لوگ مجھے پاگل کہیں گے، لیکن آپ بازار میں سٹیتھیسکوپ پہن کر سمجھتے ہیں کہ لوگ آپ کو ڈاکٹر کہیں گے۔ ڈاکٹر دکاندار کو بے عزت کرتے ہوئے، ملک شیک پیئے بغیر کلینک واپس چلا گیا۔

نوابزادہ نصر اللہ خان مرحوم احتجاجی سیاست اور اتحادی احتجاجوں میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ وہ روایت پسند شخصیت اور مرنجان مرنج سیاستدان تھے۔ ان کے بارے میں مشہور تھا کہ اگر کبھی خود بھی صدر یا وزیراعظم بن گئے تو مختلف سیاست دانوں کی اتحاد بنا کر اپنی حکومت کے خلاف احتجاج کریں گے۔ جس طرح اچھا باولر ضروری نہیں کہ اچھا بیٹسمین بھی ہو اسی طرح بعض سیاست دان صرف احتجاجی سیاست ہی کر سکتے ہیں۔ وہ جو تقریریں مطالبے اور وعدے حکومت ملنے سے پہلے کرتے ہیں حکومت ملنے کے بعد بھی وہی کرتے رہتے ہیں۔ کبھی کبھی اپنی اس 'خوبی' کا اقرار خود بھی کر لیتے ہیں کہ حکومت کرنا بڑا مشکل ہے بندہ کس کس کی سنے کس کس کو راضی کرے؟ جس کا آسان الفاظ میں مطلب یہ ہے کہ مخالفت کرنا آسان ہے حکومت کرنا مشکل، بالفاظ دیگر میں حکومت مخالف ہوتا تو اچھا تھا۔

انڈہ دینا مشکل ترین کام ہے ناشتہ کرتے ہوئے انڈے کو اچھا یا برا کہنا آسان کام ہے۔ سینیٹ کے انتخابات جیتنے ہوں یا چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے، ثابت ہوا آپ کو اس میں کمال حاصل ہے۔ آپ سیاست کے سارے گر سیکھ چکے ہیں وہ بھی جس کو دوسرے بروئے کار لے آئیں تو بقول آپ کے کرپشن ہے۔ سیاست کے سارے گرو خاک چاٹتے رہیں، ساری طاقتیں آپ کے کاندھے سے کاندھا ملا کر کھڑی ہوں، کوئی مخالف نہ ہو، سارے اخبارات اور ٹی چینلز آپ کے حق میں رطب اللسان ہوں، سارے صابر شاکر، حسن نثار، سمیع ابراہیم، اسد کھرل، ارشاد بھٹی، ہارون الرشید آپ کو ڈیگال ثابت کرنے میں جتے ہوں، بھاری بھرکم اشرفی یا لاکھوں فالورز کا سیلیبریٹی طارق جمیل آپ کو خلیفہ عصر کہہ دے، شہباز گل، فردوس عاشق اعوان، فیاض الحسن چوہان یا علی محمد خان کی تقاریر سن کر آپ خود بھی خود کو وہی سمجھنے لگیں جو وہ آپ کو باور کراتے ہیں۔ جب تک کہ آپ کو حکومت کرنی نہیں آئے گی، جب تک کہ خلق خدا آپ کو اپنی دعاوں میں شامل کرنا شروع نہ کردے یہ سب محض سامریت ہے جو اپنی تمام تر طلسماتی جولانیوں کے باوجود محض واہمہ ثابت ہوگی۔

مان لیں کہ آپ حقیقی وزیراعظم ہیں، مان لیں کہ لوگ کسی چوہان گل یا عاشق اعوان کی درفنطنی سے متاثر نہیں ہوتے، وہ اپنے بجھتے ہوئے چولھوں اور کم ہوتی ہوئی قوت خرید سے متاثر ہو رہے ہیں۔ آپ کو سیاست دان سمجھ کر ووٹ دیے گئے تھے کوئی منتقم مزاج جلاد سمجھ کر نہیں۔ بدعنوانی کے میدان میں آپ ناکام ہیں بلکہ خود انتخابات کے دوران وہی کچھ کرتے رہیں حکومت چلانے میں بھی آپ خود کو ناکام ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ یقین کر لیں، آپ ہی وزیراعظم ہیں آپ ہی ان سب چیزوں کے ذمہ دار ہیں، آپ کو کیوں بشریٰ بیگم کی یاد دہانی کی ضرورت پڑتی ہے؟

سینٹ الیکشن: ریاستی قوت کا ٹریلر

نصرت جاوید

چیئرمین سینٹ کے انتخاب سے قبل ہمارے روایتی اور سوشل میڈیا میں سنجرانی یا گیلانی والا سوال اٹھاتے ہوئے جو شور برپا تھا میں نے اس سے خود کو لاتعلق رکھا۔ محض ایک فقرے کے ذریعے عرض بھی کر دی تھی کہ میں اس بحث میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ عمران خان صاحب کی جگہ ان دنوں کوئی اور شخص بھی وزیر اعظم کے منصب پر بیٹھا ہوتا تو قومی اسمبلی میں خفیہ رائے شماری کے ذریعے یوسف رضا گیلانی کے ہاتھوں ڈاکٹر حفیظ شیخ کی شکست کو نظرانداز نہ کر پاتا۔ شیخ صاحب ایک روایتی امیدوار نہیں تھے۔ بوسٹن یونیورسٹی کے تعلیم یافتہ ٹیکنوکریٹ ہیں۔ عمران حکومت نہیں بلکہ ریاست پاکستان ان کے ذریعے عالمی معیشت کے نگہبانوں سے روابط استوار رکھتی ہے۔ ان کی شکست سے پیغام یہ گیا کہ ان دنوں ہمارے ہاں جو حکومتی بندوبست ہے وہ براہ راست انتخاب کے ذریعے وجود میں لائی قومی اسمبلی کی حمایت سے محروم ہو چکا ہے۔ اس تاثر کی نفی کے لئے عمران خان صاحب فوری طور پر 6 مارچ کے دن اپنی اکثریت دکھانے کو مجبور ہوئے۔ اعتماد کا از سر نو ووٹ لینے سے قبل ہی انہوں نے سنجرانی صاحب کو چیئرمین سینٹ کا حکومتی امیدوار بھی ڈیکلیئر کر دیا تھا۔

سنجرانی صاحب بھی ایک عام سیاستدان نہیں۔ بلوچستان کی محرومی کے ازالے کے نام پر 2017 میں راتوں رات بنی بلوچستان عوامی پارٹی کے کلیدی رہ نما ہیں۔ اس جماعت میں شامل افراد کو ریاستی سرپرستی میسر ہے۔ وہ ''غدار علیحدگی پسندوں'' کے متبادل شمار ہوتے ہیں۔ سنجرانی چیئرمین سینٹ کے منصب پر واپس نہ لوٹتے تو پیغام یہ بھی جاتا کہ ریاستی سرپرستی ''محبان وطن'' سیاست دانوں کے کام نہیں آرہی۔ ممکنہ پیغام کے تدارک کیلئے تحریک انصاف نے ایوان بالا کی واحد اکثریتی جماعت بن جانے کے باوجود انہیں سرکاری امیدوار بنایا۔ راولپنڈی کی لال حویلی سے اٹھے بقراط عصر نے اس تناظر میں کنفیوژن کی گنجائش بھی باقی رہنے نہیں دی۔ ٹی وی کیمروں کے روبرو برملا اعلان کرتے رہے کہ صادق سنجرانی ''ریاستی امیدوار'' ہیں۔ ان کی ''اہمیت'' اجاگر کر دی گئی تو شبلی فراز صاحب نے لگی لپٹی رکھے بغیر یہ اعلان بھی کر دیا کہ سنجرانی صاحب کو جتوانے کے لئے ''ہر حربہ'' استعمال کیا جائے گا۔ ''ہر حربہ'' کو یقینی بنانے کے لئے چیئرمین سینٹ کے انتخاب سے ایک دن قبل مرزا آفریدی کو ڈپٹی چیئرمین کا امیدوار نامزد کر دیا گیا۔ وہ ارب پتی صنعت کار ہیں۔ سنجرانی ان کے سفارشی تھے۔ جوڑ توڑ کی گیم پرویز خٹک کے سپرد کر دی گئی۔ آفریدی صاحب نے 98 کے ایوان میں 54 افراد کی حمایت واضح انداز میں ثابت کر دی۔ طے ہو گیا کہ قومی اسمبلی کی طرح سینٹ میں بھی تحریک انصاف اور اس کے اتحادی اپوزیشن پر بھاری ہو چکے ہیں۔

مذکورہ پہلو کو مگر اپوزیشن جماعتیں حیران کن انداز میں نظرانداز کئے ہوئے ہیں۔ دہائی مچا رہی ہیں کہ یوسف رضا گیلانی کے نام پر لگائی مہر درست ووٹ شمار ہو۔ تین اپوزیشن سینیٹروں نے میرے روبرو شدت سے اصرار کیا کہ ووٹنگ کے عمل کی بابت ''رہ نمائی'' فرمانے والے چند ذہین اور تجربہ کار ساتھیوں نے انہیں گیلانی صاحب کے نام پر ٹھپہ لگانے کی ہدایت کی تھی۔ اس ضمن میں دو نام بھی لئے گئے۔ میں انہیں دہرانے سے اجتناب برت رہا ہوں۔ دہرانے کو مجبور ہوں کہ گیلانی صاحب کے ''ضائع'' قرار دیئے ووٹ اہمیت کے حامل نہیں رہے۔ آفریدی صاحب کی حمایت میں ڈالے 54 غیر متنازعہ ووٹ ہی کلیدی پیغام کے حامل ہیں۔ واضح طور پر بتا رہے ہیں کہ ایوان بالا میں اپوزیشن نشستوں پر براجمان سات افراد حکومت کے ہمنوا بن چکے ہیں۔ اپوزیشن جماعتیں تاہم ان کی نشان دہی کرنے کی مشق میں وقت ضائع نہیں کریں گی۔ وہ ابھی تک ان افراد کا سراغ لگانے میں بھی ناکام رہی ہیں جنہوں نے اگست 2019 میں خفیہ رائے شماری کے دوران سنجرانی کے خلاف پیش ہوئی تحریک عدم اعتماد کو ناکام بنایا تھا۔ گیلانی صاحب کے مسترد ہوئے ووٹوں کی بابت عدالت سے رجوع کرنے سے قبل بھی سو بار سوچنا ہوگا۔ یہ ''سب پر بالادست'' شمار ہوتے ادارے۔ پارلیمان۔ کی نام نہاد ''خودمختاری'' کو کمزور بنا سکتا ہے۔ فرض کیا عدالت کی جانب سے بالآخر گیلانی صاحب کی کامیابی کا فیصلہ ابھی گیا تو آفریدی صاحب کو ملے 54 ووٹوں کی اہمیت اپنی جگہ برقرار رہے گی۔ سیاسی عمل بنیادی طور پر کسی ''بیانیے'' کی بنیاد پر کھیلا جاتا ہے۔ اس کی تشکیل کے لئے سادہ سوال اٹھاتے ہوئے ان کا موثر جواب ڈھونڈنے کا تقاضہ ہوتا ہے۔

گزرے جمعہ کی صبح مصدق ملک اور مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کمال مہارت سے اپوزیشن جماعتوں کو ایک اہم ترین سوال فراہم کر دیا تھا۔ پولنگ بوتھ کا ماہر سراغ رسانوں کی طرح جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے ایک نہیں چھ کیمرے ڈھونڈ لئے۔ خفیہ طور پر نصب ہوئے ان کیمروں کے ذریعے اس امر کو یقینی بنانے کی کوشش ہوئی کہ باسانی پتہ چلایا جا سکے کہ کونسے سینیٹر نے کس امیدوار کو ووٹ دیا ہے۔ خفیہ رائے شماری کے آئینی حق کی یوں کھلی تضحیک و توہین ہوئی۔ اپوزیشن جماعتوں کے سنجیدہ اور تجربہ کار لوگوں نے مگر نو منتخب اراکین کے حلف اٹھانے کا عمل عجلت میں مکمل کرنے کو ترجیح دی۔ حلف اٹھا لینے کے بعد تاہم اصرار ہونا چاہیے تھا کہ چیئرمین سینٹ کے انتخاب سے قبل ایوان کی بنائی کمیٹی کے ذریعے پتہ چلایا جائے کہ پولنگ بوتھ میں کیمرے کیسے نصب ہوئے تھے۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جمعرات کی رات پیپلز پارٹی کی محترمہ شیری رحمٰن کو سینٹ کے عملے کی جانب سے یہ اطلاع دی گئی کہ سینٹ کے ہال میں چند ''غیر'' لوگ درائے ہیں۔ انتہائی راز داری سے کوئی ''انوکھی'' بات ہو رہی ہے۔ مذکورہ اطلاع کی بنیاد پر مصدق ملک اور مصطفیٰ نواز کھوکھر نے بہت لگن سے کیمروں کا سراغ لگایا۔ کیمروں کی برآمدگی امریکہ میں تین دہائیاں قبل نمودار ہوئے ''واٹر گیٹ'' جیسا سکینڈل تھی۔ نکسن جیسے طاقت ور ترین اور چین کے ساتھ روابط استوار کرنے کی بناء پر ''تاریخ ساز'' تصور ہوتے صدر کو اس کی وجہ سے استعفیٰ دینا پڑا تھا۔ ہمارے ہاں نمودار ہوا ''واٹر گیٹ'' اپوزیشن جماعتوں نے گیلانی صاحب کے مسترد قرار پائے سات ووٹوں پر دہائی مچانے کی نذر کر دیا ہے۔ ''لوز بال'' پر چھکا لگانے کی ہمت وجرات سے محروم رہے۔

حفیظ شیخ کی شکست کے بعد عمران خان صاحب البتہ نہایت استقامت اور تسلسل سے ہمت وجرات دکھاتے چلے جا رہے ہیں۔ کئی صحافیوں کا خیال ہے کہ چیئرمین سینٹ کے انتخاب سے ایک رات قبل لندن میں مقیم نواز شریف صاحب نے ایک وڈیو بیان کے ذریعے انہیں دانستہ یا نادانستہ ''کمک'' بھی فراہم کی ہے۔ ''نیوٹرل'' ہوئے افراد کو اس کی بدولت پیغام ملا کہ موصوف ماضی بھلانے کو ہرگز تیار نہیں ہو رہے۔ عمران خان صاحب اس تناظر میں ''ان'' کی ضرورت و مجبوری بن گئے۔ وزیر اعظم کو اب ''بردباری'' کے مشورے دیئے جا رہے ہیں۔ ہماری ذہن سازی پر اپنے تئیں مامور حق گو تقاضہ کر رہے ہیں کہ اپوزیشن کو دیوار سے لگانے کے بجائے ''گڈ گورننس'' پر توجہ دی جائے۔ عمران خان صاحب اگرچہ ''کرپشن'' کے خلاف اپنے بیانیے پر ڈٹے رہیں گے۔ نیب کو مزید متحرک ہونا پڑے گا۔ مریم نواز صاحبہ کو 26 مارچ کے لانگ مارچ کا جارحانہ ماحول یا Momentum بنانے سے ہر صورت روکنا پڑے گا۔ پی ڈی ایم میں یکجا ہوئی جماعتوں کے مابین بدگمانیوں کو ہوا دینا ہوگی۔ چیئرمین سینٹ کے انتخاب کے دوران ''ریاست'' نے اپنی قوت کا ٹریلر چلا دیا ہے۔ میں ذاتی طور پر اس میں مزید شدت نمایاں ہوتی دیکھ رہا ہوں۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیں ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no: 03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

کیسی زمیں! کیسا آسماں!

ڈاکٹر شیر شاہ سید

امتیاز کارڈف رائل انفرمری میں بوڑھوں کے وارڈ کا رجسٹرار تھا۔ آج کل جاب کی صورتحال بہت خراب ہے۔ دس سال پہلے پاکستان انڈیا کے ڈاکٹروں کو گھر بیٹھے بیٹھے جاب مل جایا کرتی تھی۔ وہ اچھا وقت تھا۔ نہ کوئی امتحان تھا اور نہ کوئی مقابلہ۔ انگلینڈ کے ڈاکٹر پاس ہوتے تھے تو امریکا، کینیڈا اور آسٹریلیا چلے جاتے تھے اور انگلینڈ کے ہسپتال چلانے کے لیے ایشیا اور افریقہ سے ڈاکٹر آیا کرتے تھے۔ مگر اب صورتحال ہر جگہ خراب تھی۔ امریکا جانا اب آسان نہیں ہے لہٰذا انگریز ڈاکٹر انگلینڈ میں ہی رہتے ہیں اور اب تو نوکری ملنا بھی آسان کام نہیں ہے۔ اچھے ہسپتالوں میں نوکری ملتی ہی نہیں ہے۔ دوسرے اور تیسرے درجے کے ہسپتال جہاں انگریز ڈاکٹر نہیں جاتے وہاں نوکری کرنی پڑتی ہے۔ امتیاز ہمیشہ سے اچھا طالب علم تھا۔ خدا نے غریب بنایا تھا مگر ذہانت خوب دی تھی۔ میڈیکل کالج سے پاس ہونے کے بعد کچھ دوستوں، کچھ رشتہ داروں کی مدد سے وہ لندن پہنچ گیا تھا۔ لندن کا امتحان بہت آسانی سے پاس ہوگیا تھا، اس کے فوراً ہی بعد میڈیسن کی پرائمری بھی پاس ہوگئی تھی، اس کے بعد نوکری تو مل گئی تھی مگر ایسی جگہ ملی تھی جو اچھی نہ تھی۔ چھ مہینے وہاں کام کرنے کے بعد اس کا قرض تو اتر گیا مگر اس نے سیکھا کچھ نہ تھا۔ دوسری جاب بھی ایک کاونٹی ہسپتال میں ملی تھی جس سے کراچی میں ماں اور بہنوں کی زندگی بہتر ہوگئی تھی۔ مگر وہ کچھ ایسی چیزیں نہیں سیکھا تھا جو اس نے پہلے نہ دیکھی ہوں۔ بچپن ہی سے اس کی خواہش تھی کہ دل کی بیماریوں کا ڈاکٹر بنے۔ خواہش مضبوط سے مضبوط تر ہوتی گئی تھی۔ جب وہ میڈیکل کالج میں تھا اس کے ابا جان کا انتقال دل کی بیماری سے ہی ہوا تھا۔ اس وقت اس نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ دل کی بیماریوں کا ماہر بنے گا۔ کراچی میں ایسے ماہر تھے ہی کتنے۔ گنے چنے، اتنے کہ انگلیوں پر گن لو اور جن کی فیس اتنی کہ معاذ اللہ۔ غریب اگر بیمار پڑ گیا تو برسوں کی بچت ہفتے میں برابر۔ یہی کچھ اس کے ابا جان کے ساتھ ہوا تھا۔ وہ خود میڈیکل کالج میں تھا لہٰذا کسی پروفیسر نے اس سے تو فیس نہ لی تھی مگر ہسپتال کے اخراجات نے تھوڑے ہفتوں میں ہی مقروض بنا دیا تھا اور پروفیسر کی ماہرانہ صلاحیتیں، ہسپتال کی تمام سہولتیں، مہنگی مہنگی دوائیں اور ماں بہنوں کی بے انتہا دعائیں کچھ بھی ابا جان کی جان نہ بچا سکی تھیں۔ آخری دن، آخری شام اور آخری سورج غروب ہونے کے بعد مرنے سے تھوڑی دیر پہلے انہوں نے آنکھوں آنکھوں میں ہی کہا تا کہ بیٹا اگر دل کی بیماری کے ماہر بنا تو ایسا علاج نہ کرنا کہ دل کو تو بچا لو مگر زندہ رہنے سے خوف زدہ کر دو کہ یہ قرض کہاں سے پورا ہوگا۔ اور اسی وقت اس نے پکا فیصلہ کیا تھا کہ وہ دل کی بیماری کا ماہر بنے گا۔ لندن آ کر دل کی بیماریوں کے ہسپتال میں تو نوکری نہ مل سکی تھی مگر بوڑھوں کے بیماریوں کے وارڈ میں نوکری مل گئی تھی اور خواب صرف خواب ہی بن کر رہ گیا تھا۔ اب وہ امتحان کے دوسرے حصے کی تیاری کر رہا تھا، اس امید کے ساتھ کہ شاید ایم آر سی پی پاس ہونے کے بعد کسی اچھے ہسپتال کے کورونری کیئر یونٹ میں کام کر سکے تو کچھ سیکھ لے گا اور پھر وطن واپس جا کر شاید کسی کے کچھ کام آ سکے۔ یہاں ڈاکٹروں کی تنخواہ اچھی تھی۔ پچھلے تین سال کے عرصے میں امتیاز نے نہ صرف یہ کہ قرضے چکائے تھے بلکہ دو بہنوں کے ہاتھ بھی پیلے کر دیے تھے اور اب سب سے چھوٹی بہن رہ گئی تھی جس کی شادی بھی اس کی امی جان سال ڈیڑھ سال کے اندر کر دینا چاہتی تھیں۔

وقت دھیرے، دھیرے، تیزی کے ساتھ گزر رہا تھا۔ جمعرات کا دن مصروف تھا۔ صبح کو کلینک تھی، دوپہر کو بڑا راونڈ اور آج تو وہ رات کو بھی کام کر رہا تھا۔ کلینک بہت مصروف گزری۔ مسٹر براو?ن نے بیس منٹ لے لیے تھے، مسٹر جان آدھے گھنٹے بیٹھے رہے تھے، 72 سالہ ارتھر مور کو پندرہ منٹ دینے کے بعد داخل کرنا پڑ گیا تھا۔ 70 سالہ جم ملکرنی کے السر میں پھر درد شروع ہوگیا تھا، 65 سالہ ایلزبتھ گل کو پریشانی تھی کہ اس کے بال گرنا شروع ہو گئے ہیں، 67 سالہ رابرٹ گلیور کے جوڑوں میں پھر درد اٹھنا شروع ہوگیا تھا جس کی وجہ سے اس کے جوگنگ کے پروگرام میں خلل پڑ گیا تھا۔ بڈھوں کے درمیان رہتے رہتے کبھی کبھی اسے احساس ہوتا تھا کہ اپنی جوانی کے باوجود وہ ان تمام بڈھوں سے زیادہ عمر کا ہے کیونکہ یہاں کے بڈھے بھی جوانوں سے کم نہیں تھے۔ وارڈ راونڈ معمول کے مطابق ہوا تھا۔ وہی روزانہ کے دستور کے مطابق بڈھے جم کو پچھلے سات ہفتے سے کوئی دیکھنے نہیں آیا تھا۔ فلپ پر پھر افسردگی کا دورہ پڑ گیا تھا۔ مائیکل کے بیڈ کی وہی صورتحال تھی۔ مالدار میری کے رشتہ دار اسی امید میں تھے کہ وہ جلد ہی مر جائے گی۔ مختلف شکلیں روز آتی جاتی رہتی تھیں۔ کسی کو سائیکاٹرسٹ کو دکھانا تھا۔ کسی کے لیے فزیوتھراپی کا بندوبست کرانا تھا۔ کسی کو سرجن کے پاس بھیجنا تھا تو کسی کو آنکھوں کے وارڈ میں ٹرانسفر کرنا تھا۔ پورا دن کلینک اور راو?نڈ کی نظر ہو گیا تھ۔ اس ملک کے بوڑھوں کو کتنا آرام میسر تھا، وہ اکثر سوچتا تھا کہ بڑھاپے میں انگلینڈ آ کر رہ جائے گا۔ کسی ہسپتال میں لاوارث کی موت مرنا اچھا ہے۔ بہ نسبت اس کے کہ اپنے ملک میں تمام وارثوں کی موجودگی کے باوجود سکون کی موت نہ آئے۔ رات کے بارہ بجے تھے کہ آپریٹر نے اسے فون کیا، ڈاکٹر تمہارے لیے ایک ٹیلی گرام ہے۔ لفظ ٹیلی گرام ایک خطرناک لفظ ہے۔ ہزار ہا خیالات ایک طوفان کی طرح دماغ پر حملہ کر دیتے ہیں۔ کانپتے ہاتھوں سے اس نے پیلے رنگ کے لفافے کو کھولا تھا۔ امی کی طبیعت بہت خراب ہے جلد آ جائیں، حامد۔ ایک پتلی سی لائن تھی، چند جملے تھے، خبر تھی نہ جانے کیا تھا۔ کراچی، بچپن، ابو، امی، بہنیں سب کے سب ایک فلم کی طرح اس کے ذہن کے پردے پر آنے لگے تھے۔ امی کو بلڈ پریشر کی پرانی تکلیف تھی، خاص کر ابو کے انتقال کے بعد سے انہیں مستقل طور پر یہ دوائیں کھانی پڑ رہی تھیں۔ ہر ایک خط میں وہ لکھتا تھا کہ بلڈ پریشر کا خیال رکھیں، پچھلی دفعہ جب وہ کراچی گیا تھا تو اپنے جگری دوست نسیم کو تاکید کر کے آیا تھا کہ جب بھی موقع لگے گھر آ کر امی کا بلڈ پریشر چیک سیل برگ اور امی کے خط سے اسے پتہ لگتا رہتا تھا کہ وہ ٹھیک ہیں۔ انہیں اس بات کی بہت فکر تھی کہ ثریا کی شادی ابھی تک نہیں ہو سکی ہے اور امتیاز پر بہت زیادہ بوجھ ہے۔ اس نے کئی دفعہ انہیں لکھا تھا وہ کسی بات کی فکر نہ کریں، وہ خوش ہے اور جس طرح سے دو بہنوں کے فرض کو اس نے نبھایا ہے اسی طرح سے تیسری بہن کے فرض سے بھی سبکدوش ہو جائے گا، مگر ساتھ ہی اسے احساس تھا کہ وہ دل ہی دل میں دھیرے دھیرے اس کے لیے جل رہی ہیں۔ اس نے بے اختیار ہو کر میز پر رکھی ہوئی ماں کی تصویر کو بانہوں میں لے لیا، سینے سے لگایا، دھیرے سے چوما "ارے، امی ایسا نہ کرنا۔ میرا انتظار تو کرنا تھا۔ میں آ رہا ہوں۔" اور بے اختیار اس کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے تھے۔ اب کیا ہوا ہوگا، شاید یکا یک بلڈ پریشر بڑھ گیا ہوگا، پھر نہ جانے کیا ہوا ہوگا، فالج، بے ہوشی، گردوں کا ناکارہ ہونا بلڈ پریشر سے بڑھنے والی تمام بیماریاں ایک کے بعد ایک اس کے ذہن میں آنے لگیں۔

اس نے فوراً ہی آپریٹر کو نسیم کا نمبر دیا کہ کم از کم نسیم سے تو بات ہو۔ جلد ہی نسیم سے بات ہوئی، اس نے بتایا کہ وہ سول ہسپتال کے میڈیکل وارڈ میں داخل ہیں۔ یکا یک بلڈ پریشر بڑھ گیا تھا پھر فالج اور اب وہ ہسپتال میں فی الحال بے ہوشی کے عالم میں ہیں۔ اس نے بڑی تاکید سے کہا تھا "نسیم تم ادھر ہی رہنا میں آ رہا ہوں، پہلے ممکن جہاز سے، بہت جلد" اس کی زندگی میں تھا کیا۔ ایک ماں کے سوا اور اگر ان کے لیے بھی وہ کچھ نہ کر سکا تو اس ساری ڈاکٹری کا کیا فائدہ ہے۔ ساری زندگی ڈگریوں کا کیا مقصد ہے، کچھ نہیں، کچھ نہیں۔ اس نے فوراً ہی لندن میں مقبول سے بات کی تھی۔ مقبول نے دس منٹ بعد بتایا تھا کہ اس کے لیے تھائی ائر لائن میں ایک سیٹ بک ہو گئی ہے۔ جہاز جائے گا صبح ساڑھے گیارہ بجے۔ اس کے بعد اس نے اپنے کنسلٹنٹ کو فون کیا تھا، ڈاکٹر کولن ونسٹن شریف آدمی تھا۔ اس نے فوراً ہی کہا تھا کہ وہ چلا جائے، جتنی جلدی ممکن ہو سکتا ہے۔ یہاں کا نظام چل جائے گا، کسی اور کا بندوبست ہو جائے گا، فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کارڈیف سے لندن پہاڑ جیسا سفر تھا۔ کوشش کے باوجود ذہن کراچی میں الجھا ہوا تھا۔ خیالات خیالات خیالات، تصویریں تصویریں تصویریں، باپ کی تصویر، ماں کی تصویر، بہنوں کی تصویریں، ایک کے بعد ایک، آواز کے ساتھ کبھی بغیر آواز کے، چائے کافی کوئی بھی دل کو بہلا نہیں سکا تھا۔ دل ہے کہ رو رہا تھا۔ ذہن کے کسی خاموش گوشے میں ایک آواز سی تھی۔ کوئی دھیرے سے کہہ رہا تھا وقت نکل گیا تم ہار گئے، تم ہار گئے۔

اس نے کتنی دفعہ سوچا تھا کہ ایک دفعہ یہ امتحان پاس ہو جائے تو پھر کراچی واپس چلا جائے گا۔ ایمانداری کے ساتھ یہاں کی سیکھی ہوئی تمام مہارت سے اپنے ہم وطنوں کی خدمت کرے گا، جلد از جلد۔ اور جب امتحان پاس ہو گیا تھا تو اس نے امی جان کو لکھا تھا کہ میں آ رہا ہوں۔ انہوں نے فوراً ہی جواب دیا تھا، بڑی خوشی کا اظہار کیا تھا مگر ساتھ ہی یہ بھی لکھا تھا کہ اگر تھوڑے دن اور وہاں کام سیل برگ، تھوڑے سے پیسے اور بچا لے کیونکہ کراچی میں بغیر پیسوں کے کچھ نہیں ہو سکتا ہے۔ بیٹھنے کو کمرہ بھی نہیں مل سکتا ہے۔ پیسہ، پیسہ، پیسہ، بہت ضروری چیز ہے۔ اس نے بھی سوچا تھا کہ چلو چھ مہینہ ایک سال اور سہی۔ پھر اپنا ملک ہوگا، اپنی باتیں ہوں گی اپنے لوگ ہوں گے، امی جان ہوں گی، بہنیں ہوں گی، ان کے بچے ہوں گے، دوست ہوں گے، احباب ہوں گے اور پھر اپنے ملک میں اپنے ہی لوگوں کے درمیان کام ہوگا۔ چلو کچھ دنوں اور سہی، ایلزبتھ کے لیے، پیٹر کے لیے، ولیم کے لیے، مارگریٹ کے لیے، این کے لیے، مائیکل کے لیے، جوزف کے لیے کام کیا جائے۔

وہ اپنے کام میں بہت اچھا تھا۔ ہسپتال میں سب لوگ اس سے خوش تھے۔ چاہے جونیئر ہوں یا سینئر، اس کے باس ہوں کہ اس کے ماتحت۔ اس کے کام کا یہ اصول تھا کام کرو تو خوشی سے کرو، محنت سے کرو، ایسے کام کا کیا فائدہ کہ جس میں مزا نہ ہو اور پھر تنخواہ اچھی ہو تو پھر ایسے کام کا کوئی فائدہ نہیں ہے جس سے مریض کا فائدہ نہ ہو۔ وہ سارے پاکستانیوں کو اسی قسم کے مشورے دیا کرتا تھا اور اسی قسم کے خواب بھی دیکھا کرتا تھا کہ جلد ہی پاکستان جائے گا اور کسی بھی ہسپتال میں نوکری کرے گا اور اپنے سے جونیئر لوگوں کو بتائے گا کہ انگلستان میں کیا ہوتا ہے، یہاں کے بوڑھے کیسے مرتے ہیں، ان کے ساتھ کیا ہونا چاہیے۔ اب امتحانوں سے فارغ ہو کر واپسی کا پلان ہی بنا رہا تھا کہ یہ ہو گیا۔ اس کی ماں۔ اس کا دل بار بار بھر بھر آتا تھا۔ لندن ویسا ہی تھا اور ہیتھرو ائرپورٹ کا غل غپاڑہ بھی ویسا ہی تھا۔ جب وہ ہیتھرو پہنچا تھا تو جہاز کے جانے میں چار گھنٹے کا وقت تھا۔ اس نے اپنی گاڑی لمبے وقفے کے پارکنگ کی جگہ پر کھڑی کی تھی اور اپنا سامان تھائی ائرویز کے حوالے کرنے کے بعد نسیم کو کراچی فون کیا تھا۔ وہ ابھی بھی ویسی ہی تھیں، بے ہوش۔ نسیم نے بتایا تھا کہ بلڈ پریشر نیچے آ گیا تھا مگر ابھی تک وہ ہوش میں نہیں آئی تھیں۔ اس کا دل چاہا کہ بہت سے سوال کرے مگر کیا کرتا، بے ہنگم خیالات سے ذہن بھرا ہوا تھا۔ اس نے اسے فلائٹ نمبر بتایا تھا اور کافی پینے بیٹھ گیا تھا۔ تھوڑی دیر بعد مقبول آ گیا۔ وہ دو گھنٹے تک مقبول سے باتیں کرتا رہا تھا۔ مقبول نے اسے ایک لفافہ اپنے بھائی کے لیے دیا تھا اس کا دل جیسے ڈوب رہا تھا آہستہ آہستہ۔ گو کہ نسیم نے بتایا تھا کہ امی کی حالت کچھ بہتر ہے مگر پھر بھی نہ جانے کیوں، اندیشوں کے پہاڑ چاروں طرف بڑھ رہے تھے وہ ان میں دبتا جا رہا تھا۔ کراچی تک سفر عجیب تھا۔ وہ راستے بھر اپنے مریضوں کے بارے میں اور اپنی ماں کے بارے میں سوچتا رہا تھا۔ اس کے مریض جو صحیح ہو رہے تھے، اس کی ماں جو بیمار پڑ گئی تھی۔ ابھی عمر ہی کیا تھی ان کی۔ 52 سال میں تو یہاں کی عورت میراتھن دوڑتی ہے، اور 52 سال کی عمر میں وہ بیمار پڑ کر بے ہوش پڑی تھیں۔ کتنے مریض ذہن کے پردے پر آئے تھے۔ میکلن 77 سال کی تھی جو چل کر آئی تھی، بوب 80 سال کا ہو کر سگریٹ بھی پی رہا تھا اور شراب بھی پی رہا تھا، اسے شکایت تھی کہ رات نیند دیر سے آتی ہے۔ 67 سالہ روزلین نے وارڈ سے ڈسچارج ہونے کے بعد اسے خبر دی تھی کہ اب وہ شادی کر رہی ہے۔ گزشتہ برسوں میں آئے ہوئے کتنے ہی مریض اس کی آنکھوں کے سامنے سے گزر گئے۔ دل انجانے اندیشوں کے ساتھ دھڑکتا رہا۔ نہ وہ کچھ کھا سکا نہ پی سکا، نہ سو سکا، نہ جاگ سکا۔ کئی دفعہ ائر ہوسٹس نے آ کر پوچھا بھی، مگر وہ سوچتا رہا اور اندر اندر تڑپتا رہا، دعائیں مانگتا رہا۔ ماں، میری ماں میرا انتظار کرنا، میں آ رہا ہوں۔

رات گیارہ بجے کراچی ائرپورٹ آیا تھا۔ وہ اپنا بیگ ہاتھ میں لے کر باہر آیا تو اسے کوئی نظر نہیں آیا تھا۔ وہ وقت ضائع کیے بغیر ٹیکسی لے کر سول ہسپتال کی طرف روانہ ہو گیا تھا۔ اسے ائرپورٹ سے سول ہسپتال کا سفر لندن سے بھی طویل لگا تھا۔ میڈیکل وارڈ کے برآمدے کے شروع میں ہی اسے اپنی بہنیں کھڑی مل گئی تھیں، دہشت زدہ اور خوفزدہ۔ وہ دوڑتا ہوا اندر چلا گیا تھا۔ نسیم بستر کے سرہانے کھڑا تھا۔ ان کی ناک میں ایک گندا سا ٹیوب پڑا ہوا تھا، دونوں ہاتھوں میں ڈرپ کی نلکیاں لگی ہوئی تھیں۔ پیشاب کی نلکی کی تھیلی میں کچھ بھی نہیں تھا۔ سرہانے ٹیبل پر مختلف دواوں کی شیشیاں پڑی ہوئی تھیں۔ دو ٹوٹی ہوئی سکشن مشین لگی ہوئی تھیں، ایک مشین کا تار سرکٹ میں ماچس کی تیلیوں سے اٹکایا ہوا تھا۔ پنکھے کے نیچے ایک گندے سے بستر کے اوپر خون کے دھبوں سے اٹی ہوئی چادر میں ڈھکا ہوا ان کا جسم تھا۔ ہاتھ اور چہرہ سوجا ہوا تھا۔ وہ مر چکی تھیں۔ وہ جا چکی تھیں، اس کا انتظار کیے بغیر۔ وہ سن سا کھڑا رہ گیا تھا۔ اس کے کانوں میں اس کی بہنوں کے بین کرنے کی آواز آئی تھی۔ اپنے کاندھوں پر نسیم کا ہاتھ محسوس ہوا تھا۔ وہ ساکت و صامت کھڑا رہا تھا۔ اس کی ماں کی لاش چیخ چیخ کر آخری وقت میں گزرنے والے کربناک لمحات کی داستان سنا رہی تھی۔ اسے ایسا لگا جیسے وہ کارڈف رائل انفرمری میں اپنے وارڈ میں کھڑا ہے اپنے مریضوں کے درمیان، 80 سالہ اور 90 سالہ ٹھیک ہو جانے والے مریضوں کے ساتھ، سبز درختوں، جھاڑیوں، اور گھاس کے درمیان بنی ہوئی ہسپتال کی عمارت میں۔ پھر جیسے کسی نے اس کے جسم پر پیٹرول چھڑک دیا ہو اور آگ لگا دی ہو۔ وہ زمین پر لوٹ رہا ہے، تڑپ رہا ہے اور مارگریٹ جوزف، لارنس جوزفین، فلپ قہقہے لگا رہے ہیں۔ وہ چکرا کر زمین پر گر گیا۔

بقیہ 1

طبیعت پر ناگوار گزرا، مظاہرین کے خلاف مقدمے درج کر کے درجنوں کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ کسان تحریک کے لیے ٹول کٹ مرتب کرنے والی دیشا روی نے ضمانت پر رہا ہونے کے بعد پہلے بیان میں کہا کہ انہوں ایسا کچھ نہیں کیا تھا کہ انہیں جیل بھیجا جاتا۔ بھارتی عوام کو انتہا پسند سرکار کے خلاف باہر نکلنا ہوگا ورنہ سماج تباہ ہو جائے گا۔ بھارتی میڈیا ریٹنگ کیلئے کچھ بھی کر سکتا ہے، عدالت کے فیصلے سے پہلے ہی اپنا فیصلہ سنا دیتا ہے۔ کاشتکار رہنما راجندر سنگھ نے کہا ہے کہ کسان تحریک کا چرچا عالمی سطح پر ہو چکا ہے، صرف بھارت ہی نہیں امریکا سمیت کئی ممالک کے کاشت کاروں کے مستقبل کو خطرہ ہے۔ کارپوریٹ سیکٹر پوری دنیا میں ہی زراعت کو کنٹرول کرنا چاہتا ہے لیکن دنیا بھر کے کسان ایسا نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ 2

یہ ہے کہ شکایات ویکسین لگانے کے بعد آ رہی ہیں یا ویکسین کی وجہ سے آ رہی ہیں، ہمیں محتاط رہنے کی ضرورت ہے، احتیاطاً ویکسین کا استعمال روکنا عقلمندی ہے۔

بقیہ 3

گزارا۔ انہوں نے لندن کے کنگز کالج سے کمپیوٹر سائنس میں گریجویشن مکمل کی۔ سال 2000 میں شام کے صدر سے شادی کے بعد وہ دمشق منتقل ہو گئیں۔ دمشق میں اسما کا کردار اپنے 3 بچوں کی دیکھ بھال تک محدود نہیں رہا۔ انہوں نے سماجی تقریبات میں شرکت کی۔ سرکاری فوج کے زخمیوں کا معاملہ دیکھا۔ شامی فوج کی سپورٹ کے لیے خطاب کیے۔ وہ ہی فوج جس نے اپنے ملک میں ہسپتالوں اور اسکولوں کو بیرل بموں، فضائی حملوں اور توپ خانوں کے ذریعے وحشیانہ حملوں کا نشان بنایا۔ اگر برطانیہ میں اسما الاسد کے خلاف عدالتی کارروائی عمل میں آئی تو شام کی خاتون اول کا نام ان شخصیات کی فہرست میں شامل ہو جائے گا جنہوں نے اپنے ملک میں سرکشی مچائی اور برطانوی عدالت نے ان کے خلاف مقدمہ چلایا۔ ان شخصیات میں چلی میں 17 برس حکومت کرنے والے آمر جنرل اوگسٹو پینوشے اور لائبیریا کے سابق صدر چارلس ٹیلر شامل ہیں۔ ٹیلر کو برطانوی عدالت نے 50 برس قید کی سزا سنائی۔ اسما الاسد کے خلاف انٹرپول کے ریڈ وارنٹ جاری ہونے کا امکان ہے۔ اس طرح شام کی خاتون اول بیرون ملک سفر سے قاصر ہو جائیں گی۔ اس لیے کہ کسی بھی ملک کا رخ کرنے کی صورت میں گرفتاری اور ہتھکڑیاں ان کی منتظر ہوں گی۔ لندن پولیس کے زیر انتظام جنگی جرائم کے یونٹ کو گزشتہ برس 31 جولائی کو ایک بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کا تعلق شام میں جاری تنازع سے ہے۔ پولیس نے اس کا جائزہ لینا شروع کیا۔ بعد ازاں ابتدائی تحقیقات کا دروازہ کھول دیا گیا۔ متعلقہ برطانوی حکام کو اس بات کے شواہد ملے ہیں کہ شام کی خاتون اول شام کی مسلح افواج کو بھرپور طریقے سے سپورٹ کرتی رہی ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹوں کے مطابق شامی فوج عوام کے خلاف جنگی جرائم میں ملوث رہی ہے۔ برطانوی پولیس کے متعلقہ یونٹ کے سربراہ کے مطابق اسما الاسد کے خلاف عدالتی کارروائی کے لیے مضبوط حجت موجود ہے۔

بقیہ 4

اقدامات کرنا ہوں گے اور پھر معمول کے تعلقات استوار کرنے کے لیے اس کو بنیادی کام کرنا چاہیے۔ سامح شکری نے قانون سازوں کو یہ بھی بتایا کہ قطر کی جانب سے مثبت پیغامات آئے ہیں اور ان سے یہ اشارہ ملا ہے کہ وہ سعودی عرب کے شہر العلا میں منعقدہ خلیج تعاون کونسل کے سربراہ اجلاس میں طے شدہ فیصلے کے بعد دو طرفہ تعلقات کو مزید بہتر بنانا چاہتا ہے۔

بقیہ 5

باغیوں کا کہنا ہے کہ امریکی ایلچی نے جو فارمولہ پیش کیا ہے اقوام متحدہ کے خصوصی ایلچی مارٹن گریفتھس کے فارمولے سے بھی کم تر ہے۔

بقیہ 6

تارکین وطن تھے۔ بعض عینی شاہدین اور اس حملے میں زندہ بچ جانے والوں نے بتایا کہ لوگوں سے بھرے گودام میں ابتر صورت حال اور زیر حراست افراد سے ناروا سلوک کے خلاف احتجاج کرنے والوں پر محافظوں نے اشک آور گیس کے گولے پھینکے تھے اور ان سے وہاں آگ لگی تھی۔ اس واقعے کے بعد حوثی ملیشیا نے اپنے بیان میں آگ لگنے کی وجہ بیان کی تھی اور نہ مہلوکین اور زخمیوں کی تعداد بتائی تھی۔ حوثی ملیشیا نے اقوام متحدہ کی مائیگریشن ایجنسی کے اہلکاروں کو ان اسپتالوں میں جانے کی اجازت بھی نہیں دی جہاں واقعے میں زخمی ہونے والے تارکین وطن زیر علاج ہیں۔ یمن کی حکومت نے اس سنگین جرم کی دو ٹوک الفاظ میں شدید مذمت کی اور کہا کہ حوثی ملیشیا نے صنعا میں اپنے زیر انتظام جیلوں اور حراستی مراکز میں قیدیوں اور تارکین وطن سے ناروا سلوک جاری رکھا ہوا۔ یمن کی انسانی حقوق کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ ہم حوثیوں کی جیلوں میں بیسیوں افریقی تارکین وطن کی ہلاکتوں کی اطلاعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم اس سنگین واقعہ کی پردہ پوشی پر حوثیوں کی مذمت کرتے ہیں۔ وزارت نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا کہ یمنی حکومت عالمی برادری کو یہ باور کرانا چاہتی ہے کہ حوثی ملیشیا نہ صرف یمنیوں بلکہ تارکین وطن اور ہمسایہ ممالک کے شہریوں کے لیے خطرہ بنے ہوئی ہے۔ آتش زدگی کے واقعے کے ذمے داروں کو فوری طور پر انصاف کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت ہے۔ یمنی دارالحکومت میں تارکین وطن کی کمیونٹی کے لیڈر نے حراستی مرکز میں آتش زدگی کے واقعے کی بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ یمن میں ایتھوپیا کی کمیونٹی کے سربراہ عثمان جلو نے صنعا میں ایک نیوز کانفرنس میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا پر نااہلی اور غیر ذمے دارانہ رویہ اپنانے کا الزام عاید کیا ہے۔ تارکین وطن کی بین الاقوامی تنظیم کے مطابق گزشتہ اتوار کو آگ لگنے کے وقت حراستی مرکز میں قریباً 900 تارکین وطن قید تھے۔ ان میں زیادہ تر ایتھوپیائی باشندے تھے اور ان میں سے 350 کو ایک گودام میں بند کیا گیا تھا۔

بقیہ 7

وائرس کے پھیلاو کو روکنے کے موثر اور محفوظ ترین وسیلے ویکسین کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے لگائی گئی ہے۔ امارات ایئر نے بیان میں کہا کہ جن کارکنان نے اب تک کرونا ویکسین نہیں لی ہے انہیں یکم اپریل 2021 سے اپنے خرچ پر ہر ہفتے پی سی آر کرانا ہوگا۔ بیان کے مطابق امارات ایئر کے 5 ہزار کارکنان اب تک کرونا ویکسین لے چکے ہیں، جن میں پائلٹس، ایئر ہوسٹس اور دیگر فضائی عملہ شامل ہے، جب کہ الامارات گروپ کے کارکنان بھی ہزاروں کی تعداد میں ویکسین لگوا چکے ہیں۔ یاد رہے کہ دبئی میں کرونا ٹیسٹ کی فیس 150 درہم کے لگ بھگ ہے، اس فیس میں لیبارٹری ٹیسٹ، رزلٹ رپورٹ سمیت تمام اخراجات شامل ہیں۔ الامارات گروپ نے ویکسین کی سہولت کلینکس میں مہیا کر رکھی ہے جب کہ ویکسین سینٹرز میں بھی یہ سہولت دستیاب ہے۔

بقیہ 8

ہجرت کر جانے والے شہریوں کی جائیداد خریدنے کے لیے کوشاں رہتا ہے۔ ان ہی خلاف ورزیوں کی تازہ ترین کارروائی کے سلسلے میں ملٹری سیکورٹی نے البوکمال شہر میں تقریباً 50 گھروں کے باسیوں کو خبردار کرتے ہوئے ایک ہفتے کے اندر علاقے سے چلے جانے کی ہدایت کی۔ شام میں انسانی حقوق کے نگراں گروپ المرصد کے مطابق ان گھروں کی ملکیت شامی حکومت کے مخالفین کے پاس ہے جنہوں نے مارچ 2011 میں شروع ہونے والی حکومت مخالف تحریک میں شرکت کی تھی۔ داعش تنظیم اور پھر ایرانیوں کے کنٹرول کے بعد یہ لوگ البوکمال شہر سے جبری ہجرت پر مجبور ہو گئے۔ المرصد نے بتایا کہ یہ پیش رفت ایرانی پاسداران انقلاب کی ہمنوا ملیشیا ابو الفضل العباس کے ذیلی مسلح گروپوں کی جانب سے البلعوم کے علاقے میں ایک فیول اسٹیشن پر قبضے کے بعد سامنے آئی۔ یہ علاقہ المیادین شہر کے اطراف واقع ہے۔ یہ کارروائی مذکورہ ملیشیا کے کمانڈر عدنان السعود کے براہ راست حکم پر کی گئی۔ واضح رہے کہ السعود کا تعلق المیادین شہر سے ہے۔ وہ سبزی بیچنے کا کام کرتا تھا۔ علاوہ ازیں اس نے شہر پر داعش تنظیم کے قبضے کے عرصے کے دوران شامی حکومت کے سیکورٹی ادارے کے لیے مخبر کے طور پر بھی کام کیا۔ بعد ازاں وہ بھاگ کر دمشق چلا گیا۔ علاقے پر شامی حکومت اور ایرانی ملیشیاں کے کنٹرول کے بعد السعود واپس آ گیا۔ اس نے المیادین میں ابو الفضل العباس کے نام سے ایک ملیشیا تشکیل دی۔ اس ملیشیا کو ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے براہ راست فنڈنگ ملتی ہے۔ ابو الفضل العباس ملیشیا المیادین کے علاقے میں سب سے بڑی تہران نواز مقامی ملیشیا شمار ہوتی ہے۔ المرصد گروپ کے ڈائریکٹر رامی عبدالرحمٰن نے تصدیق کی کہ ایرانی ملیشیاؤں کی قیادت نے المزارع کے پورے علاقے پر قبضہ کر لیا ہے۔ علاقے میں کھجور اور زیتون کے 150 کے قریب فارمز شامل ہیں۔

بقیہ 9

سے متعلق انکشاف اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سپری) کی جانب سے جاری رپورٹ میں کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق دنیا میں اسلحہ فروخت کرنے والے 3 بڑے ممالک امریکا، فرانس اور جرمنی کی جانب سے ڈیلیوری میں اضافہ ہوا لیکن روس اور چین کی جانب سے ایکسپورٹ میں کمی سے مجموعی طور پر اسلحے کی فروخت گھٹ گئی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ دنیا بھر میں اسلحکی خریداری میں ایک دہائی کے بعد اضافہ نہیں ہوا۔

بقیہ 10

حکام نے ان پر نظام کے خلاف پروپیگنڈا کے الزام میں نیا مقدمہ قائم کیا۔ برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب نے ٹوئٹر پر لکھا کہ یہ بالکل ناقابل قبول ہے کہ ایران نے نازنین زغری ریٹکلف کے خلاف ایک اور بلاجواز مقدمہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ زغری کو برطانیہ میں اپنے خاندان کے پاس بلاتاخیر لوٹنے کی اجازت دی جانا چاہیے۔ ہم ان کی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 11

ہے جبکہ 3 اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ دوسری جانب ینگون کے دو علاقوں میں مارشل لا نافذ کیا گیا ہے اور مختلف شہروں میں اب بھی فوجی بغاوت کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے۔ خیال رہے کہ میانمار میں جمہوریت بحالی کی جدوجہد میں اب تک 100 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ میانمار میں یکم فروری کو فوج نے اقتدار پر قبضہ کر کے منتخب حکومت کو گھر بھیج دیا اور کئی رہنماؤں کو گرفتار کر رکھا ہے۔ جس کے خلاف ملک بھر میں شدید احتجاج اور سول نافرمانی کی تحریک جاری ہے۔

بقیہ 12

کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت میں کسانوں کی تحریک مزید تیز، تاجر بھی شامل ہو گئے، ٹریڈرز نے ریلوے اسٹیشنز اور ڈی سی دفاتر کے باہر مشترکہ احتجاج کیا، سنگھو بارڈر پر عارضی ٹھکانے بنانا مودی سرکار کی طبیعت پر ناگوار گزرا، مظاہرین کے خلاف مقدمے درج کر کے درجنوں کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ کسان تحریک کے لیے ٹول کٹ مرتب کرنے والی دیشا روی نے ضمانت پر رہا ہونے کے بعد پہلے بیان میں کہا کہ انہوں ایسا کچھ نہیں کیا تھا کہ انہیں جیل بھیجا جاتا۔ بھارتی عوام کو انتہا پسند سرکار کے خلاف باہر نکلنا ہوگا ورنہ سماج تباہ ہو جائے گا۔ بھارتی میڈیا ریٹنگ کیلئے کچھ بھی کر سکتا ہے، عدالت کے فیصلے سے پہلے ہی اپنا فیصلہ سنا دیتا ہے۔ کاشتکار رہنما راجندر سنگھ نے کہا کہ کسان تحریک کا چرچا عالمی سطح پر ہو چکا ہے، صرف بھارت ہی نہیں امریکا سمیت کئی ممالک کے کاشت کاروں کے مستقبل کو خطرہ ہے۔ کارپوریٹ سیکٹر پوری دنیا میں ہی زراعت کو کنٹرول کرنا چاہتا ہے لیکن دنیا بھر کے کسان ایسا نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ 13

مطابق مقبوضہ بیت المقدس اور پریسٹینا میں زوم ایپ کے ذریعے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات استوار کرنے کے لیے معاہدے پر دستخط کی تقریب چند ہفتے قبل منعقد ہوئی تھی۔ اسرائیلی وزیر خارجہ گابی اشکنازی اور کوسوو کی وزیر خارجہ ملیزا حرادیناج اسٹیبلا نے مشترکہ اعلامیے پر بیک وقت اپنے اپنے دفتر سے دستخط کیے۔ اس موقع پر گابی اشکنازی نے کہا کہ انہوں نے کوسوو کی یروشلم میں سفارت خانہ کھولنے کی باضابطہ درخواست کی منظوری دے دی۔ اسرائیل نے گذشتہ سال سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی کے نتیجے میں چار عرب ممالک متحدہ عرب امارات، بحرین، مراکش، اور سوڈان کے ساتھ امن معاہدے طے کیے تھے اور ان کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کیے تھے۔ کوسوو کے ساتھ سفارتی تعلقات کا قیام بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ ان تمام امن معاہدوں کو مجموعی طور پر ابراہیم معاہدوں کا نام دیا گیا ہے۔ بیشتر مسلم اکثریتی ممالک نے اسرائیل سے ان معاہدوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان ممالک کا یہ موقف ہے کہ فلسطینی تنازع کے حل تک کسی اسلامی ملک کو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار نہیں کرنے چاہئیں تاہم معاہدہ ابراہیم کے فریق عرب ممالک کا کہنا تھا کہ وہ مقبوضہ بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم نہیں کرتے ہیں اور وہ تل ابیب ہی میں اپنے سفارت خانے قائم کریں گے۔

بقیہ 14

انکار سے متعلق لگائے گئے الزامات پر پرنس چارلس کے قریبی دوست کی جانب سے ردعمل دیا گیا۔ پرنس ہیری نے اوپرا انٹرویو کے دوران الزام لگایا تھا کہ پرنس چارلس نے ان کی فون کالز کو اٹھانا بند کر دیا تھا اور انہیں مالی طور پر شاہی خاندان سے علیحدہ کر دیا تھا۔ پرنس چارلس کے قریبی دوست کی جانب سے پرنس ہیری کو اس بیان پر منافق قرار دے دیا گیا۔ دوسری جانب غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہی خاندان کے ذرائع کی جانب سے پرنس ہیری کے الزامات کی تردید کی گئی ہے۔ شاہی خاندان کے ذرائع کا کہنا تھا کہ پرنس چارلس کی جانب سے بیٹے ہیری کی مالی مدد کی گئی یہاں تک کہ پرنس ہیری امریکا منتقل ہو گئے تھے۔ شاہی خاندان کے ذرائع کے مطابق پرنس چارلس کی جانب سے ہیری سمیت ان کی اہلیہ میگھن مارکل اور بیٹے آرچی کی بھی مالی مدد کی گئی تھی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہی خاندان کے قریبی ذرائع کا کہنا تھا کہ پرنس چارلس کی جانب سے ہیری کی مالی امداد کی بینک اسٹیٹمنٹس بھی موجود ہیں۔ اسی سے متعلق پرنس چارلس کے قریبی دوست کا کہنا تھا کہ جب پرنس ہیری اور میگھن مارکل نے گزشتہ سال شاہی خاندان سے علیحدگی اختیار کی تھی تو یہ جوڑا خود مختار ہونا چاہتا تھا، ہیری کے مالی امداد سے متعلق الزامات واضح منافقت ہے۔

بقیہ 15

سیکرٹری انفارمیشن شبیر احمد نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ ضلع شوپیان کے علاقے راولپورہ میں آج مسلسل تیسرے روز بھی بھارتی دہشت گردی جاری ہے جہاں کئی رہائشی مکانات کو تباہ اور دو نوجوانوں کو شہید کر دیا گیا ہے جبکہ درجنوں شہری زخمی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گھر گھر تلاشی کے دوران چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا بھارتی فوجیوں نے وادی کشمیر میں ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا ہے، کاروبار حیات بند ہے، نوجوانوں کو گرفتار کر کے جیلوں میں اذیتیں دی جا رہی ہیں، حریت رہنماؤں کو نظر بند کر کے ان پر ظالمانہ تشدد کیا جا رہا ہے، انہیں ذہنی اور جسمانی اذیتیں دی جا رہی ہیں جبکہ مقبوضہ علاقے میں تمام بنیادی حقوق سلب کئے گئے ہیں۔ شبیر احمد نے کہا حریت رہنماؤں اور کارکنوں سمیت ہزاروں کشمیریوں کو جیلوں میں بند کیا گیا ہے اور انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا جا رہا ہے جبکہ ان کی غیر قانونی نظربندی کو طول دینے کے لیے انہیں عدالتوں میں پیش نہیں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام ایک عظیم مقصد کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے نوجوانوں کے ساتھ انتہائی عقیدت رکھتے ہیں اور بھارت اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے ان کے جذبہ آزادی کو ہرگز دبا نہیں سکتا۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی ختم کرانے اور کشمیریوں پر مظالم بند کرانے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالے۔

بقیہ 16

سڑکوں پر مظاہرے کیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مارچ فار جسٹس کے نام سے یہ ریلیاں پرتھ، کیئرن نامی شہروں میں اتوار اور سڈنی، کینبرا، برسبین اور میلبورن میں پیر کے روز نکالی گئیں۔ اس مارچ کے منتظمین کے مطابق ان ریلیوں میں مجموعی طور پر ایک لاکھ سے زائد افراد شریک ہوئے۔ یہ احتجاجی ریلیاں آسٹریلوی وزارت دفاع کی ایک سابقہ اہلکار کے اس بیان کے بعد نکالی گئیں، جس میں انہوں نے انکشاف کیا تھا کہ انہیں پارلیمان کی عمارت میں جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ 17

میں سے کئی کی حالت تشویشناک ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نوجوانوں کی میتیں ضلع کے علاقے راولپورہ میں گزشتہ تین روز سے جاری تلاشی اور محاصرے کی پرتشدد کارروائیوں کے دوران تباہ کئے گئے مکانوں کے ملبے سے ملی ہیں۔ ملبے سے دوسرے نوجوان کی لاش ملتے ہی فوجیوں نے سوگواران پر گولیوں اور پیلٹ گنوں کا بے دریغ استعمال کر کے دو درجن سے زائد افراد زخمی کر دیئے۔ تین نوجوانوں جن کی آنکھیں پیلٹ لگنے سے زخمی ہوئی ہیں کی بصارت کھونے کا خدشہ ہے۔ زخمی نوجوان جن میں سے بیشتر کی عمریں 18 سے 22 سال کے درمیان ہیں سرینگر کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ فوجیوں نے علاقے میں متعدد گھروں کو آگ بھی لگا دی۔ بھارتی فوج کی اس ظالمانہ کارروائی کے خلاف علاقے میں زبردست بھارت مخالف مظاہرے کیے گئے۔ بھارتی پولیس کے آئی جی وجے کمار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ شہید کیے گئے دو نوجوانوں میں مجاہد کمانڈر ولایت لون المعروف سجاد افغانی شامل ہیں۔ قابض انتظامیہ نے ضلع شوپیاں میں انٹرنیٹ سروس معطل کر دی۔ فوجیوں نے بارہمولہ اور بڈگام کے اضلاع میں تلاشی اور محاصرے کی کارروائیاں بھی شروع کیں۔ غلام محمد خان سوپوری، عبدالصمد انقلابی، محمد احسن انتو، جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی، جموں و کشمیر ماس موومنٹ اور جموں و کشمیر یوتھ سوشل اینڈ جسٹس لیگ سمیت حریت رہنماؤں، تنظیموں اور انسانی حقوق کارکنوں نے شوپیان میں نوجوانوں کے قتل، مکانات کو تباہ کرنے اور طاقت کے وحشیانہ استعمال کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں اخلاقی جنگ ہارنے کے بعد بھارت کشمیریوں سے بدلہ لینے کیلئے ظالمانہ ہتھکنڈوں پر اتر آیا ہے۔ ادھر بھارت میں حکمران بی جے پی کے آلہ کار وسیم رضوی کے توہین آمیز اقدام کے خلاف مقبوضہ جموں و کشمیر کے علاقوں سوپور، گول، چندر کوٹ اور مٹن میں احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور وہ رضوی اور اس کے بھارتی آقاؤں کے خلاف نعرے لگا رہے تھے۔ آل کشمیر شہر خاص ٹریڈرز کوآرڈی نیشن کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ سرینگر میں لوگ بطور احتجاج کل اپنے گھروں اور دکانوں میں بلیک آؤٹ کریں گے۔ حریت رہنما دیویندر سنگھ بہل نے نوشہرہ میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نریندر مودی کی فسطائی حکومت اقلیتوں کو کچلنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت مسلمانوں کو تقسیم کرنے کے لیے مذہبی کارڈ کا استعمال کر رہی ہے۔ بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج کی طرف سے پرامن سوگواران پر طاقت کے وحشیانہ استعمال کے خلاف پاسبان حریت جموں و کشمیر نے مظفر آباد میں احتجاجی ریلی نکالی۔

بقیہ 18

ضروری اقدامات کیے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ حوثی ملیشیا کی طرف سے جنگی خلاف ورزیاں اور وحشیانہ حملے جنگی جرائم کے زمرے میں آتے ہیں۔ عرب اتحاد نے کہا کہ وہ حوثی ملیشیا کے خلاف کارروائی میں بین الاقوامی انسانی قوانین کے مطابق اقدامات کر رہا ہے۔

بقیہ 19

قیادت حماس کے سیاسی دفتر کے نائب سربراہ صالح العاروری کر رہے ہیں۔ برہوم نے بتایا کہ قومی مکالمے کے شرکا قانون ساز اور صدارتی انتخابات کا موضوع زیر بحث لائیں گے۔ فتح موومنٹ کے رہنما جبریل الرجوب نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ قاہرہ اجلاس میں فلسطینی گروپوں کے علاوہ مرکزی انتخابی کمیٹی اور قومی کونسل کی پریذیڈنسی بھی شریک ہوگی۔ انتخابات سے قبل بہت سے معاملات اور سمجھوتے طے پا گئے ہیں۔ مصالحت، عام انتخابات کے اجرا اور انقسام کے خاتمے کے حوالے سے مشترکہ عزم پایا جاتا ہے۔ فلسطینی قومی مکالمے کے سلسلے میں دو روزہ اجلاس منگل کو مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں شروع ہو رہا ہے۔ اجلاس میں تمام فلسطینی گروپ شریک ہوں گے۔ فلسطینی قومی مکالمے کے سلسلے میں دو روزہ اجلاس کل منگل کو مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں شروع ہو رہا ہے۔ اجلاس میں تمام فلسطینی گروپ شریک ہوں گے۔ اس سے قبل فلسطینی قومی مکالمے کے سلسلے میں آخری اجلاس 8 اور 9 فروری کو قاہرہ میں مصری صدر عبدالفتاح السیسی کی سرپرستی میں ہوا تھا۔ اجلاس میں 14 فلسطینی گروپوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں گروپوں نے اس بات پر اتفاق رائے کا اظہار کیا کہ مغربی کنارے، غزہ کی پٹی اور بیت المقدس کے ججوں پر مشتمل ایک الیکشن کورٹ تشکیل دی جائے۔ اسی طرح انتخابی آرڈیننس میں متعین نظام الاوقات اور انتخابات کے نتائج کو احترام کے ساتھ قبول کرنے پر بھی اتفاق سامنے آیا تھا۔ اجلاس کے شرکا اس بات پر بھی متفق تھے کہ سیاسی بنیادوں پر گرفتار تمام قیدیوں کی فوری طور پر رہائی عمل میں لائی جائے۔ اسی طرح مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی میں فلسطینی گروپوں کے کام کرنے کے حق کی ضمانت دی جائے۔ فلسطینی صدر محمود عباس نے جنوری میں ایک آرڈیننس جاری کیا تھا۔ اس کے مطابق 22 مئی کو قانون ساز اسمبلی کے انتخابات اور 31 جولائی کو صدارتی انتخابات ہوں گے۔

بقیہ 20

گی۔ اس سے قبل حوثی ملیشیا نے گذشتہ ہفتے یمن کے لیے امریکی ایلچی ٹم لینڈرکنگ کی جانب سے پیش کیے گئے حل کو مسترد کر دیا تھا۔ امریکی وزارت خارجہ کی جانب سے پیر کے روز جاری بیان میں اینٹنی بلنکن نے یمن میں جنگ کے خاتمے کے واسطے امریکی اور بین الاقوامی کوششوں کی اہمیت کو باور کرایا۔ اس سے قبل یمن کے لیے امریکا کے خصوصی ایلچی نے جمعے کے روز اعلان کیا تھا کہ یمن میں فائر بندی کا ٹھوس منصوبہ حوثیوں کو پیش کیا گیا تھا تاہم انہوں نے اسے مسترد کر دیا۔ امریکی ایلچی ٹم لینڈرکنگ کے مطابق وہ یمن میں تنازع کے حل کے سلسلے میں سعودی عرب، یمنی حکومت اور دیگر فریقوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکا نے شمالی یمن میں انسانی امداد کے لیے فنڈنگ کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا ہے۔ دوسری جانب یمن کی وزارت خارجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حوثی ملیشیا امن کو یقینی بنانے اور یمنی عوام کے مصائب دور کرنے کے لیے کی جانے والی تمام کوششوں کا جواب مارب، تعز اور الحدیدہ میں شہریوں کے خلاف عسکری جارحیت اور نئے محاذوں کو کھولنے کی صورت میں دیا۔

بقیہ 21

سب سے بڑے خریداروں میں شامل ہیں۔ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران پوری دنیا میں درآمد کیے جانے والے مجموعی ہتھیاروں کا ایک تہائی سے زیادہ امریکا نے فروخت کیا اور اس نے اپنے تقریباً نصف ہتھیار مشرق وسطیٰ کے ممالک کو برآمد کیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ (سپری) کی طرف سے پیر کے روز جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا کہ 2016 سے سن 2020 تک پوری دنیا میں اسلحے کی فروخت کا رجحان کم ہوتا دکھائی دیا جب کہ پاکستان، بھارت، آسٹریلیا، چین اور جنوبی کوریا اسلحہ درآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شمار ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق ایشیاء اور اوشینیا ہتھیار درآمد کرنے والے سب سے بڑے خطے رہے۔ سن 2016 سے سن 2020 کے درمیان اسی خطے کے ملکوں میں عالمی ہتھیاروں کا 42 فیصد درآمد کیا گیا۔ سپری کے سینئر محقق زیمون ویزے مین کے مطابق، ایشیا اور اوشینیا کے بہت سے ممالک میں یہ سوچ گہری ہو رہی ہے کہ اسلحے کی درآمدات میں اضافے کی وجہ چین کی جانب سے لاحق بڑھتے ہوئے خطرات ہیں۔ سعودی عرب نے سب سے زیادہ عسکری سازوسامان خرید کر بھارت سے اس حوالے سے پہلی پوزیشن چھین لی۔ سپری کے مطابق گزشتہ پانچ برسوں کے دوران فروخت ہونے والے 12 فیصد اسلحہ سعودی عرب نے خریدا۔ 68 فیصد سعودی اسلحہ امریکا سے خریدا گیا۔ سپری کی رپورٹ کے مطابق سن 2011 سے سن 2015 کے مقابلے میں سن 2016 سے سن 2020 تک کے درمیان مشرق وسطیٰ میں ہتھیاروں کی درآمد میں سب سے زیادہ 25 فیصد کا اضافہ ہوا۔ سعودی عرب دنیا میں ہتھیار درآمد کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ اس کے ہاں ہتھیاروں کی درآمد میں 61 فیصد اضافہ ہوا جبکہ قطر میں ہتھیاروں کی درآمد میں 361 فیصد اضافہ ہوا۔ متحدہ عرب امارات نے پچھلے دنوں امریکا سے 23 ارب ڈالر کے ہتھیاروں کی خریداری کے ایک معاہدے پر دستخط کیے۔ اس معاہدے کے تحت یو اے ای امریکا سے پچاس ایف 35 جنگی طیارے اور 18 مسلح ڈرونز خریدے گا۔ سن 2016 سے سن 2020 تک کے درمیان دنیا بھر میں جتنے بھی ہتھیار فروخت کیے گئے، ان کا 37 فیصد امریکا نے فروخت کیا۔ امریکا نے 96 ملکوں کو ہتھیار برآمد کیے۔ سپری نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ امریکا نے جتنے ہتھیار فروخت کیے، ان کا تقریباً نصف مشرق وسطیٰ کے ملکوں کو فروخت کیا گیا۔ سن 2011 سے سن 2015 کے مقابلے میں امریکی ہتھیاروں کی برآمد میں پندرہ فیصد کا اضافہ ہوا۔ گلوبل فائر پاور کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق امریکی فضائیہ دنیا کی سب سے زیادہ طاقتور ترین ہے۔ امریکی فضائیہ کے پاس لگ بھگ چودہ ہزار طیارے ہیں۔

بقیہ 22

الاقوامی شہرت یافتہ سویڈش کلائمٹ ایکٹیوسٹ گریٹا تھنبرگ اس مہم کا حصہ تھیں۔ ایک بیان میں کہا کہ ان کی گرفتاری [illegible] میں لائی جانے والی گرفتاری اور میڈیا کا ان کے ساتھ رویہ صریحاً ان کے حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ ان پر ریاست کے خلاف بغاوت کا الزام عائد کرتے ہوئے نئی دہلی پولیس کے سائبر کرائم سیل نے فروری میں انہیں گرفتار کیا تھا۔ انہوں نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ گرفتاری اور میڈیا کی طرف سے الزام تراشی کے مشکل وقت کا مقابلہ کرنے کے لیے انہوں نے خود کو اس طرح سمجھایا کہ جیسے وہ کسی اور کے ساتھ نہیں ہو رہا تھا۔ روی کے بقول میرے اقدامات کو جرم قرار دے دیا گیا، عدالت میں نہیں، قانون کی نظر میں نہیں بلکہ فلیٹ اسکرینز پر۔

بقیہ 23

کیلیفورنیا، ڈنمارک، برطانیہ، جنوبی افریقہ، جاپان اور برازیل میں دریافت ہونے والے وائرس کو ختم کرنے کی جانب سے یہ جاننے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ویکسینز ان کے خلاف کس حد تک کام کرتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اب امریکا میں اس حوالے سے ہونے والی ایک طبی تحقیق کے نتائج سامنے آئے ہیں۔ میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، میساچوسٹس جنرل ہاسپٹل اور ہارورڈ یونیورسٹی کی اس تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ برازیل اور جنوبی افریقہ میں دریافت ہونے والی کورونا وائرس کی نئی اقسام فائزر اور موڈرنا کی کووڈ ویکسینز سے وائرس کو ناکارہ بنانے والی اینٹی باڈیز کو کم موثر بنا سکتی ہیں۔ تحقیق کے دوران ماہرین نے دیکھا کہ ویکسینز سے بننے والی اینٹی باڈیز وائرس کی اصل قسم اور نئی اقسام پر کس حد تک موثر طریقے سے کام کرتی ہیں۔ ماہرین نے بتایا کہ جب ہم نے نئی اقسام پر وائرس ناکارہ بنانے والی اینٹی باڈیز کی جانچ پڑتال کی تو دریافت ہوا کہ جنوبی افریقی قسم اینٹی باڈیز کے خلاف 20 سے 40 گنا زیادہ مزاحمت کرتی ہے۔ اسی طرح برازیل اور جاپان میں دریافت 2 اقسام پرانی قسم کے مقابلے میں اینٹی باڈیز کے خلاف 5 سے 7 گنا زیادہ مزاحمت کرتی ہیں۔ محققین نے بتایا کہ یہ اینٹی باڈیز وائرس کو گرفت میں لے کر انہیں خلیات میں داخل ہونے سے روکتی ہیں، جس سے بیماری سے تحفظ ملتا ہے۔ مگر یہ اسی وقت کام کرتا ہے جب اینٹی باڈی کی ساخت وائرس کی ساخت سے مثالی مطابقت رکھتی ہو، اگر وائرس کی اس جگہ کی ساخت مختلف ہو جہاں اینٹی باڈیز منسلک ہوتی ہیں، یعنی کورونا وائرس کا اسپائیک پروٹین، تو اینٹی باڈیز اسے موثر طریقے سے شناخت اور ناکارہ بنانے سے قاصر ہو جاتی ہیں۔ اسی کے لیے ویکسینز کے خلاف وائرس کی مزاحمت کی [illegible]

بقیہ 27

کے بعد مارا گیا اور ان کے سر پر چوٹیں آئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا بیٹا مندر میں عموماً نہیں جاتے تھے اور انہیں مستقبل میں اس حوالے سے واضح کیا گیا، انہوں نے کہا کہ انہیں بری طرح تشدد اور تضحیک کا [illegible]

امروز شوبز

مہوش حیات اسلام آباد میں میوزک کنسرٹ منعقد ہونے پر برہم

بہت سارے لوگوں کے ساتھ براہ راست میوزک کنسرٹ کا انعقاد ہونا بہت مایوس کن ہے

کورونا وائرس کے خطرناک معاملات ایک بار پھر عروج پر ہیں اور اب ہمیں اس وبا کی تیسری لہر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ وتمغہء امتیاز مہوش حیات نے حال ہی میں اسلام آباد میں ہونے والے میوزک کنسرٹ پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی جو اسلام آباد میں ہونے والے میوزک کنسرٹ کی تھی۔ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے سوالیہ انداز میں لکھا گیا کہ 'کیا کورونا وائرس صرف تعلیمی اداروں میں ہے؟' مہوش حیات نے اس ٹوئٹ پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے لکھا کہ 'بہت سارے لوگوں کے ساتھ براہ راست میوزک کنسرٹ کا انعقاد ہونا بہت مایوس کن ہے جبکہ ہم ابھی بھی عالمی وبا کورونا وائرس سے آزاد نہیں ہیں۔ اداکارہ نے لکھا کہ 'کورونا وائرس کے خطرناک معاملات ایک بار پھر عروج پر ہیں اور اب ہمیں اس وبا کی تیسری لہر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ 'آیئے ایک ذمہ دار انسان بنیں کیونکہ جان ہے تو جہان ہے۔ واضح رہے کہ کورونا وائرس وباء کی تیسری لہر کے باعث اسلام آباد کے تین سیکٹرز میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کر دیا گیا ہے جبکہ اسکولوں میں چھٹیاں کر دی گئی ہیں۔ ماسک نہ پہننے والوں پر ایک ہزار سے 35 ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 48 ہزار 81 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک یہاں کل 526 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ ماسک نہ پہننے والوں پر ایک ہزار سے 35 ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 48 ہزار 81 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں۔

ڈرامہ آرٹ سے نکل کر نوٹنکی بن چکا ہے، حسینہ معین

معاشرے کی حقیقتوں کو طریقے سے دکھایا جانا چاہئے تاکہ ہر کوئی باخبر رہے

لاہور (این این آئی) مصنفہ اور ڈرامہ نویس حسینہ معین نے کہا ہے کہ ڈرامہ آرٹ سے نکل کر نوٹنکی بن چکا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حسینہ معین نے سعودی نیوز ویب سائٹ کو انٹرویو میں کہا کہ معاشرے کی حقیقتوں کو طریقے سے دکھایا جانا چاہئے، بری سے بری بات کو بھی سلیقے سے کہا اور دکھایا جا سکتا ہے، ٹی وی کو ہر گھر میں دیکھا جاتا ہے، بچے بڑے بوڑھے ہر کوئی ڈرامے دیکھتا ہے اور ٹی وی پر دکھائی جانے والی چیز کا اثر دیرپا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ جو دیکھتے ہیں ویسا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، حسینہ نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں ایک ڈرامے میں دکھایا گیا کہ لڑکی شادی کیلئے نہیں مانتی تو لڑکا اس کے چہرے پر تیزاب پھینک دیتا ہے، یہ منظر دیکھنے کے بعد بہت سارے ایسے واقعات ہوئے تھے، اس لئے ہمیں ایسی چیزوں کا خیال ضرور رکھنا چاہیے۔ حسینہ معین نے کہا کہ مصنف کا کام حدود میں رہ کر معاشرے کو آگہی، معلومات اور لوگوں کو تفریح فراہم کرنا ہے مصنفہ اور ڈرامہ نویس حسینہ معین نے کہا ہے کہ ڈرامہ آرٹ سے نکل کر نوٹنکی بن چکا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حسینہ معین نے سعودی نیوز ویب سائٹ کو انٹرویو میں کہا کہ معاشرے کی حقیقتوں کو طریقے سے دکھایا جانا چاہئے، بری سے بری بات کو بھی سلیقے سے کہا اور دکھایا جا سکتا ہے، ٹی وی کو ہر گھر میں دیکھا جاتا ہے، بچے بڑے بوڑھے ہر کوئی ڈرامے دیکھتا ہے اور ٹی وی پر دکھائی جانے والی چیز کا اثر دیرپا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ جو دیکھتے ہیں ویسا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، حسینہ نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں ایک ڈرامے میں دکھایا گیا کہ لڑکی شادی کیلئے نہیں مانتی تو لڑکا اس کے چہرے پر تیزاب پھینک دیتا ہے، یہ منظر دیکھنے کے بعد بہت سارے ایسے واقعات ہوئے تھے، اس لئے ہمیں ایسی چیزوں کا خیال ضرور رکھنا چاہیے۔ حسینہ معین نے کہا کہ مصنف کا کام حدود میں رہ کر معاشرے کو آگہی، معلومات اور لوگوں کو تفریح فراہم کرنا ہے

اداکارہ اریبنا رانا نے کورونا کی ویکسین لگوالی

کراچی (این این آئی) دنیا بھر میں عالمی وبا کورونا وائرس کی ویکسی نیشن کا عمل جاری ہے جب کہ پاکستان میں ابھی صرف میڈیکل ورکرز اور 60 سال سے زائد عمر کے افراد کو کورونا ویکسین لگائی جا رہی ہے۔ حال ہی میں پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کی اداکارہ اریبنا رانا خان نے عالمی وبا کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسین لگوائی ہے۔ اداکارہ نے ٹوئٹر پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ انہیں کورونا کی ویکسین لگائی گئی ہے۔ اس ویڈیو کے کیپشن میں اریبنا نے بتایا کہ 'میں نے ویکسین لگوالی ہے اور میں ویکسین لگوانے کے بعد کے تجربے اور اس کے عمل کے بارے میں بات کروں گی۔ اریبنا نے کہا کہ 'ایک بات ہے جو میں آپ سب سے کہوں گی کہ جس چیز کی آپ کو پیشکش کی گئی ہو اسے اسی وقت اپنالیں۔

صبور اور ماورا کو وزن بڑھانے کے مشورے پر تنقید، ایمن خان کا ردعمل سامنے آ گیا

جب میں آپ کو کچھ نہیں کہہ سکتی تو آپ کو مجھے کچھ کہنے کا کوئی حق نہیں، ایمن خان

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ایمن خان کو حال ہی میں ساتھی اداکاراؤں، ماورا حسین اور صبور علی کو وزن بڑھانے کا مشورہ دینے پر لوگوں کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایمن خان گزشتہ دنوں اپنے شوہر اداکار منیب بٹ کے ساتھ نجی ٹی وی کے 'دی کپل شو' میں شریک ہوئی تھیں۔ اسی پروگرام کے سیگمنٹ میں ایمن خان اور منیب بٹ کو کچھ شوبز شخصیات کی تصاویر دکھائی گئیں اور انہیں بولا گیا کہ وہ مذکورہ شخصیات کی ایک اچھی اور ایک بری بات بتائیں یا پھر انہیں کوئی مشورہ دیں۔ اسی سیگمنٹ میں منیب بٹ نے اداکارہ صبور علی کو مشورہ دیا کہ اب انہیں شادی کر لینی چاہیے مگر ایمن خان نے شوہر کے برعکس اداکارہ کو وزن کم کرنے کا مشورہ دیا۔ ایمن خان کا کہنا تھا کہ صبور علی اتنی پتلی ہیں کہ ان جیسی تین خواتین ہوں تو وہ ایمن خان بنیں گی، اس لیے وہ اداکارہ کو مشورہ دے رہی ہیں کہ وہ تھوڑی سی 'موٹی' ہو جائیں۔ اسی سیگمنٹ میں ایمن خان نے اداکارہ ماورا حسین کو بھی بہت ہی پتلی خاتون قرار دیا اور انہیں بھی مشورہ دیا تھا کہ وہ بھی تھوڑا سا وزن بڑھا لیں۔ تاہم ایمن خان کی جانب سے دونوں اداکاراؤں کو پتلا قرار دیے جانے اور انہیں وزن بڑھانے کا مشورہ دیے جانے پر لوگوں نے اداکارہ کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا اور ان کے کمنٹس کو 'جسامت پر مذاق اڑانا' قرار دیا تھا۔ اب لوگوں کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ ایمن خان نے انسٹاگرام اسٹوری میں لکھا کہ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ لوگ کیوں چیزوں کو ذاتی طور پر لیتے ہیں اور منفی سوچ پھیلاتے ہیں۔

امجد صابری کا بیٹا والد کو کاپی کرنے لگا

کراچی (این این آئی) لاکھوں دلوں پر راج کرنے والے معروف قوال امجد صابری کے بڑے صاحبزادے مجدد صابری نے اپنے مرحوم والد کو کاپی کرتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کر دی۔ مجدد صابری نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنے مرحوم والد امجد صابری کی ایک نایاب ویڈیو شیئر کی ہے جس میں وہ ڈرائیو کرتے ہوئے اپنی سحر انگیز آواز میں بالی ووڈ گانا 'ہم کو تم سے ہو گیا ہے پیار کریں' گنگنا رہے ہیں۔ امجد صابری کی ویڈیو ختم ہونے کے بعد اُن کے بیٹے مجدد صابری کی ویڈیو کا آغاز ہوتا ہے جس میں وہ بھی اپنے والد کا اسٹائل اپناتے ہوئے ڈرائیو کر رہے ہیں۔ ویڈیو میں مجدد صابری اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی سُریلی آواز میں بالی ووڈ کا مقبول ترین گانا 'دولہے کا سہرا' گنگنا رہے ہیں۔

حرامانی نے اپنے جڑواں بھائی کی صویر شیئر کر دی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ و ماڈل حرامانی نے جڑواں ہونے کا انکشاف کرتے ہوئے اپنے جڑواں بھائی کی تصویر شیئر کر دی۔ انسٹاگرام پر حرامانی کی جانب سے اپنی اور جڑواں بھائی حسن جمال کی تصویر شیئر کی گئی ہے۔ اداکارہ نے تصویر میں اپنے جڑواں بھائی حسن جمال کو ٹیگ کرتے ہوئے پوسٹ درج کی کہ ہم جڑواں ہیں۔ حرامانی نے زیر غور پوسٹ میں اپنے پسندیدہ فوٹوگرافر جعفر حسن کو بھی ٹیگ کیا۔ ادھر اداکارہ کے جڑواں بھائی حسن جمال کے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر بھی حرامانی کے ہمراہ ان کی کئی تصاویر موجود ہیں۔ اداکارہ کی تصویر پر مداحوں کی جانب سے ہزاروں لائیکس اور کمنٹس کیے جا چکے ہیں۔ خیال رہے کہ حرامانی نے 2010 میں شوبز میں اپنے کیریئر کا آغاز بطور میزبان کیا تھا۔

تین لڑکیوں کے انکار کے بعد ایک لڑکی نے پسند کیا' عامر خان

مجھے محبت کے معاملے میں 3 لڑکیوں کی جانب سے مسترد کیا جا چکا تھا



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کا کہنا ہے کہ محبت کے معاملے میں انہیں ماضی میں 3 لڑکیوں کی جانب سے مسترد کیا جا چکا ہے۔ عامر خان کی کرن راؤ سے شادی کو 15 سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے تاہم ماضی میں ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے جب عامر خان محبت کے معاملے میں خود کو خاصا بدقسمت تصور کر چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو میں عامر خان نے اپنی پہلی محبت سے متعلق انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں جب پہلی بار محبت ہوئی اس وقت ان کی عمر 10 سے 11 سال تھی، یہ محبت خاموش اور یکطرفہ تھی، وہ اس لڑکی سے محبت کیا کرتے تھے لیکن شرمیلے ہونے کے باعث ملاقات میں بھی اس سے اپنے جذبات کا اظہار نہ کر سکے۔ عامر خان نے کہا کہ مجھے محبت کے معاملے میں 3 لڑکیوں کی جانب سے مسترد کیا جا چکا تھا، تیسری بار مسترد کیے جانے کے بعد مجھے محسوس ہوتا تھا کہ محبت میرے لیے نہیں لیکن پھر مجھے بھی ایک ایسی لڑکی ملی جس نے مجھے پسند کیا۔ خیال رہے کہ عامر خان کی پہلی شادی ان کی پڑوسی رینا دتہ سے ہوئی تھی جس سے ان کے دو بچے جنید اور ایرا بھی ہیں تاہم شادی کے 16 سال بعد عامر اور رینا کے درمیان علیحدگی ہو گئی۔ بعد ازاں عامر نے کرن راؤ سے 2005 میں شادی کی جن سے ان کا ایک بیٹا آزاد بھی ہے۔ بالی وڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کا کہنا ہے کہ محبت کے معاملے میں انہیں ماضی میں 3 لڑکیوں کی جانب سے مسترد کیا جا چکا ہے۔ عامر خان کی کرن راؤ سے شادی کو 15 سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے تاہم ماضی میں ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے جب عامر خان محبت کے معاملے میں خود کو خاصا بدقسمت تصور کر چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو میں عامر خان نے اپنی پہلی محبت سے متعلق انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں جب پہلی بار محبت ہوئی اس وقت ان کی عمر 10 سے 11 سال تھی، یہ محبت خاموش اور یکطرفہ تھی، وہ اس لڑکی سے محبت کیا کرتے تھے۔

نیدرلینڈ کی خاتون نے علی ظفر کو شادی کی پیشکش کر دی

میرے لئے شادی کرنا تھوڑا مشکل ہو جائیگا' اُمید ہے آپ میری مجبوری کو سمجھیں گے

کراچی (این این آئی) گلوکار علی ظفر کو نیدرلینڈ کی ایک خاتون نے شادی کی پیشکش کر دی۔ گلوکار و اداکار علی ظفر نے سنڈے کو فن ڈے منانے کے لیے مداحوں سے باتیں کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ انہوں نے ٹوئیٹ میں لکھا کہ آج ایک اچھا دن ہے، چلیں سوال و جواب شروع کرتے ہیں لوگ مجھ سے کچھ بھی پوچھ سکتے ہیں۔ علی ظفر کا ٹوئیٹ کرنا تھا کہ مداحوں نے سوالات کے انبار لگا دیئے۔ کسی نے کامیابی کا راز پوچھا تو کسی مداح نے آنے والے البم سے متعلق سوال کیا لیکن ایک مداح ایسی تھیں جنہوں نے علی ظفر سے ایک مشکل سوال کر دیا۔ نیدرلینڈ سے تعلق رکھنے والی سنتھیا ستارہ نامی صارف نے علی ظفر سے سوال کیا ہے کہ کیا میں کچھ بھی پوچھ لوں؟ تو پھر یہ بتائیں کیا آپ مجھ سے شادی کریں گے؟ سنتھیا کی جانب سے کی جانے والی شادی کی پیشکش پر علی ظفر نے جواب دیا کہ یہ تھوڑا مشکل ہو جائے گا، اُمید ہے آپ میری مجبوری کو سمجھیں گی۔ انہوں نے ٹوئیٹ میں لکھا کہ آج ایک اچھا دن ہے، چلیں سوال و جواب شروع کرتے ہیں لوگ مجھ سے کچھ بھی پوچھ سکتے ہیں۔ علی ظفر کا ٹوئیٹ کرنا تھا کہ مداحوں نے سوالات کے انبار لگا دیئے۔ کسی نے کامیابی کا راز پوچھا تو کسی مداح نے آنے والے البم سے متعلق سوال کیا لیکن ایک مداح ایسی تھیں جنہوں نے علی ظفر سے ایک مشکل سوال کر دیا۔ نیدرلینڈ سے تعلق رکھنے والی سنتھیا ستارہ نامی صارف نے علی ظفر سے سوال کیا ہے کہ کیا میں کچھ بھی پوچھ لوں؟ تو پھر یہ بتائیں کیا آپ مجھ سے شادی کریں گے۔

اب جذباتی نہیں رہا، زیادہ تلخ اور بدعنوان ہو گیا ہوں، گوندا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار گوندا کا کہنا ہے کہ اب وہ زیادہ بدعنوان اور تلخ ہو گئے ہیں جبکہ ماضی کا گوندا بہت پاک وصاف تھا۔ انھوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں ان کے خلاف ایک سازش کی گئی جس میں انھیں سائیڈ لائن کرنے کے لیے فلموں میں اچھے کردار آفر نہیں کیے جاتے اور ان کی فلموں کی ریلیز میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں۔ ایک انٹرویو میں 1990 اور سن 2000 کے عشرے میں کئی ہٹ فلموں میں مرکزی کردار ادا کرنے والے سینیئر اداکار کا کہنا تھا کہ اب وہ زیادہ کاروباری مزاج کے بن گئے ہیں اور جذباتی بنیادوں پر مسائل حل کرنے والے نہیں رہے ہیں۔ ستاون سالہ گوندا سے جب یہ پوچھا گیا کہ کیا وہ اب روحانیت پر یقین رکھتے ہیں تو انھوں نے کہا کہ نہیں اب معاملہ اس کے برخلاف ہے، اب میں زیادہ بدعنوان اور تلخ ہو گیا ہوں۔ اب پارٹیوں میں بھی جاتا ہوں، سگریٹ اور شراب نوشی کرتا ہوں۔

ثمینہ پیرزادہ کی عوام سے پاکستان کو صاف رکھنے کی اپیل

لاہور شہر میں پیدل چلنے والے افراد کے لیے کوئی فٹ پاتھ ہی نہیں ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ و میزبان ثمینہ پیرزادہ نے عوام سے پاکستان کو صاف رکھنے کی اپیل کر دی۔ ثمینہ پیرزادہ نے مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر پاکستان کے عوام کے لیے خصوصی ٹوئٹ کیا ہے۔ سینئر اداکارہ نے اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ 'پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے۔ انہوں نے عوام سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ 'آیئے! ملکر پاکستان کی صفائی کا خیال رکھیں۔ ثمینہ پیرزادہ کے اس ٹوئٹ پر صارفین کی بڑی تعداد اس مہم میں اُن کی حمایت کرتی دکھائی دے رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ثمینہ پیرزادہ نے لاہور شہر میں فٹ پاتھ نہ ہونے پر شدید برہمی کا اظہار کیا تھا۔ ثمینہ پیرزادہ نے کہا تھا کہ 'کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ لاہور شہر میں پیدل چلنے والے افراد کے لیے کوئی فٹ پاتھ ہی نہیں ہے۔

Imroz Sports — امروز کھیل

ڈاکٹرز نے والد کی حالت خطرے سے باہر بتائی ہے، بیٹا توصیف احمد

دو سال پہلے کراچی میں ان کے دل کا آپریشن بھی ہوا تھا

انہوں نے پاکستان کی جانب سے 34 ٹیسٹ اور 70 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلے ہیں

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر توصیف احمد کے بیٹے نے کہا ہے کہ والد پہلے سے بہتر محسوس کر رہے ہیں، ڈاکٹرز نے حالت خطرے سے باہر بتائی ہے۔ سابق کرکٹر کے بیٹے کے مطابق وزیراعظم ہاؤس سے والد کی خیریت دریافت کرنے کیلئے فون آیا۔ یاد رہے کہ ماضی کے ٹیسٹ آف اسپنر اور بنگلور کے ہیرو توصیف احمد کو اتوار کی شب لاہور میں شادی کی ایک تقریب میں دل کا دورہ پڑا جس کے بعد انہیں فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ توصیف احمد نے پاکستان کی جانب سے 34 ٹیسٹ اور 70 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلے ہیں۔ دو سال پہلے کراچی میں ان کے دل کا آپریشن بھی ہوا تھا۔ توصیف احمد نے 1986 میں شارجہ میں جاوید میاں داد کے تاریخی چھکے سے قبل سنگل رن بنا کر شہرت حاصل کی تھی۔ وہ قومی سلیکٹر اور جونیئر کوچ بھی رہ چکے ہیں۔

ابوظہبی، زمبابوے سے دوسرا ٹیسٹ میچ جیتنے والی افغانستان کی ٹیم کا ٹرافی کے ساتھ گروپ فوٹو

متھالی راج ون ڈے میں 7 ہزار رنز بنانے والی دنیا کی پہلی خاتون کرکٹر بن گئیں

متھالی اس سے قبل 6 ہزار رنز مکمل کرنے والی بھی دنیا کی پہلی خاتون کرکٹر بنی تھیں

لکھنو (این این آئی) متھالی راج ون ڈے انٹرنیشنل میں 7 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرنیوالی دنیا کی پہلی خاتون کرکٹر بن گئیں۔ متھالی راج نے یہ کارنامہ اتوار کو جنوبی افریقہ سے جاری ہوم سیریز کے چوتھے میچ میں انجام دیا، بھارتی کپتان کیریئر کے 213 ویں میچ میں 7 ہزار کا ہندسہ عبور کرنے میں کامیاب ہوئیں، 1999 میں ڈیبیو کرنے والی متھالی اس سے قبل 6 ہزار رنز مکمل کرنے والی بھی دنیا کی پہلی خاتون کرکٹر بنی تھیں۔ فہرست میں دوسرے نمبر پر انگلینڈ کی شارلوٹ ایڈورڈز 5992 رنز کے ساتھ موجود ہیں تاہم وہ 2016 میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائر ہو چکیں۔ متھالی نے اس مقابلے میں 71 بالز پر 45 رنز بنا کر پویلین کی راہ لی۔ متھالی راج ون ڈے انٹرنیشنل میں 7 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرنیوالی دنیا کی پہلی خاتون کرکٹر بن گئیں۔ متھالی راج نے یہ کارنامہ اتوار کو جنوبی افریقہ سے جاری ہوم سیریز کے چوتھے میچ میں انجام دیا، بھارتی کپتان کیریئر کے 213 ویں میچ میں 7 ہزار کا ہندسہ عبور کرنے میں کامیاب ہوئیں۔ متھالی اس سے قبل 6 ہزار رنز مکمل کرنے والی بھی دنیا کی پہلی کرکٹر بنی۔

بلوچستان جوڈو مرد اور خواتین چناؤ کے سلسلہ میں دو روز ٹرائلز مکمل

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بلوچستان جوڈو مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روز ٹرائلز مکمل ہو گئے، گذشتہ روز بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نور احمد رند نے بتایا کہ ٹرائلز میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین کھلاڑیوں نے حصہ لیا اور منتخب ٹیمیں پشاور میں آئندہ ماہ 8 سے 12 اپریل تک کھیلی جانے والی قومی جوڈو چیمپئن شپ میں شرکت کریں گی، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کا چناؤ میرٹ پر کیا گیا ہے اور ان کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ بھی لگایا جائے گا جس میں کھلاڑیوں کو جدید اور اعلیٰ تربیت دی جائے گا بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بلوچستان جوڈو مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روز ٹرائلز مکمل ہو گئے، گذشتہ روز بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نور احمد رند نے بتایا کہ ٹرائلز میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین کھلاڑیوں نے

غوری کلب نے سوہان کلب کو شکست دے کر اسلام آباد چیلنج کپ اپنے نام کر لی

ٹورنامنٹ کے پری کوارٹر فائنل مقابلوں میں 16 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اکبر کلب کے زیر اہتمام جاری اسلام آباد چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں غوری کلب نے سوہان کلب کو 5-1 گول سے شکست دیکر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی، گذشتہ روز ٹی اینڈ ٹی فٹ بال گراؤنڈ جاری ٹورنامنٹ کے دوسرے پری کوارٹر فائنل میچ میں وقفے تک غوری کلب کو سوہان کلب کے خلاف 3-0 گول کی برتری حاصل تھی، دوسرے ہاف میں سوہان کلب نے ایک گول اور غوری کلب نے مزید دو گول کر کے مقابلہ 5-1 گول سے جیت لیا، فاتح ٹیم کی جانب سے شہزاد، ولائت، عادل، حسن اور عبداللہ نے ایک، ایک گول کیا، سوہان کلب کی جانب سے واحد گول شری نے کیا، چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی سید شرافت حسین بخاری نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کے پری کوارٹر فائنل مقابلوں میں 16 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں سوہان کلب، قائداعظم کلب، رمنا کلب، پی ٹی سی ایل یوتھ کلب، کرن کلب، اکبر کلب اور ینگسٹرز کلب شامل ہیں، اور ٹورنامنٹ کا روزانہ ایک میچ کھیلا جا رہا ہے پری کوارٹر فائنل مرحلہ ناک آؤٹ سسٹم پر پی ایف ایف رولز کے مطابق کھیلا جا رہا ہے اکبر کلب کے زیر اہتمام جاری اسلام آباد چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں غوری کلب نے سوہان کلب کو 5-1 گول سے شکست دیکر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی، گذشتہ روز ٹی اینڈ ٹی فٹ بال گراؤنڈ جاری ٹورنامنٹ کے دوسرے پری کوارٹر فائنل میچ میں وقفے تک غوری کلب کو سوہان کلب کے خلاف 3-0 گول کی برتری حاصل تھی، دوسرے ہاف میں سوہان کلب نے ایک گول اور غوری کلب نے مزید دو گول کر کے مقابلہ 5-1 گول سے جیت لیا، فاتح ٹیم کی جانب سے شہزاد،

لاہور، گورنر پنجاب چوہدری سرور ریس کلب میں فاتح کھلاڑی کو ٹرافی دے رہے ہیں

محمد عثمان یامین اسوا اکیڈمی کے کوچ مقرر

ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب کے زیر نگرانی چل رہیں ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن (اسوا) و ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب اسلام آباد کے صدر رانا تنویر احمد نے محمد عثمان یامین کو اسوا اکیڈمی اور عثمان اسلم کو ماڈل ٹاؤن فٹ بال اکیڈمی کا کوچ مقرر کر دیا ہے۔ گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر احمد نے بتایا کہ اسوا فٹ بال اکیڈمی، اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن اور ماڈل ٹاؤن فٹ بال اکیڈمی، ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب کے زیر نگرانی چل رہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید شرافت حسین بخاری نے محمد عثمان یامین کو اسوا اکیڈمی اور عثمان اسلم کو ماڈل ٹاؤن فٹ بال اکیڈمی کا کوچ مقرر کرنے کی منظوری دے دی ہے، انہوں نے کہا کہ ملک میں کرونا وائرس کی وبا کے باعث کچھ عرصہ کے لئے اکیڈمیز میں کھلاڑیوں کی تربیت کو روک دیا گیا ہے اب دونوں اکیڈمیز میں کھلاڑی تربیت کر رہے ہیں۔ اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن (اسوا) و ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب اسلام آباد کے صدر رانا تنویر احمد نے محمد عثمان یامین کو اسوا اکیڈمی اور عثمان اسلم کو ماڈل ٹاؤن فٹ بال اکیڈمی کا کوچ مقرر کر دیا ہے۔ گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر احمد نے بتایا کہ اسوا فٹ بال اکیڈمی، اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن اور ماڈل ٹاؤن فٹ بال اکیڈمی، ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب کے زیر نگرانی چل رہیں ہیں۔

فٹ بال ٹورنامنٹ میں غوری کلب سوہان کلب کو 5-1 گول سے شکست دی

اسلام آباد (این این آئی) اکبر کلب کے زیر اہتمام جاری اسلام آباد چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں غوری کلب نے سوہان کلب کو 5-1 گول سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ گذشتہ روز ٹی اینڈ ٹی فٹ بال گراؤنڈ جاری ٹورنامنٹ کے دوسرے پری کوارٹر فائنل میچ میں وقفے تک غوری کلب کو سوہان کلب کے خلاف 3-0 گول کی برتری حاصل تھی، دوسرے ہاف میں سوہان کلب نے ایک گول اور غوری کلب نے مزید دو گول کر کے مقابلہ 5-1 گول سے جیت لیا، فاتح ٹیم کی جانب سے شہزاد، ولائت، عادل، حسن اور عبداللہ نے ایک، ایک گول کیا جبکہ سوہان کلب کی جانب سے واحد گول شری نے کیا

کرنل نعمان کا صوبیدار (ر) چوہدری سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق رکن اور قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان کرنل (ر) محمد نعمان نے قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان صوبیدار (ر) چوہدری نوید کی اہلیہ کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق رکن اور قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان کرنل (ر) محمد نعمان نے قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان صوبیدار (ر) چوہدری نوید کی اہلیہ کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

سابق ٹیسٹ کرکٹر توصیف احمد کی انجیو گرافی کر دی گئی

تقریب کے دوران اچانک توصیف احمد کو دل کا دورہ پڑا

لاہور (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر توصیف احمد کی انجیو گرافی کر دی گئی۔ نجی ہسپتال کے ڈاکٹر صابر ملک کے مطابق توصیف احمد کو 3 سال قبل اسٹنٹ ڈالے گئے تھے اور وہ دمہ کے مریض بھی ہیں، توصیف احمد کی انجیوگرافی کر دی گئی ہے۔ انجیوگرافی کی رپورٹ مطابق توصیف احمد کی انجیو پلاسٹی یا بائی پاس آپریشن کرنے کی ضرورت نہیں ہے تاہم ان کیلئے آئندہ 48 گھنٹے اہم ہیں۔ ذرائع کے مطابق سابق ٹیسٹ کرکٹر توصیف احمد ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے چند روز قبل کراچی سے لاہور آئے ہوئے تھے، تقریب کے دوران اچانک توصیف احمد کو دل کا دورہ پڑا جس سے ان کی حالت بگڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق سابق ٹیسٹ کرکٹر توصیف احمد ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے چند روز قبل کراچی سے لاہور آئے ہوئے تھے۔

قومی ویمن فٹبال چمپئن شپ، کورونا وائرس کا پہلا کیس رپورٹ

پلیئر کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آنے کے بعد گروپ بی میچز معطل

کراچی (این این آئی) قومی ویمن فٹبال چمپئن شپ 2021ء میں کورونا وائرس کا پہلا کیس سامنے آ گیا ہے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کی جانب سے کراچی یونائیٹڈ کی پلیئر کے کورونا وائرس کے مثبت ٹیسٹ کی تصدیق کر دی گئی۔ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے مطابق کراچی یونائیٹڈ کی ٹیم میں شامل ایک پلیئر کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آ گیا ہے، پلیئر کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آنے کے بعد گروپ بی کے میچز فی الحال معطل کر دیئے گئے ہیں۔ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کا کراچی یونائیٹڈ اور اس سے مقابلے والی ٹیموں کو مکمل اسکواڈ کے ٹیسٹ کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کراچی یونائیٹڈ سے میچ کھیلنے والی کراچی ویمن ایف سی اور ایچ ای سی کو بھی اسکواڈ کے ٹیسٹ کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، اس طرح کراچی ڈبلیو ایف سی سے میچ کھیلنے والی سیالکوٹ ایف سی کو بھی ٹیسٹ کی ہدایت کی گئی ہے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن کے ترجمان کے مطابق پاکستان فٹبال فیڈریشن ٹیموں کو ٹیسٹنگ کے لیے مالی معاونت فراہم کرے گا، ٹیسٹ کے رزلٹ آنے تک گروپ بی کے میچز معطل رہیں گے۔ قومی ویمن فٹبال چمپئن کورونا وائرس کا پہلا کیس رپورٹ دی۔

ری کری ایشن کرکٹ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو ٹرافی دی جا رہی ہے

دبئی، ڈیوٹی فری ٹینس میں بیلاروس کے ایگو گراسیو شاٹ کھیل رہے ہیں

بقیہ 1

حکومت کا بلدیاتی آرڈیننس آئین کی خلاف ورزی اور سپریم کورٹ پر حملہ ہے، کیا ہم دوبارہ برطانوی راج میں داخل ہوچکے ہیں، ایک بندے کی خواہش پر پوری پنجاب اسمبلی کو بائی پاس کیا گیا، گورنر پنجاب کو بتایا جائے وہ کوئی سیاسی بیان دے سکتے ہیں نہ سیاسی سرگرمی کرسکتے ہیں، پنجاب حکومت اقتدار کے نشے میں پنجاب کو ملک سے الگ کرنا چاہتی ہے، لگتا ہے پنجاب میں مشرقی پاکستان والا سانحہ دہرانے کا منصوبہ ہے، کیا لوگوں کو جمہوریت سے متنفر کرکے آمریت کی راہ ہموار کی جارہی ہے؟۔تفصیلات کے مطابق پیر کو سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کی سماعت کی ۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ملک چلانے کی اہل نہیں ہے یا فیصلے کرنے کی، دو ماہ سے مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں ہوا۔جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا کہ پاکستان چلانے کی بنیاد ہی مردم شماری ہے، کیا مردم شماری کے نتائج جاری کرنا حکومت کی ترجیح نہیں، تین صوبوں میں حکومت کے باوجود کونسل میں ایک فیصلہ نہیں ہورہا، عدالتی حکم کے باوجود اجلاس ملتوی ہونا آئینی ادارے کی توہین ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئی جنگ تو نہیں ہورہی تھی جو اجلاس نہیں ہوسکا، اب تو ویڈیولنک پر بھی اجلاس ہوسکتا ہے، مردم شماری 2017 میں ہوئی تھی، 4 سال گزر گئے۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس 24 مارچ کو ہوگا، حساس معاملہ ہے حکومت اتفاق رائے سے فیصلہ کرنا چاہتی ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کی رپورٹ کو خفیہ کیوں رکھا گیا ہے، اچھا کام بھی خفیہ ہوتو شکوک وشبہات جنم لیتے ہیں، کیا ملک میں اس انداز میں حکومت چلائی جائے گی، عوام کو علم ہونا چاہیے کہ صوبے کیا کررہے ہیں اور وفاق کیا کررہاہے۔پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس لانے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے مطابق حکومت کی جانب سے نیا بلدیاتی قانون لانے سے پیچیدگی پیدا ہوگئی ہے، سادہ الفاظ میں پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات کروانا ہی نہیں چاہتی ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سرکاری وکیل سے پوچھا کہ پنجاب اسمبلی میں کتنے ارکان ہیں، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے بتایا کہ پنجاب اسمبلی 374 ارکان پر مشتمل ہے، جس پر جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ کیا گورنر پنجاب ان 374 ممبران سے زیادہ اہل ہے، گورنر پنجاب کون ہیں؟۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ گورنر پنجاب کا نام چوہدری محمد سرور ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سوال کیا کہ کیا گورنر پنجاب وائسرائے ہیں، کیا گورنر پنجاب عوام کے نمائندے ہیں یا صدر مملکت کا انتخاب ہیں جس پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے کہا کہ گورنر پنجاب وزیراعظم کے مشورے پر صدر مملکت کی جانب سے تعینات کیے گئے ہیں۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ کیا ہم دوبارہ برطانوی راج میں داخل ہوچکے ہیں، ایک بندے کی خواہش پر پوری پنجاب اسمبلی کو بائی پاس کیا گیا، گورنر پنجاب پاکستانی ہیں یا باہر سے درآمد کیے گئے ہیں۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو بتایا کہ گورنر پنجاب کی پیدائش پاکستان کی ہے تاہم انہوں نے زندگی کا کچھ حصہ برطانیہ میں گزارا ہے، جس پر جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ کیا گورنر پنجاب دوہری شہریت کے حامل ہیں تاہم ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے کہا کہ گورنر پنجاب نے برطانوی شہریت ترک کردی ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ گورنر پنجاب کو بتائیں کہ وہ کوئی سیاسی بیان نہیں دے سکتے، گورنر پنجاب سیاسی سرگرمی بھی نہیں کرسکتے اور پنجاب حکومت الیکشن کمیشن کے تابع ہے۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے پاس وہی اختیارات ہیں جو سپریم کورٹ کے پاس ہیں، پنجاب حکومت کا بلدیاتی آرڈیننس سپریم کورٹ پر حملہ ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ پنجاب حکومت اقتدار کے نشے میں پنجاب کو ملک سے الگ کرنا چاہتی ہے، لگتا ہے پنجاب میں مشرقی پاکستان والا سانحہ دہرانے کا منصوبہ ہے، لوگوں کو جمہوریت سے متنفر کرکے آمریت کی راہ ہموار کی جارہی ہے؟۔انہوں نے کہا کہ لگتا ہے پنجاب حکومت کو عوام سے شدید نفرت ہے، فوج میں آرڈیننس کا مطلب اسلحہ ہوتا ہے، آئین کے ساتھ کھیلا جارہاہے، سارا ملک برباد کردیا ہے، کیا قانون شکنی پر حکومت کو قائم رہنا چاہیے؟، ملک پنجاب حکومت کا نہیں ہمارا ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ جمہوریت بلدیاتی اداروں سے ہی پھلتی پھولتی ہے، مجھے تعجب ہورہا ہے کہ پنجاب حکومت کیا کررہی ہے، پنجاب حکومت سے اپوزیشن برداشت نہیں ہوتی۔انہوں نے کہا کہ اب پنجاب حکومت ایسا کرے کہ چار ماہ کے بعد نیا آرڈیننس لے آئے، پنجاب حکومت نے دانستہ پنجاب کے 12 کروڑ عوام کو بنیادی مسائل کے حل سے محروم کیا ہے، لوگوں کے بنیادی مسائل سڑک اور پانی وغیرہ کے ہوتے ہیں۔اس موقع پر انہوں نے سوال کیا کہ کیا گورنر پنجاب پڑھے لکھے آدمی ہیں، جو عمل گورنر پنجاب نے کیا وہ وائسرائے بھی نہیں کرتے تھے۔عدالت میں موجود سیکریٹری بلدیات پنجاب نورالامین مینگل کی جانب سے بات کرنے کیلئے ہاتھ کھڑا کرنے پر ان کی سرزنش ہوئی اور جسٹس فائز نے کہا کہ دوبارہ ہاتھ کھڑا کیا تو باہر نکال دوں گا، آپ سکول میں نہیں آئے کہ ہاتھ اٹھارہے ہیں۔سیکریٹری بلدیات پنجاب نورالامین مینگل نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو بلدیاتی قانون میں ترمیم سے آگاہ کیا تھا، میرے عملے نے مجھے آگاہ کیا ہے کہ کمیشن کو بتایا گیا تھا، جس پر جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ کیا آپ اتنے بڑے افسر ہیں کہ عملہ آپ کو بریف کرے گا۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو بتایا کہ اقتدار کی نچلی سطح پر منتقلی حکومت کا انتخابی وعدہ اور منشور تھا، جس پر جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ پہلی بار دیکھا کہ کوئی سرکاری وکیل سیاسی منشور کا حوالہ دے رہا، کیا حکومت اور سیاسی جماعت میں کوئی فرق نہیں رہا۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ آئین کو کچھ تو عزت دیں، آمروں نے آئین کو اتنا پامال کیا شاید آپ کی نظر میں اس کی عزت نہیں رہی، منشور اور انتخابی وعدے سیاسی جماعتوں کے ہوتے ہیں، حکومت کا واحد منشور صرف آئین ہوتا ہے۔عدالت نے کہا کہ حیرانی کی بات ہے کہ مشترکہ مفادات کونسل نے 2017 کی مردم شماری کی اب تک منظوری نہیں دی، مشترکہ مفادات کونسل 24 مارچ کے اجلاس میں مردم شماری کے زیر التوا معاملے پر فیصلہ کرے۔عدالت نے کہا کہ سندھ، بلوچستان اور خیبرپختونخوا (کے پی) حکومتیں بلدیاتی انتخابات کرانے کیلئے تیار ہیں، کے پی اور سندھ میں مردم شماری اور حلقہ بندیوں کے بعد انتخابات ہوں گے۔بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے عدالت نے کہا کہ پنجاب حکومت نے لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس کے معاملے پر الیکشن کمیشن کو اندھیرے میں رکھا، پنجاب حکومت نے بلدیاتی نمائندوں سے اختیارات لے کر بیوروکریٹس کو دے دیئے ہیں، آرڈیننس لانا آئین کی خلاف ورزی ہے۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ کیس کی سماعت کیلئے تین رکنی بنچ تشکیل دینے کا معاملہ چیف جسٹس کو بھجوا دیا اور ہدایت کی کہ رجسٹرار سپریم کورٹ بنچ تشکیل دینے کیلئے فائل جلد از جلد چیف جسٹس کو بھجوائیں۔جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے رجسٹرار آفس کو تمام انتخابی معاملات جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے کی ہدایت بھی کردی۔

بقیہ 2

جائے گا، پورے ملک میں ضمنی انتخابات جیت کر پی ڈی ایم نے نالائق اور نااہل حکومت کو بے نقاب کر دیا ہے کہ اب عوام اس کے ساتھ نہیں ہیں جبکہ اسلام آباد کی سینٹ کی نشست پر یوسف رضا گیلانی کی کامیابی سے یہ ثابت ہوگیا کہ نااہل حکومت اکثریت کھوچکی ہے، چیئرمین سینٹ کے الیکشن میں سندھ سے تعلق رکھنے والے پریزائیڈنگ افسر نے قانونی طور پر درست ووٹ دھاندلی کے ذریعے مسترد کردیئے اور چند دن کے لئے صادق سنجرانی کو سیٹ پر بٹھا دیا ہے مگر ہمیں یقین ہے کہ ہائیکورٹ سے ہم فتحیاب ہوں گے۔وہ میانی فاریسٹ میں محکمہ جنگلات کی طرف سے ایک دن میں 1 لاکھ پودے لگانے کی تقریب اور محکمہ لائیو اسٹاک کے زیراہتمام مویشیوں کی سالانہ نمائش کی تقریبات میں شرکت کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے،اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر لائیو اسٹاک عبدالباری پتافی، وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ، وزیر زراعت اسماعیل راہو، سابق وزیر بلدیات جام خان شورو، ایم این اے طارق شاہ، ایم پی اے عبدالجبار خان اور دیگر رہنما بھی موجود تھے، بلاول بھٹو زرداری نے انعامات بھی تقسیم کیئے۔پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے میڈیا کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ منگل کو ہونے والے پی ڈی ایم کے منگل کو ہونے والے اجلاس میں 26 مارچ کو ہونے والے لانگ مارچ سمیت دیگر ایشوز پر اتفاق رائے سے فیصلے کئے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی نے اپنا موقف پی ڈیم ایم میں پیش کیا تھا جس پر اتفاق کیا گیا اور اسی کے نتیجے میں پی ڈی ایم نے پورے ملک میں اسمبلی انتخابات اور سینٹ کے انتخابات میں بھی حصہ لیا اور پورے ملک میں کامیابی حاصل کر کے ثابت کر دیا کہ اس نالائق اور نااہل حکومت کو اب پورے ملک کے عوام مسترد کر چکے ہیں، اسی طرح اسلام آباد کی سینٹ کی نشست جیت کر پی ڈی ایم نے نالائق اور نااہل حکومت کی اکثریت کا پول کھول دیا ہے، انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے امیدوار نے چیئرمین سینٹ کی نشست پر 49 ووٹ لئے جبکہ صادق سنجرانی نے 48 ووٹ لئے مگر سندھ سے تعلق رکھنے والے پریزائیڈنگ افسر نے جانبدارانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے کھلی دھاندلی کی اور قانونی طور پر 7 درست ووٹ مسترد کرکے سنجرانی کو عارضی طور پر چیئرمین کی کرسی پر بٹھا دیا، ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ 2004ء اور 2007ء میں مختلف مقدمات کے فیصلوں میں سپریم کورٹ یہ طے کرچکی ہے کہ جب ووٹر کے ووٹ دینے کی منشاء واضح ہوتو اس ووٹ کو مسترد نہیں کیا جا سکتا اس لئے ہمیں امید ہے کہ ہائیکورٹ سے ہمیں انصاف ملے گا اور یوسف رضا گیلانی بھی فتحیاب ہوں گے، انہوں نے کہا کہ حکومت کے خلاف 26 مارچ کو لانگ مارچ کا اعلان پہلے ہی ہوچکا ہے

بقیہ 3

کروائے گئے 2 پارسلز سے 1400 گرام ہیروئن برآمد کی گئی، پارسل کے اندر موجود منشیات گتے کے ڈبوں میں انتہائی مہارت سے چھپائی گئی تھی۔ترجمان کے مطابق ایک دوسری کوریئر کمپنی کے دفتر پر کی گئی کارروائی کے دوران بحرین کے لیے بک کروائے گئے پارسل سے 970 گرام آئس برآمد کی گئی، مذکورہ پارسل میں موجود آئس کو خواتین کے جوتوں میں چھپایا گیا تھا۔مرتضی چورنگی لانڈھی پر کارروائی کے دوران ملزمان بلال اور عزیز کے قبضے سے 72 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، سہراب گوٹھ پر کارروائی کے دوران ملزم ضیا سے 3 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، گرفتار ملزم بین الصوبائی گروہ کا کارندہ ہے، منشیات اسمگلنگ کے حوالے سے مقدمات درج کرکے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 4

کی زیادہ افادیت نہ ہو، مریم نواز کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، کیا نیب اداروں کا ترجمان ہے، اب عدالتیں آخری امید بن چکی ہیں، ہمارے ووٹ کیوں کم ہوئے، وفاداریاں کیوں تبدیل ہو رہی ہیں، اس کے پیچھے دباؤ ہوگا، لالچ یا دھمکیاں ہونگی۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ جے یو آئی (ف) کا نے کہا کہ منگل کو پی ڈی ایم کا سربراہی اجلاس ہوگا جس میں لانگ مارچ کے حوالے سے حتمی حکمت عملی طے کی جائے گی اور پارلیمنٹ سے استعفے دینے کے معاملے پر بھی بات چیت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو یہ بتانے کے لیے ہرچندکہ آپ اکثریت میں ہیں تاہم آپ کو ہارنا ہے اور اقلیت نے جیتنا ہے 2018 سے ملکی سیاست میں اس طرح کی مداخلت ہے، ساری قوم دیکھ رہی ہے کہ سینیٹ ہال میں الیکشن بوتھ میں کیمرے کس نے لگائے کس طرح اس کا انتظام کیا گیا اور پھر یہ بے نقاب ہوئے۔انہوں نے کہا کہ دوسری جانب مریم نواز کو دھمکیاں دی جارہی ہیں اور اب ان کی ضمانت منسوخی کے لیے نیب نے کورٹ سے رجوع کیا اور دعویٰ یہ کیا کہ وہ ضمانت پر رہائی کا ناجائز فائدہ اٹھاتی ہیں، اداروں کے خلاف بولتی ہیں، کیا نیب اداروں کا ترجمان ہے۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اگر نیب کی ذمہ داری صرف کرپشن کا خاتمہ اور احتساب کرنا ہے تو دیگر اداروں کے ترجمان بننے سے ہمارے اس دعوے کی تصدیق ہوتی ہے کہ یہ ادارہ طاقتور اداروں کی کٹھ پتلی ہے اور آج ان کا حق نمک ادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال میں عدالتیں اب آخری امید بن گئی ہیں، سینیٹ میں جائز ووٹس مسترد کرنے کے بعد یہ ملبہ بھی عدالت پر ڈال دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ تقریباً 2 ارب روپے کے نادہندہ کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت کیوں دی گئی، اس پر کسی امیدوار نے اعتراض نہیں کیا جبکہ ہم الیکشن لڑنے کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں تو ہمیں فوری طور پر الیکشن کمیشن اور محکمے کہتے ہیں کہ آپ فلاں چیز کے نادہندہ ہیں تو یہاں پر کیا سارے ادارے اندھے ہوچکے تھے اور صرف مدِ مقابل امیدوار کی ذمہ داری ہے کہ وہ اعتراض کرے۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اس قسم کی صورتحال میں ملکی سیاست پاکستان کے آئین کے مطابق نہیں چل رہی، ہم الیکشن کو دھاندلی زدہ الیکشن کمیشن قرار دیتے ہیں یہ قطعی اور واضح مؤقف ہے، پھر ڈھائی سال کے عرصے میں معیشت تباہ کردی گئی، عام آدمی کی زندگی تباہ کردی گئی ایسی صورت میں قوم کا فرض ہے کہ وہ اپنا قومی سطح کا فرض ادا کرے۔سینٹ میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب میں شکست سے متعلق سوال کے جواب میں سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ انتخاب میں ہمارے ووٹس کس طرح کم ہوئے اس بارے میں پی ڈی ایم اجلاس میں گفتگو ہوگی کہ یہ وفاداریاں کیوں تبدیل ہورہی ہیں اس کے پس پردہ کچھ لوگ کام کررہے ہوں گے، دھمکیاں، دباؤ، لالچ دے رہے ہوں گے اسے انجینئرڈ الیکشن کہا جاتا ہے۔کیا لانگ مارچ رمضان میں بھی جاری رہے گا کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس کا فیصلہ پی ڈی ایم کرے گی بہرحال لانگ مارچ ایک دن کا نہیں ہوگا۔سینیٹ الیکشن میں شکست کے بعد دیگر اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ اتحاد توڑنے کے سوال پر انہوں نے کہا کہ کسی ایک رکن کی دغا سے پارٹیوں کی سیاسی پوزیشن تبدیل نہیں ہوا کرتی، یہ ہر جماعت کے ساتھ بارہا ہوا کہ ان کے اراکین نے اپنا ووٹ غلط استعمال کیا لیکن اسے پارٹی پالیسی قرار دے دینا مناسب نہیں، اپوزیشن متحد ہے اور اسے متحد رکھیں گے۔

بقیہ 5

ٹاؤن میں رینجرز کی موبائل پر حملے میں ایک اہلکار شہید اور 3 اہلکاروں سمیت 9 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔پولیس کے مطابق اورنگی ٹاؤن نمبر 5 میں رینجرز کی گاڑی پر حملہ کیا گیا، دھماکے میں ایک اہلکار شہید ہوگیا جبکہ 3 اہلکاروں اور 9 افراد زخمی ہوگئے، جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ایڈیشنل آئی جی غلام نبی میمن نے بتایا کہ ممکنہ طور پر بارودی مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔بم ڈسپوزل اسکواڈ نے اپنی ابتدائی رپورٹ میں بتایا کہ اورنگی ٹاؤن میں ہونیوالے دھماکے میں بم موٹرسائیکل میں نصب تھا، جسے ریموٹ کنٹرول ڈیوائس کے ذریعے اڑایا گیا۔قبل ازیں پولیس حکام نے بتایا کہ اورنگی ٹاؤن نمبر 5 کے قریب قانون نافذ کرنے والے ادارے کی گاڑی پرنامعلوم افراد کی جانب سے کریکر حملہ کیا گیا جس سے قانون نافذ کرنیوالے ادوروں کو دو موبائل زد میں آئیں، ملزمان موٹر سائیکل پر تھے اور کریکر بم پھینک کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔پولیس کے مطابق زخمیوں میں ناصر، حنیف، اعجاز، عرفان، محبوب، یاسر اور وقاص شامل ہیں تاہم شہید ہونے والے رینجرز اہلکار کا نام ظاہر نہیں کیا گیا۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچی اور علاقے کو ہر قسم کی آمدورفت کیلئے سیل کردیا۔امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر کریکر دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو طبی امداد دی اور انہیں ایمبولینس کے ذریعے ہسپتال پہنچایا گیا۔میڈیا سے بات چیت میں ایس ایس پی غربی سہائے عزیز نے بتایا کہ دھماکے میں بظاہر رینجرز کو ہدف بنایا گیا۔انہوں نے کہا کہ رینجرز اہلکار گاڑی میں علاقے سے گزر رہے تھے کہ موٹر سائیکل نصب میں بم کا دھما کا ہوا، جس کے نتیجے میں رینجرز کے 3 اہلکاروں سمیت 9 افراد زخمی ہوئے۔انہوں نے کہا کہ زخمیوں کو ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا جہاں رینجرز کا ایک اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ایس ایچ او مومن آباد گل محمد اعوان نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن نمبر 5 میں پارک موٹر سائیکل میں بم نصب کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ رینجرز کے اہلکار جب علاقے سے گزرے تو بم کو ریموٹ سے اڑا دیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ زخمی ہونے والوں میں ٹریفک پولیس کے ایک سیکشن افسر اور اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کا ایک کانسٹیبل بھی شامل ہیں۔ایس ایچ او نے کہا کہ تفتیش کر علاقے کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر نے رینجرز کی موبائل کے قریب دہشت گردی کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی غربی سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ذرائع کے مطابق ابھی کسی تنظیم یا گروہ نے اس دھماکے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔

بقیہ 6

تحت آمنہ مسعود جنجوعہ نے دائر کی، ڈیفنس آف ہیومن رائٹس کمیشن کی جانب سے دائر درخواست میں وزیراعظم کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست میں کہا گیا کہ 2005 سے 2018 تک میں اپنے شوہر اور دیگر افراد کی بازیابی کیلئے متعدد درخواستیں دے چکی ہوں، لاپتہ افراد کی تعداد سینکڑوں میں ہے، سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری نے اس وقت کیس کو اچانک نمٹا دی تھی، درخواست نمٹانے سے قبل کسی فریق کو نہیں سنا گیا تھا، کیس اچانک نمٹانا انصاف کے اصولوں کے خلاف تھا۔درخواست گزار کے مطابق 16 اکتوبر 2018 کو مسنگ پرسن کیس لاپتہ افراد کمیشن کے سپرد کردیا گیا، جس وقت کیس کمیشن کو بھجوایا گیا میں اس وقت ملک میں موجود نہیں تھی۔درخواست گزار کے مطابق لاپتہ افراد کمیشن نے 100 سے زائد افراد کو پیش کرنے کے احکامات جاری کیے لیکن ان پر عمل نہیں کیا گیا، تاحال سینکڑوں خاندان اپنے پیاروں کی آمد کے منتظر ہیں۔درخواست گزار کے مطابق عدالت ان لاپتہ افراد کے نام جاری کرنے کا حکم دے، جن کو کمیشن نے پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔استدعا کی گئی کہ لاپتہ افراد کمیشن سے گزشتہ دس سال میں لاپتہ ہونے والے افراد کی فہرست طلب کی جائے، شہریوں کو لاپتہ کرنے والے افراد کے نام طلب کیے جائیں۔استدعا کی گئی کہ کمیشن سے پوچھا جائے کتنے خاندانوں کو حکومت نے مالی فراہم کی، ثابت شدہ جبری لاپتہ افراد کے نام پبلک کیے جائیں۔استدعا کی گئی کہ کمیشن سے پوچھا جائے کہ جبری گمشدگی کو روکنے میں کیوں ناکام رہا؟ پرانے لاپتہ افراد کے مقدمات کمیشن کی بجائے سپریم کورٹ میں چلا کر انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 7

ہوئی ہے اور ضلع میں کوئی ریسکو سنٹر بھی موجود نہیں ہے۔

بقیہ 8

پل کے قریب ٹریفک حادثے میں شفیع محمد ولد حضرت علی نامی شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ مفصیل ولد شفیع محمد بچہ زخمی ہوگیا زخمی کو حب میں طبی امداد کے بعد ریفر کردیا ایدھی ذرائع کے مطابق ٹریفک حادثہ میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے باپ بیٹا ہے جبکہ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردیا۔

بقیہ 9

کیا ہے۔ترجمان پاک سرزمین پارٹی کے مطابق کراچی سے قومی اسمبلی کے حلقے این اے 249 کے ضمنی الیکشن میں حصہ لینے کے لیے پارٹی چیئرمین مصطفیٰ کمال، سید حفیظ الدین اور ہمایوں عثمان نے کاغذات نامزدگی حاصل کیے ہیں۔یاد رہے کہ عام انتخابات میں اس نشست پر پی ٹی آئی کے فیصل واوڈا کامیاب ہوئے تھے تاہم سینیٹر کا الیکشن جیتنے کے بعد فیصل واوڈا نے اس نشست سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

بقیہ 10

لخت جگروں کو اپنے ہاتھوں سے دریاؤں میں پھینکنے پر مجبور ہوچکی ہیں لیکن مدینہ کی ریاست کے حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے چاپلوس وزراء سلیکٹڈ وزیراعظم کو ملک میں سب اچھا ہے کی رپورٹ دے کر کبوتر کی طرح آنکھیں بند کیئے ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے زیراہتمام مہنگائی اور ملک میں بڑھتی ہوئی لاقانونیت کے خلاف ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مسلم لیگ ن کے رہنما قربان بگٹی، محمد آصف ایڈووکیٹ، حیدرخان اچکزئی ضلعی صدر منیر بگٹی، جنرل سیکرٹری موسیٰ خان کچک، ظہور بگسی، کے علاوہ کارکنان نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی جبکہ پاکستان مسلم لیگ کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ نے ریلی میں خصوصی شرکت کی پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما میر اصغرمری نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور روز بروز اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کے باعث عوام کا جینا محال ہوتا جارہا ہے لوگ فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے ہیں مدینہ کی ریاست بنانے والے خواب خرگوش میں سو رہے ہیں اور عوام مہنگائی کی چکی میں پستی چلی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ عوام نے سلیکٹڈ حکومت کا گھر بھیجنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور انشاء اللہ 26 مارچ کو عوام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اسلام آباد کی جانب مارچ کرے گا اور سلیکٹڈ حکومت کو گھر بھیج کر ہی واپس آئیگا انہوں نے کہا کہ کرکٹ کھیلنے والے کھلاڑی ہمیشہ میدان میں ہی اچھے لگتے ہیں ملک چلانا کھلاڑیوں کا کام نہیں بلکہ سیاست دانوں کا کام ہے تین سالوں میں ملک کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھ دیا گیا ہے اور پاکستان کی عوام کو قرضوں کے بوجھ تلے دبادیا ہے انہوں نے کہا کہ آئندہ جمہوری طور پر اور عوام کے ووٹوں سے بننے والی حکومت کیلئے سلیکٹڈ حکمرانوں نے مسائل کے انبار کھڑے کردئے ہیں جو انہیں یہ گند صاف کرتے کرتے سالوں لگ جائیں گے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ کی حکومت نے ملک کو اندھیروں سے نکالا اور ملک میں غربت کا خاتمہ کیا عوام کو ریلیف فراہم کیا جبکہ ہمارے قائد میاں محمد نوازشریف نے ملک کو ایٹمی طاقت بنا کر دنیا بھر میں سرخرو کیا آج میاں نواز شریف کو عوام کی خدمت کرنے کی سزادی جارہی ہے پورا خاندان تین سالوں سے سلیکٹڈ حکومت کے زیر عتاب ہے لیکن سلام پیش کرتا ہوں میاں نواز شریف اور ان کی پوری ٹیم کو جو جیلوں کی مشکلات برداشت کرنے کے باوجود بھی عوام کو ایک نئی صبح کا پیغام دے رہے ہیں اور انشاء اللہ یہ صبح بہت جلد طلوع ہونے والی ہے۔

بقیہ 11

حکومت ان کو بلیک میل کرنا شروع کردیتی ہے۔وفاقی وزراء کی پریس کانفرنس کے بعد نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا کہ الیکشن کمیشن سے متعلق حکومتی مطالبہ عجیب ہے، حکومت کی طرف سے ایسے عجیب مطالبات پہلے بھی سامنے آچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈسکہ الیکشن پر پریس ریلیز میں پنجاب حکومت اور افسران کو مورد الزام ٹھہرایا گیا، نیب کو بھی بلیک میل کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جو بھی ادارے آئین اور قانون کے مطابق کھڑے ہوں یہ حکومت ان کو بلیک میل کرنا شروع کردیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ مہنگائی ختم نہیں کرسکے، ان کے پاس ایک ہی راستہ ہے مخالفین پر الزام لگاتے جاؤ، حکومت کے مطالبے کی کسی صورت حمایت نہیں کرسکتے۔

بقیہ 12

روڈ کوئٹہ میں آج 16 مارچ شام 5 بجے شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے اس موقع پر علمائے کرام نوجوان اور قبائلی عمائدین جماعت اسلامی میں شمولیت کا اعلان کریں گے شمولیتی تقریب سے امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق شام 6 بجے خصوصی خطاب کریں گے۔

بقیہ 13

ڈھال بنا رہے ہیں نااہل مسلط شدہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے 26 مارچ کو اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ حتمی فیصلہ ہے کارکن بھرپور قوت کے ساتھ تیاریوں کو حتمی شکل دی ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث والقرآن مولانا عبدالرحمٰن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا شیخ احمد جان مولانا قاری مہراللہ مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا محمد ایوب ایوبی مولانا مفتی عبدالسلام ریئسانی مولانا محمد ہاشم خشکی مولانا حافظ مسعود احمد مولانا غلام نبی محمدی مولانا عبدالغفور مدنی مولانا حکیم حبیب اللہ بڑیچ مولانا حافظ عبدالحق حقانی مولانا حافظ سراج الدین مولانا مفتی رحمت اللہ ظفراللہ کاکڑ حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی محمد شاہ لالا سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالغنی شہزاد معاون سکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی حافظ خلیل احمد سارنگزئی چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو ناظم مالیات میر سرفراز احمد شاہوانی حاجی قاسم خان خلجی مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد کاکڑ عبداللہ خان ناصر حاجی صالح محمد مولانا سردار محمد حافظ شبیر احمد مدنی اور سالار حافظ مجیب الرحمٰن ملاخیل مولانا حافظ سعد اللہ آغا عبداللہ سلیمان خیل مولانا مفتی ابوبکر حاجی صادق الدین ایڈووکیٹ حافظ رحمٰن گل اور حافظ دوست محمد نے 26 مارچ کو اسلام کے طرف لانگ مارچ کے تیاریوں کے سلسلے مختلف یونٹوں کے امراونظما سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام عوامی حقوق کی دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گی عوام مشکلات سے دوچار ہیں نااہل وزیراعظم نے جس طرح ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھر دینے والوں نے قوم کو آئی ایم ایف کا غلام بنادیا ہے عوام مہنگائی کے طوفان سے چیخ رہے ہیں تبدیلی کی دعوے دار حکمران روزانہ کی بنیاد پر بدامنی اور مہنگائی کے پہاڑ گرایا جارہا ہے مہنگائی کے طوفان سے قوم خودکشیاں کرنے پر مجبور کردیا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے کارکن جماعتی اصولوں کے پاسداری کرتے ہوئے 26 مارچ کو اسلام کے طرف لانگ مارچ کے تیاریوں کو مزید تیز کرے جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراونظما اپنے اپنے حلقوں کے ہنگامی اجلاس طلب کرکے لانگ مارچ میں شرکت کرنے والوں کے ناموں کو حتمی شکل اور ٹرانسپورٹ کے انتظامات مکمل کرلی انہوں نے مزید کہا کہ 18 مارچ کو جامعہ مطلع العلوم بروری روڈ میں جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کی دستوری مجلس عمومی کا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے جسمیں اہم فیصلے متوقع ہے جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے تمام ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراونظما اپنے اپنے حلقوں سے مجلس عمومی کے اراکین کی مجلس عمومی کے اجلاس میں شرکت یقینی بنائیں۔

بقیہ 14

چیئرمین سینیٹ انتخابات نتائج جمہوریت کیلئے تاریک ترین دن ہے۔سلیکٹڈ حکمرانوں نے ایک بار پھر دن کی روشنی میں ہمارے ووٹ چرائے ہیں جس سے انکے مکروہ چہرے عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکے ہیں، واضح اکثریت کے باوجود چیئرمین سینیٹ منتخب نہ ہونا غیر جمہوری روایات پروان چڑھا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ووٹ مسترد ہونا بھی دھاندلی ہے۔جس کیلئے اپوزیشن اور عوام کو آواز اٹھانی ہوگی حکومت نے دھونس، دھاندلی اور دبا کے ذریعے اپنا چیئرمین منتخب کروایا۔اپوزیشن اراکین نے پہلے ہی خدشات کا اظہار کیا تھا جس کو نہیں سنا گیا، یہ غیر جمہوری عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ان نتائج کو مسترد کرتی ہے، اپوزیشن کے مشترکہ لائحہ عمل کا ساتھ دیں گے۔جس طرح ووٹوں کو مسترد کیا گیا وہ بھی غیر آئینی اقدام تھا، آئین کے تحت تمام 7 ووٹ درست قرار دیے جاسکتے تھے۔اس ملک میں جمہوریت کو پنپنے نہیں دیا جارہا، شرمناک طریقے اپنائے جارہے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ خفیہ کیمرے کیوں لگائے گئے؟ کیا اس حوالے سے ذمہ داران کو سزا دی جائیگی؟ عام انتخابات کے بعد سینیٹ انتخابات کو بھی متنازعہ بنادیا گیا جو جمہوریت کیلئے نیک شگون نہیں۔چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں حکومت نے اپنے امیدواروں کو کامیاب کرنے کیلئے غیرقانونی اور غیر آئینی ہتھکنڈے استعمال کئے، پی ڈی ایم کے سینیٹرز جب حکومت کی دھونس دھمکیوں میں نہیں آئے تو پریذائیڈنگ آفیسر کے ذریعے صادق سنجرانی کو غیرقانونی اور غیرآئینی طریقے سے کامیاب کرایا گیا، صادق سنجرانی واضح شکست کو دھاندلی کے ذریعے انکی جیت میں تبدیل کیا گیا جسے ہم کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے۔

بقیہ 15

لاہور ہائیکورٹ میں شہبازگل پر سیاہی پھینکنے کا واقعہ مذمت سے آگے کا ہے۔اپنے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ میں شہباز گل پر سیاہی پھینکنے کا واقعہ مذمت سے آگے کا ہے، اس طرح کی حرکتوں سے تلخیاں بڑھیں گی، کالے کرتوت دوسروں پر سیاہی پھینکنے سے نہیں مٹیں گے۔

بقیہ 16

کہا کہ صدرالدین مروت جیسے سیاسی نظریاتی فکری کارکن پشتون قومی تحریک کے تسلسل عوامی نیشنل پارٹی کے صفوں میں امر ہینگے زمانہ طالبعلمی سے لیکر آخر دم تک پشتون قومی تحریک سے جڑے رہے انہیں ایک خوددار سیاسی کارکن کے طور پر ہمیشہ یاد رکھا جائیگا پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پلیٹ سے شروع کردہ رہنما کردار وجہد اور بعدازاں پارٹی میں سرگرم سیاسی کارکن اور ذمہ دار کے طور پر ان کے خدمات ناقابل فراموش ہے ان کی رحلت سے پارٹی کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے انکی رحلت سے جو خلا پیدا ہوا وہ مدتوں پر نہیں کیا جاسکتا اس سے پہلے مابت کاکا پارٹی ذمہ داران کیساتھ سابق صوبائی ترجمان صدرالدین خان مروت کے قبر پر پر حاضری دی پارٹی پرچم اور پھولوں کے چادر چڑھائے اوران کی درجات بلندی کیلئے دعا کی گئیں دریں اثناعوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نینوشہرہ اکوڑہ خٹک جا کر قوم پرست رہنما انقلابی شاعر ادیب لیکوال پارٹی کے سابق مرکزی صدر مرحوم اجمل خان خٹک کے بیوہ کی انتقال پر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 17

العابدین اور بی بی اقصیٰ کے نام سے ہوئی ہے جن کی عمریں 5 سے 10 سال کے قریب ہیں زخمی ہونے والی بچی بی بی کشمالہ 7 سال کی ہیں پولیس کے مطابق بچوں کے والدین سرکاری ملازم ہے واقعہ کے وقت والدین گھر پر موجود نہیں تھے، پولیس نے گھر میں موجود نوکرانی کو گرفتار کرلیا ہے، نوکرانی نے پولیس کو بتایا کہ بچوں کو محلے کے دکاندار کے سپرد کیا گیا تھا۔زخمی بچی بی بی کشمالہ کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد پولیس اور ریسکو ٹیمیں جائے واقع پر پہنچ گئی لاشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، پولیس کے مطابق واقعہ کے دوران بچوں کے والدین گھر پر موجود نہیں تھے۔مزید کارروائی متعلقہ پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 18

ٹرانسپورٹ کی کمی اور سڑکیں خستہ حال ہیں۔پورے صوبے میں ایک موٹروے بھی موجود نہیں۔صوبہ کی 25 فیصد سے زائد آبادی غذائی قلت کا شکار ہے۔بلوچستان میں سونے، تانبے، گیس اور دیگر معدنیات کا وسیع ذخیرہ ہونے کے باوجود عوام دووقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ سابقہ حکمران بھی بلوچستان کی بربادی کے برابر کے ذمہ داری ہیں۔موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ڈویلپمنٹ کے لیے ایک اینٹ تک نہیں لگائی۔تعلیم کا نظام مفلوج ہو چکا ہے۔بلوچستان میں سکولز اور کالجز تعمیر کیے جائیں۔لڑکیوں کی تعلیم کا بندوبست ہونا چاہیے۔بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کو نوکریاں دی جائیں۔صوبہ میں امن و عامہ کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی ادارے مؤثر کردار ادا کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے قریب کلی کلی ملازئی کچلاک میں قبائلی عمائدین کی تقریب قبل ازیں کوئٹہ میں ضلعی وصوبائی ذمہ داران اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر مقامی سیاستدانوں کی بڑی تعداد نے جماعت اسلامی میں شمولیت کا اعلان کیا۔امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی، صوبائی جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمٰن بلوچ، نائب امراء مولانا عبدالکبیر شاکر، زاہداختر بلوچ، ڈاکٹر عطاء الرحمان، کوئٹہ کے امیر حافظ نورعلی، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ بھی سراج الحق کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 19

متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر انجمن تاجران ودکانداران بلوچستان کے چیئرمین نکری حمید بنگلزئی، حاجی بشیر جان، ملک محمد حسین شاہوانی اور دیگر بھی موجود تھے۔حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام کو روزگار اور گھر دینے کے خواب دکھائے اقتدار میں آنے کے بعد حکمرانوں نے ابتک لاکھوں افراد کو بے روزگار اور بے گھر کردیا ہے عوام دووقت کی روٹی کے محتاج ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے سریاب روڈ کٹنگ کے متاثرین کو حکومت کی جانب سے 690 روپے فی فٹ قیمت دینا سراسر تاجروں اور متاثرین کے ساتھ ناانصافی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ وہ روڈ کٹنگ کے متاثرین کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق معاوضے کی ادائیگی کو یقینی بنائے تاکہ وہ اپنے لئے کسی دوسری جگہ پر زمین کی خرید کو یقینی بناسکیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت متاثرین جو رقم دے رہی ہے وہ اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے حقوق کے لئے انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر سریاب روڈ کٹنگ کے متاثرین نے احتجاج کی کال دی تو پاکستان پیپلز پارٹی انکے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی۔

بقیہ 20

سے دوسو کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن محبوب احمد دشتی کی خصوصی ہدایت پر انسپکٹر محمد رفیق ناصر، انسپکٹر عبداللہ جان اور انسپکٹر انور جان کاکڑ نے دیگر عملے کے ہمراہ کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ پر سرانان پھاٹک کے قریب مخبر خاص کی اطلاع پر ناکہ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ٹرک مزدا کے خفیہ خانوں سے دوسو کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کرکے ملزم محمد رفیق کو گرفتار کرلیا، اور ٹرک قبضے میں لیکر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا مزید تفتیش ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سٹاف پشین کررہی ہے۔

بقیہ 21

میں تین رکنی بینچ نے کی۔وکیل ملزم نے کہا کہ پیش کئے گئے شواہد پہلے ہی پراسیکوشن نے پہلے ہی قبضہ میں لے رکھے تھے، ملزم کی نشاندھی پر براہ راست کوئی ثبوت نہیں ملا۔وکیل ملزم نے کہا کہ ملزم پر لگائی گئی دفعات قانون کے مطابق قانون کے مطابق نہیں۔وکیل مدعی نے کہا کہ دفعات اور شواہد قانون کے مطابق ہیں۔جسٹس عمر عطاء بندیال نے کہا کہ پراسیکوشن نے کس اختیار کے تحت شواہد پہلے ہی حاصل کرلئے۔جسٹس قاضی محمد امین نے کہا کہ استغاثہ ٹرائل مکمل کروانے پر توجہ دے۔وکیل مدعی نے کہا کہ ملزم کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کا حکم دیا جائے۔جسٹس قاضی محمد امین نے کہا کہ ملزم کو روکنے کا فیصلہ کرنا ریاست کا فیصلہ ہے۔یاد رہے کہ ملزم پر قران پاک کے غلط تراجم کا الزام تھا، ملزم کے خلاف ایف آئی اے نے چنیوٹ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 22

کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی ریلی میں شرکاء نے مسلم (ن) کے جھنڈے اور بینرز اٹھائے ہوئے تھے جن پر مہنگائی کے خلاف اور مسلم لیگ ن زندہ باد کے نعرے درج تھے ریلی میں شریک شرکاء نے حکومت کے خلاف خوب نعرے بازی کی اور مسلم لیگ (ن) زندہ باد، میر اصغرخان مری زندہ باد، میر اصغرمری قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں، مریم نواز قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں کے بھرپور نعرے لگائے شرکاء نے خطاب میں کہا ہے کہ جب سے پی ٹی آئی حکومت آئی ہے مہنگائی روز بروز بڑھتی جارہی ہے مہنگائی کی وجہ سے غریبوں کے گھروں میں فاقہ ہورہے ہیں حکومت کے دعوے صرف خطابات تک ہوئے نہ تو ایک کروڑ نوکریاں دی اور نہ ہی ایک کروڑ گھر بنے حکومت صرف عوام کا خون چوس رہا ہے لوگ مہنگائی کی وجہ سے خودکشیاں کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے نوازشریف پر کئی کیسس کیئے مگر آج تک انکے خلاف ایک ثبوت تک پیش نہ کرسکے انہوں نے کہا اب وقت آگیا ہے کہ حکومت کے خلاف نکلنا ہوگا اور حکومت کو گھر بھیجنا ہوگا اب آرام سے نہیں بیٹھیں گے جب تک سلیکٹڈ حکومت کو گھر نہیں بھیجیں گے ریلیوں اور احتجاجوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 23

قبول نہیں کیا سیاست میں مداخلت کرتوڑ مہنگائی کشمیر سمیت ملک غیر یقینی صورتحال کی کیفیت میں ہے مریم نواز کو دھمکی کے حقائق کو سامنے لایا جائے، پی ڈی ایم ملک میں پارلیمنٹ کے ذریعے تبدیلی کی خواہاں ہے، دینی مدارس کا معاشرے کے خواندگی میں اہم کردار ادا کررہی ہے مدارس میں ہر سال ہزاروں طلبا اور طالبات مفت تعلیم حاصل کررہی ہے دینی تعلیم اور دینی مدارس کے خلاف تمام سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ پشین کے موقع پر آن لائن سے خصوصی بات چیت اور مدرسہ امام ابوحنیفہ الفلاح ٹاؤن کلی ملاشاد و پشین میں فضلا اور حافظ کرام کے دستار بندی کے موقع پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس سے ممتاز عالم دین مولانا محمد زیب جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے امیر مولانا عزیز اللہ حنفی مطیع اللہ خان عنایت اللہ ندیم مولوی فضل الرحمان اور دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر شیخ مولانا سیف اللہ آغا شیخ مولانا عطااللہ ایم پی اے سید عزیز اللہ آغا ایم پی اے حاجی محمد نواز صوبائی مجلس عاملہ ضلعی مجلس کے اراکین بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

کا نعرہ لگا کر عوام سے ووٹ لے کر اقتدار حاصل کرتے تھے مگر 70 سالوں میں بلوچستان کے حقوق حاصل نہیں کئے لیکن بلوچستان عوامی پارٹی نے مختصر مدت میں صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیا ہے اور وفاق بلوچستان کو اپنے حقوق سے زائد کا حصہ دے رہا ہے صوبے میں بڑے بڑے میگا پروجیکٹ کیلئے اربوں روپوں کی منظوری دی ہے دوسری بار وزیراعظم عمران خان نے سینٹ کی چیئرمین شپ بلوچستان کو دیا ہے جو کہ صوبے کیلئے کسی اعزاز سے کم نہیں ہے انہوں نے کہا کہ 70 سال تک بلوچستان اور وفاقی حکومتوں کا حصہ رہنے والے بلوچستان کے قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں نے بلوچستان کی ترقی، احساس محرومی اور پسماندگی دور کرنے کے لئے کچھ نہیں کیا ہے

بقیہ 25

کرلیا۔تفصیلات کے مطابق 42 سالہ خاتون ٹیفنی سلسیٹ اسمتھ (Tiffany Celeste Smith) امریکا کی ریاست (Tennessee) سے تعلق رکھنے والی عیسائی 42 سالہ خاتون پیر کے روز جامعہ بنوریہ عالمیہ میں آئی اسلام قبول کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، جس پر جامعہ بنوریہ عالمیہ کے مہتمم مولانا نعمان نعیم نے نومسلمہ کو کلمہ پڑھا کر دائرہ اسلام میں داخل کیا اور نومسلمہ کا عائشہ امینہ نام تجویز کرکے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر جامعہ بنوریہ عالمیہ کے نائب مہتمم مولانا فرحان نعیم اور جامعہ بنوریہ کے امریکن فاضل اور انسٹی ٹیوٹ آف نالج امریکا کے صدر نعمان شیخ سمیت دیگر علما کرام بھی موجود تھے۔

بقیہ 26

آباد میں پولن کی مقدار میں اضافہ ہوگیا، اسلام آباد کی فضا میں 24 گھنٹوں میں پولن کی 41 ہزار 161 مقدار ریکارڈ کی گئی، گزشتہ 5 سال میں پولن کی سب سے زیادہ مقدار مارچ کے مہینے میں ریکارڈ کی گئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق موسم کا درجہ حرارت بڑھنے سے پولن کی مقدار میں بھی اضافہ ہوگا، اسلام آباد میں 8 قسم کے پودے اور درخت ہیں جو ہوا میں پولن کے ذرات کا باعث ہیں۔طبی ماہرین کے مطابق پیپر ملبری کا درخت سب سے زیادہ 97 فیصد پولن پیدا کرتا ہے، پولن کا سبب بننے میں پیپر ملبری، مخصوص جنگلی گھاس اور اکیشیا کے پودے شامل ہیں۔ماہرین صحت کے مطابق دنیا میں سب سے زیادہ پولن کی مقدار اسلام آباد میں پائی جاتی ہے، پیپر ملبری اور دیگر پودے مل کر پیک سیزن میں 45 ہزار فی کیوبک میٹر تک پولن پیدا کرتے ہیں۔طبی ماہرین نے کہا کہ پولن الرجی کے مریض احتیاطی تدابیر اختیار کریں، پولن الرجی کے مریض گیلے ماسک کا استعمال یقینی بنائیں۔طبی ماہرین نے کہا کہ پولن الرجی کی علامات میں سانس لینے میں مشکل، آنکھوں میں جلن، مسوڑھے سوج جانا اور نزلہ زکام شامل ہیں۔

بقیہ 27

دستیاب پانی کی مقدار کم ہوگئی، کے مطابق فصل خریف کے شروع میں پانی کی 30 سے 35 فیصد تک قلت ہوسکتی ہے، خریف میں پانی کی دستیابی بڑی حدتک زیادہ بارش اور زیادہ برف پگھلنے پر منحصر ہوگی۔خریف میں دستیاب پانی کے تخمینوں کی تیاری کیلئے ارسا ٹیکنیکل کمیٹی کا اجلاس 25 مارچ کو متوقع ہے، سیزن کی بڑی فصلوں میں کپاس، چاول، مکئی اور گنا شامل ہیں۔

بقیہ 28

کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کا الیکشن کمیشن سے استعفیٰ کا مطالبہ مضحکہ خیز، غیر آئینی، غیر قانونی اور آئینی ادارے کی توہین ہے، سلیکٹڈ وزیراعظم نیب کی طرح الیکشن کمیشن کو بھی یرغمال اور غلام بنانا چاہتے ہیں، استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس نے سینیٹ اجلاس میں نوٹوں کی منڈی لگائی، اپنی اے ٹی ایمز کو جتوایا۔ایک بیان میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے الیکشن کمیشن سے استعفیٰ کے حکومتی مطالبہ کو مضحکہ خیز، غیر آئینی، غیرقانونی اور آئینی ادارے کی توہین قرار دیتے ہوئے کہا کہ سلیکٹڈ وزیراعظم نیب کی طرح الیکشن کمیشن کو بھی یرغمال اور غلام بنانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس نے ڈسکہ میں 20 پریزائیڈنگ افسران کو اغواء اور ووٹ چوری کیا۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس نے سینیٹ اجلاس میں نوٹوں کی منڈی لگائی اور اپنی اے ٹی ایمز کو جتوایا۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس نے فارن فنڈنگ کیس میں چھ سال سے الیکشن کمیشن کو جواب نہیں دیا اور مفرور رہے۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس کے 23 غیرقانونی فارن فنڈنگ اکاونٹس سٹیٹ بینک نے پکڑے اور اب تک چھپائے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس پر بائیس کروڑ عوام عدم اعتماد کرچکے ہیں، استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جو پارلیمان کا اعتماد کھو بیٹھا ہے۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ وزیراعظم دے جس نے عوام کا آٹا، چینی، بجلی، گیس، دوائی چوری کی ہے۔انہوں نے کہا کہ استعفیٰ وہ سلیکٹڈ دے جو سپریم کورٹ میں ڈسکہ الیکشن کے زیرسماعت مقدمے کے دوران الیکشن کمیشن کو ہراساں کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

بقیہ 29

وزیراعظم کا چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان اور سابقہ قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں کی سربراہی علاقوں کے عوام کے لئے اعزاز کی بات ہے جنہیں ماضی میں نظر انداز کیا جاتا رہا۔وزیر اعظم عمران خان سے چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی اور ڈپٹی چیئرمین مرزا محمد آفریدی نے ملاقات کی، وزیر دفاع پرویز خٹک بھی ملاقات میں موجود تھے۔وزیر اعظم عمران خان نے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کو کامیابی پر مبارکباد دی۔وزیراعظم نے کہا کہ ایوان بالا میں صوبہ بلوچستان اور سابقہ قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں کی سربراہی نہ صرف ان علاقوں کے عوام کے لئے اعزاز کی بات ہے جنہیں ماضی میں نظر انداز کیا جاتا رہا بلکہ یہ وفاق کی مزید مضبوطی کا باعث ثابت ہوگا۔وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ چیئرمین سینٹ اپنے دوسرے دور میں ایوان بالا کی ذمہ داریاں اسی احسن طریقے سے ادا کرتے رہیں گے جس خوش اسلوبی سے ماضی میں انہوں نے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں۔وزیر اعظم نے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 30

کرنے کی کوشش کی جس پر ملک عبدالولی کاکڑ کے بھتیجے نے انتظامیہ کیساتھ بات کرنے کی کوشش کی تو انتظامیہ کے ذمہ داروں نے ان کے ساتھ انتہائی ہتک آمیز رویہ اختیار کی جس پر مقامی لوگوں نے شاہراہ بند کرکے احتجاج کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک عبدالولی کاکڑ کا تعلق ایک سیاسی گھرانے قبائلی اور علاقے کے معتبر شخصیت سے ہے ان کے ساتھ اس طرح کا ہتک آمیز رویہ اختیار کرنا انہیں دیوار سے لگانے کے سوا کچھ نہیں اور اس طرح کے حربوں سے مقامی قبائل میں اشتعال دلانے کا دیدا دانستہ کوشش ھے ملک عبدالولی کاکڑ کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا بنیادی مقصد انہیں اپنے اصولی اور دوٹوک سیاسی موقف قومی جمہوری جدوجہد سے دستبردار کرانا ہے تاہم ملک عبدالولی کاکڑ اپنے والد محترم ملک عبدالعلی خان کاکڑ مرحوم کے طرز پر نہ پہلے اس طرح کے منفی اور اوچھے ہتکنڈوں سے مرعوب ہوکر قومی حقوق کی جدوجہد سے دستبردار ہوا اور نہ ہی آئندہ ہوں گے

بقیہ 31

سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا نیشنل پارٹی کی ضلعی کنونشن اتوار کے روز سرکٹ ہاؤس تربت میں ضلعی صدر محمد جان دشتی کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں ضلع بھر سے پارٹی کونسلران نے بھرپور شرکت کی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ محمد جان دشتی کی قیادت میں نیشنل پارٹی کی ضلعی کابینہ نے انتہائی نامساعد حالات میں بھرپور انداز میں پارٹی تنظیم کو چلایا جس پر میں انہیں اوران کی ٹیم کو سلام پیش کرتا ہوں اسی ٹیم نے مردم شماری میں بڑی جانفشانی سے محنت کرکے بلوچ قوم کو اقلیت میں تبدیل ہونے سے بچایا، انہوں نے کہا کہ سیاست میں وقت وحالات کی نزاکت اور صورتحال کو دیکھ کر آگے بڑھا جاتا ہے

بقیہ 32

۔تفصیلات کے مطابق پیر کو وزیراعظم عمران خان سے وزیراطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے ملاقات کی۔ملاقات میں معاون خصوصی رؤف حسن، سینیٹر فیصل جاوید اور یوسف بیگ مرزا بھی موجود تھے۔ملاقات میں حکومتی کارکردگی اور موجودہ حکومت کی جانب سے عوام کی فلاح وبہبود کے حوالے سے لئے گئے اقدامات کو اجاگر کرنے سے متعلقہ امور پر بات چیت کی گئی۔

بقیہ 33

کہا گیا ہے کہ کورونا کے باعث مردوں کی شرح اموات زیادہ رہیں، پاکستان میں کورونا سے ہونے والی اموات میں 68 فی صد مرد شامل ہیں۔نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشنز سینٹر (این سی او سی) کی کورونا صورتحال سے متعلق رپورٹ میں بتایا گیا کہ پاکستان میں 6 لاکھ 2 ہزار افراد کورونا وائرس کا شکار ہوئے، کورونا سے 13 ہزار 537 اموات ہوچکی ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ 61 سے 70 سال کے درمیان افراد کی اموات کی شرح زیادہ رہی، 61 سے 70 سال کے 3 ہزار 836، 51 سے 61 سال کے 3 ہزار 400 جبکہ 71 سے 80 سال کے 2 ہزار 400 افراد کورونا سے انتقال کرگئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق کورونا کے باعث سب سے کم اموات ایک سے دس سال کے متاثرہ افراد کی ہوئی، 1 سے 10 سال کے 38 بچے کورونا سے انتقال کرگئے، کورونا کے باعث مردوں کی شرح اموات زیادہ رہیں، پاکستان میں کورونا سے ہونے والی اموات میں 68 فی صد مرد شامل ہیں۔پاکستان میں کورونا سے ہونے والی اموات میں خواتین کی شرح اموات 32 فی صد رہی، پاکستان میں بڑے شہروں میں کورونا کے باعث سب سے زیادہ اموات کراچی میں ہوئیں، اموات میں دوسرے نمبر پر لاہور، تیسرے پر راولپنڈی چوتھے پر پشاور رہا۔پاکستان میں سب سیزیادہ شرح اموات صوبہ پنجاب میں ہوئی، پنجاب میں مجموعی طور پر 5 ہزار 700 سے زائد افراد کورونا سےانتقال کرگئے، پنجاب میں کورونا سے انتقال کرنے والوں کی سب سے زیادہ تعداد لاہور میں رہی۔کورونا کے باعث اموات کے اعتبار سے سندھ دوسرے نمبر پر ہے جہاں 4 ہزار 450 سے زائد اموات ہوچکی ہیں۔

بقیہ 34

جانب دار رہے، حکومت کی جیت عارضی ہے، انہوں نے کہا کہ پریذائیڈنگ آفیسر نے جانب داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ کا الیکشن عوام کے سامنے چوری کیا گیا انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکمرانوں کے دن گنی جاچکی ہے بہت جلد عوام کو سلیکٹڈ حکمرانوں سے نجات دلائے گے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنے قائدین کے حکم کے منتظر ہے جب بھی قائدین حکم کرینگے تو اسلام آباد سمیت پورے ملک کو جام کردینگے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جیالوں کی جماعت ہے اور ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے انہوں نے کہا کہ یوسف رضا گیلانی ہی سینیٹ کا چیئرمین ہوگا پارٹی اور پی ڈی ایم نے سلیکٹڈ اور سیلکٹرز کے خلاف عدالت جانے کا فیصلہ کیا ہے اور امید ہے کہ عدالت انصاف کا فیصلہ کرے گا۔

بقیہ 35

طے کی گئی ہیں جو کہ نامناسب عمل ہے۔گندم کی آنے والی فصل کے لئے وفاقی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ خریداری کی قیمت 1650 / فی من ہے۔حکومت پنجاب نے ایک ہزار آٹھ سو روپے مقرر کیا ہے۔جبکہ حکومت سندھ کی قیمت 2 ہزار روپے فی من مقرر کی گ ہے۔پچھلے سال مارکیٹ میں آنے والی بحرانوں جیسی صورتحال سے بچنے کے لئے، کاشت کار حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گندم کی خریداری کے لئے ایک جامع منصوبہ تیار کریں اور وہ بھی بروقت انداز میں۔بحران سے بچنے کے لئے بروقت بیگ فراہم کیے جائیں، کیونکہ گندم کی سندھ کے کچھ اضلاع میں تقریباً تیار ہے۔پی بی ایف کے نائب صدر چوہدری احمد جواد نے کہا کہ پچھلے سال کی صورتحال جہاں صوبائی حکومتوں نے خاص طور پر سندھ میں ہرسطح پر خریداری مراکز قائم نہیں کیے تھے، انہیں تاجروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا تھا، جنہوں نے گندم خریدنے کے بجائے 1400 / فی من مقرر قیمت پر خرید لیا تھا۔اجناس 1100 فی من یا اس سے بھی کم قیمت پر۔انہوں نے کہا کہ اس وقت عام لوگ گندم کا آٹا 70 سے 75 روپے فی کلوگرام پر خریدنے پر مجبور ہیں، اور ایسا لگتا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکام ایک پیج پر موجود نہیں۔اس وقت ملک کو یکساں زرعی پالیسی کی ضرورت ہے اگر ملکی زراعت کو اٹھانا ہے، احمد جواد نے یہ بھی بتایا کہ مختلف علاقوں سے موصولہ اطلاعات کے مطابق زرعی سپرے اور ڈیزل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے گندم کی کاشت کی قیمت کو متاثر کیا ہے۔ہل چلانے، کھاد، کیڑے ماراددویات، اور زمینی پانی نکالنے کے لئے ٹریکٹر جیسے آدانوں کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

Page of The Executive Engineer (Building), PP&H Department, District Mastung, invites sealed percentage tender based on composite schedule of rate 2018, Government of Balochistan from interested contractor / firms for the work listed below: Earnest Money 2% of E/Cast, Tender Fee 2000/-(In shape of green challan form deposited in head of account (C-02716) And Time Limit 18 Months for each work.

S.#	Name of Work	E/Cost
	CM School Insfrastructure And Improvement Development Plan For 100 High Schools Of Balochistan	
1	Construction Of 04 Additional Class Rooms With Verandah And Toilet Block At Gbhs Killi M. Shahi Mastung" Bemis Code = 2868 (psdp No- 1315 Z2018.2487) 1291	10.00 M
	CM School Insfrastructure And Improvement Development Plan For 100 High Schools Of Balochistan "	
2.	Construction Of 04 Additional Class Rooms With Verandah, Toilet Block, Science Lab, Computer Lab With Office At Gghs Karez Noth District Mastung" Bemis Code = 2891 (psdp No- 1315 Z2018.2487) 1291	16.732 M
	CM School Insfrastructure And Improvement Development Plan For 200 Middle Schools Of Balochistan	
3	Construction Of Office, Science Lab With Store / Office, To let Block And Repair Works In Old Building At Gbms Laboratory District Mastung" Bemis Code = 2866 (psdp No- 1316 Z2018.2493) 1291	6.654 M
	CM School Insfrastructure And Improvement Development Plan For 200 Middle Schools Of Balochistan "	
4	Construction Of Office, Science Lab With Store / Office , 01 Additional Class Room, Toilet Block And Repair Works In Old Building At Ggms Khurasani District Mastung" Bemis Code = 10466 (psdp No- 1316 Z2018.2493) 1291	8.573 M

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014. ***BASIC ELIGIBILITY:*** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category C-6, and above in relevant discipline renewed for the year 2020-21 and registration with tax authorities i.e. NTN & Sales Tax Department and BRA where applicable (who are on active Taxpayer List (ATL) of FBR). Three Years Relevant Work Experience. Turn-over of last one Year. ***METHOD OF PROCURMENT:*** Single stage- One Envelope Bidding Procedure. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS:Issuance:*** The Contractor / Firms having registered with PEC in aforementioned category inrelevant discipline can obtain the bidding documents from the address mentioned below on production of green challan from for an amount of Rs.2000/- (Non-refundable) deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury / National Bank of Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation on the website of BPPRA till one day prior to the last date of submission. The contractor / firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan from above mentioned fee. The documents if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be borne by the applicant, however, under no circumstances the Procuring Agency will be held responsible for late delivery or loss of documents so mailed. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or Deposit at Call from a scheduled Bank. ***Dead Line of Submission:*** The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before ***01-04-2021,*** at 1100 Hrs. ***Opening:*** The tender document will be opened on ***01-04-2021,*** at 1300 Hrs, before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives /agents. ***Place of issuance and submission will be:*** -Address: Executive Engineer (Building), PP&H Department, District Mastung. Telephone No: E-mail Address: Bid Validity Period: 90 days. ***Terms and Conditions:*** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. A Procuring Agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal, as per provision in BPPRA, rule 2014. ***Note:*** It may be noted that no Pay Order, Banker Cheque, Bank Draft will be Accepted/Entertained and firm's complete Title/Name should be written on the Call Deposit. Only original contractors along with CNIC are allowed to participate in the tender's agent / representative must provide Power of Attorney duly attested in the time of participation of Bids.

Executive Engineer (Building), PP&H Department, District Mastung

PRQ NO.2609-15-03-2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جھوٹ اور مفادات کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، جمعیت (س)

لوگوں کو صحیح راستہ اور دین کی جانب رہنمائی کریں مغرب کے طور طریقوں کو چھوڑ کر دین اسلام کے راستے پر چلیں

ہم اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں ہم ملک میں اسلامی نظام نافذ کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں، مولانا حامد الحق حقانی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی امیر مولانا حامد الحق حقانی سے جمعیت (س) کے صوبائی سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحلیم مدنی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے مولانا حامد الحق حقانی نے کہا کہ ہم اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں ہم جھوٹ اور مفادات کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے ہم ملک میں اسلامی نظام نافذ کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں ہم مخالفت برائے مخالفت پر یقین نہیں رکھتے ہم نظام کی تبدیلی کے قائل ہیں افراد کی تبدیلی کے قائل نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں مسلمانوں پر

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ژوب ٹریفک پولیس سارجنٹ رشید اہلیان ژوب کے لے ایک عذاب سے کم نہیں عوامی و سماجی حلقے

کلیوال شہید چوک پر گاڑیوں کو روک کر چالان کرنے کا انوکھا طریقہ، ڈرائیورو کو ہاتھ پر دستخط

ژوب (پ ر) عوامی و سماجی حلقوں نے حکومت وقت آء جی پولیس صوبائی محتسب و دیگر اعلی احکام کی توجہ ژوب میں ٹریفک پر مامور ایک کرپٹ رشوت خور سارجنٹ رشید نامی حوالدار کی جانب مبذول کرتے ہوئے اپیل ہے کہ حوالدار رشید ایک تنخواہ دار اہلکار ہے مگر اسکی جائیداد ین پلاٹس ٹو ڈی کار سروس کروڑوں کی حساب ہیں یہ سب غریب ڈرائیوروں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت نے کورونا کی ویکسین لگوالی

حکومت نے ویکسینیشن کا آسان، بہترین نظام بنایا، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے اسلام آباد میں کورونا کی ویکسین لگوالی۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو صدر مملکت عارف علوی اہلیہ بیگم ثمینہ عارف علوی کے ہمراہ کورونا کی ویکسین لگوانے ویکسینیشن مرکز ترلائی پہنچے، جہاں دونوں کو کورونا کی ویکسین لگوائی گئی۔ اس موقع پر صدر مملکت نے کہا کہ دنیا بھر میں اشرافیہ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسد قیصر سے بابر اعوان کی ملاقات، قانون سازی کے عمل کو تیز کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال

آئینی اور الیکشن اصلاحات پر کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق، کمیٹی کی صدارت اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے وزیراعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان نے ملاقات کی جس میں اہم قانون سازی کے عمل کو تیز کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں آئینی اور الیکشن اصلاحات پر کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا، کمیٹی کی صدارت اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کریں گے، کمیٹی گلگت

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک بھارت بیک ڈور رابطے رنگ لے آئے، دونوں ممالک میں برف پگھلنے لگی

پاک بھارت آبی مذاکرات دوبارہ بحال ہوگئے، 23 تاریخ کو پاک بھارت آبی وفود میز پر بیٹھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاک بھارت بیک ڈور رابطے رنگ لے آئے، دونوں ممالک میں برف پگھلنے لگی۔ ذرائع کے مطابق پاک بھارت آبی مذاکرات دوبارہ بحال ہوگئے، 23 تاریخ کو پاک بھارت آبی وفود میز پر بیٹھیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے پاک بھارت انڈس واٹر کمشنر کا نئی دلی میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عزیز بھٹی شہید ہسپتال گجرات میں آکسیجن بیڈز ہیں، ڈاکٹر عابد

گجرات (این این آئی) گجرات کے عزیز بھٹی شہید ہسپتال میں کورونا مریضوں کیلئے آکسیجن بیڈز کی کوئی کمی نہیں، ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر عابد غوری کے مطابق کورونا مریضوں کے لیے مختص ایک سو گیارہ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی کارکن ہی قومی تحریک کا وارث ہوتا ہے، نیشنل پارٹی

پارٹی میں اداروں کی بالادستی اور اندرونی جمہوریت ہی منظم و مضبوط ہونے کی واضح مثال ہے

تنظیم، ڈسپلن، کیڈر سازی اور تنظیمی ساخت نیشنل پارٹی کو منفرد اور ممتاز رکھتی ہے، میر عبدالخالق بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر میر عبدالخالق بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ صوبائی ترجمان علی احمد لانگو نے جاری بیان میں کہا ہے کہ تنظیم، ڈسپلن، کیڈر سازی اور تنظیمی ساخت نیشنل پارٹی کو منفرد اور ممتاز رکھتی ہے۔ پارٹی میں اداروں کی بالادستی اور اندرونی جمہوریت ہی منظم و مضبوط ہونے کی واضح مثال ہے پارٹی میں مرکز سے لیکر صوبوں ضلعوں تحصیلوں اور یونٹس تک انٹرا پارٹی الیکشن بروقت ہونے سے پارٹی کی جمہوری عمل نشاندھی ہے۔ نیشنل پارٹی کیچ کو کامیاب ضلع کنونشن منعقد کرنے پر اور نئے منتخب صدر مشکور

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر تعلیم شفقت محمود کی معاون خصوصی شہباز گل پر انڈے اور سیاہی پھینکنے کی مذمت

مسلم لیگ (ن) کو دیکھنا چاہیے کہ وہ سیاست کو کس طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں، شفقت محمود

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے معاون خصوصی شہباز گل پر انڈے اور سیاہی پھینکنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ وہ سیاست کو کس طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ شفقت محمود نے وفاقی وزراء کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان نے 'او آئی سی' کیساتھ مل کر اسلاموفوبیا کے مقابلے کا عالمی دن منایا

او آئی سی کی اس دن کو منانے کیلئے متفقہ حمایت دنیا بھر کے ارب ہا مسلمانوں کے جذبات کی عکاس ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان دنیا میں منظم انداز میں بڑھتے ہوئے اسلاموفوبیو کے سنگین نتائج کے بارے میں رائے عامہ ہموار کرنے اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے عالمی سطح پر کوششوں میں قائدانہ کردار ادا کر رہے ہیں، ان کے وژن کی روشنی میں ستائیس اور اٹھائیس نومبر دو ہزار بیس کو نیامے، نائیجر میں 'اسلامی تعاون تنظیم

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ایس ایس پی لسبیلہ طارق الٰہی مستوئی صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام نظر آرہے ہیں، امیر عبداللہ فاروقی

قرآن وسنت کے نفاذ، فرقہ واریت کے خاتمے، عوامی مسائل کے حل کیلئے آواز اٹھاتے رہیں گے

کراچی (این این آئی) اہلحدیث رابطہ کونسل پاکستان کے چیئرمین امیر عبداللہ فاروقی نے کہا ہے کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام نظر آرہی ہیں یہ بات انہوں نے کراچی کے دورے کے موقع پر گلشن اقبال میں علامہ مرتضیٰ خان رحمانی کی زیر صدارت اہلحدیث رابطہ کونسل کراچی ڈویژن کے ذمہ داروں کے منعقدہ اجلاس

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام اس وقت نااہل حکمرانوں سے تنگ ہے، جے یو آئی

مولانا فضل الرحمٰن کے حکم پر لاکھوں لوگ اسلام آباد لانگ مارچ کے لئے تیار ہیں، مولانا مفتی محمد قاسم

26 مارچ کو اسلام آباد میں کٹھ پتلی کے خلاف عوامی سمندر ہوگا جو نالائق کو بہالے جائے گا، مرکزی رہنماء

چمن (آن لائن) جانشین شہید اسلام جے یو آئی کے مرکزی رہنما مولانا مفتی محمد قاسم نے جامعہ العلوم چمن کے زیراہتمام جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام حکومت سے نجات کیلئے پی ڈی ایم کا بھرپور ساتھ دے رہے ہیں عوام اس وقت نااہل حکمرانوں سے تنگ ہے مولانا فضل الرحمٰن کے حکم پر لاکھوں لوگ اسلام آباد لانگ مارچ کے لئے تیار ہیں 26 مارچ کو اسلام آباد میں کٹھ پتلی کے خلاف عوامی سمندر ہوگا جو نالائق کو بہالے جائے گا مولانا فضل الرحمٰن نے جو آواز اٹھائی ہے وہ اب پوری قوم کی آواز ہے تبدیلی کے نام پر ملک پر

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، ن لیگ کے رہنما کیپٹن صفدر مریم نواز کے کیس کی پیروی کیلئے ہائیکورٹ آرہے ہیں

چیک پوسٹوں کو کمائی کا ذریعہ بنانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی، طارق مستوئی

لسبیلہ میں پولیس موبائل خدمت مرکز کا قیام جلد عمل میں لایا جائیگا، سنیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس

اوتھل (رپورٹ، شفیق چنہ) سنیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس ایس پی) لسبیلہ طارق الٰہی مستوئی نے کہا ہے کہ اعلیٰ افسران کی ہدایت پر لسبیلہ میں پولیس کی چیک پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے چیک پوسٹوں کو کمائی کا ذریعہ بنانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، لسبیلہ میں پولیس موبائل خدمت مرکز کا قیام جلد عمل میں لایا جائیگا، کوئٹہ طرز پر لسبیلہ میں بھی قیام جلد

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جہاں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں، قاضی الطاف

گنداواہ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر جھل مگسی قاضی الطاف حسین کلواڑ نے کہا ہے کہ جہاں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں کھیل نوجوانوں کو سماجی برائیوں سے دور رکھتے ہیں جبکہ موجودہ صوبائی حکومت وزیر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بی این پی کی نظریات میں موقع پرستی مفاد پرستی کی گنجائش نہیں ہے، جاوید بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر چیئرمین جاوید بلوچ نے کہا ہے کہ بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل نے پارلیمانی فورم سے قوم پرستی کی وسعت پزیری جدید انداز میں پیش کر دیا ہے اور حقیقی معنوں میں

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تجاوزات کے معاملہ پر کوئی نرمی نہیں کی جائے گی سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے معاملہ پر حرا میڈیکل کالج سکھر کی مہلت دینے کی استدعا مسترد کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ تجاوزات کے معاملہ پر کوئی نرمی نہیں کی جائے گی۔ پیر کو سپریم کورٹ میں حرا میڈیکل سنٹر گرانے کے نوٹس کے خلاف کیس کی سماعت جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ سپریم کورٹ نے معاملہ پر حرا میڈیکل کالج سکھر کی مہلت دینے کی استدعا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کی وباء کی تیسری لہر کے پیش نظر پابندیاں عائد کر دی گئیں

پشاور، مردان، نوشہرہ، ایبٹ آباد، سوات، صوابی اور ملاکنڈ میں مارکیٹیں 8 بجے بند کر دی جائیں، حکم نامہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کی وباء کی تیسری لہر کے پیش نظر پابندیاں عائد کر دی گئیں، انتظامیہ کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا کہ پشاور، مردان، نوشہرہ، ایبٹ آباد، سوات، صوابی اور ملاکنڈ میں مارکیٹیں 8 بجے بند کر دی جائیں۔ حکم نامے کے مطابق ادویات، بیکری، کریانہ اور دیگر ضروری اشیاء کی دکانیں کھلی رہیں

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹک ٹاک بند کرنے کے حق میں نہیں، امین الحق

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر امین الحق نے کہا ہے کہ وزارت ٹک ٹاک سمیت ایسی ایپ کو بند کرنے کے حق میں نہیں ہیں، ہائی کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد ہونا چاہیے۔ امین الحق نے کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت سے چیئر مین سینٹ سے ملاقات

چیئرمین سینیٹ اور سینیٹرز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے ملاقات کی جس میں چیئرمین سینیٹ اور سینیٹرز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز اور بلوچستان سے منتخب سینیٹر ثمینہ ممتاز بھی تھے۔ صدر مملکت نے چیئرمین سینیٹ کو دوبارہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد دی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شہباز گل پر حملے کا مکمل منصوبہ بنایا گیا تھا، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ شہباز گل پر حملے کی مکمل منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ حماد اظہر نے شہباز گل کے لاہور ہائیکورٹ جانے سے قبل کیے گئے ٹوئٹ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ صاف ظاہر ہے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکریٹری خزانہ کا 26 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کا اعتراف

اشیائے ضروریہ کے ذخائر، مارکیٹ میں فراہمی اور صارفین کے مفادات کو یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری خزانہ نے 26 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کا اعتراف کرلیا جس پر وزیر خزانہ نے ہدایت کی ہے کہ اشیائے ضروریہ کے ذخائر، مارکیٹ میں فراہمی اور صارفین کے مفادات کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر خزانہ حفیظ شیخ کی زیر صدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں وفاقی وزراء، مشیروں اور

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی: نادرا انچارج محمد صدیق ترین کی کارکردگی قابل تعریف ہے، عوامی و سماجی حلقے

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی کے عوامی و سماجی حلقوں اور سول سوسائٹی نے نادرا سنٹر ہرنائی کے موجودہ انچارج محمد صدیق ترین کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جب سے موصوف نے چارج سنبھالا ہے علاقے کے عوام کو کمپیوٹرائز شناختی کے مسائل بروقت حل ہو رہے ہیں اور انچارج نادرا سنٹر ہرنائی محمد صدیق ترین اور نادرا سنٹر کا عملہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دے رہے ہیں نادرا انچارج محمد صدیق ترین کے تعیناتی سے ہرنائی نادرا

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

20 پریذائیڈنگ افسران کا غائب ہونا تشویشناک عمل ہے

حلقے کے عوام کو حق رائے دہی سے روکا گیا، (ن) لیگی امیدوار کا بھی جواب جمع

اسلام آباد (این این آئی) حلقہ این اے 75 ڈسکہ میں دوبارہ انتخابات معاملے پر تحریک انصاف کے امیدوار علی اسجد ملہی نے تحریری جواب سپریم کورٹ میں جمع کرا دیا جس میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کا امن وامان کی صورتحال خراب ہونے کا موقف درست نہیں۔ جواب میں کہا گیا کہ پولنگ اسٹیشنز پر بدمزگی کی ذمہ دار متعلقہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ٹھہرانا غلط ہے۔ جواب میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن نے بغیر انکوائری کیے اپنا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی قوم متحد ہوکر اپنے ملک کا دفاع کرنا جانتے ہیں، سردار یعقوب ناصر

23 مارچ کو یوم دفاع پاکستان پورے ملک وصوبے میں ایک نئے جوش وقومی جزبے کے ساتھ منائینگے

پاکستان اور بلوچستان کو کمزور کرنے والوں کے ناپاک عزائم کو ہم ملکر ناکام بنادینگے، مرکزی رہنماء ن لیگ

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما ومسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ 23 مارچ کو یوم دفاع پاکستان پورے ملک وصوبے میں ایک نئے جوش وقومی جزبے کے ساتھ منائینگے پاکستانی قوم متحد ہوکر اپنے ملک کا دفاع کرنا جانتے ہیں ہم نے اس سے قبل بھی اپنے دشمن ملک کے دانت کٹے کیئے تھے انہوں نے کہا کہ ہمیں اندرونی وبیرونی چیلنجوں کا مقابلہ کرنا ہوگا امریکہ نے ترکی اور پاکستان کے درمیان طے شدہ جنگی جہازوں کے معاہدے کو توڑ کر ہمیں کچھ اور سوچنے پر مجبور کر دیا

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی: بابو محلّہ میں زور زبردستی سرکاری لیٹرینوں کی اجازت نہیں دینگے

چیف آفیسر مونسپل کمیٹی کا فوری تبادلہ کیا جائے بابو محلّہ ایکشن کمیٹی کا احتجاجی مظاہرہ

ہرنائی (نامہ نگار) بابو محلّہ ایکشن کمیٹی ہرنائی کی جانب سے محلّے کے مین راستہ پر چیف آفیسر مونسپل کمیٹی ہرنائی کی جانب سے سرکاری لیٹرین بنانے سے محلّے کے عوام کے ساتھ ساتھ مذکورہ راستے پر روزانہ سینکڑوں طالبات اور دیگر خواتین گزرتے ہے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان خیالات کا اظہار بابو محلّہ ایکشن کمیٹی کی جانب سے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں آگاہی واک اور تقریب کا انعقاد

پشین (روح اللہ کاکڑ) صوبائی محکمہ تعلیم کے زیراہتمام سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں پشین شہر میں آگاہی واک اور تقریب کا انعقاد کیا گیا آگاہی واک کی قیادت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفسر عبدالواسیع کاکڑ اور یونیسف پشین کے ضلعی کوارڈینیٹر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اے این ایف بلوچستان کی کارروائیاں

بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) اے این ایف بلوچستان نے سریاب روڈ کوئٹہ پر واقع سدا بہار کوچ ٹرمینل سے 2.500 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ دوسری کاروائی میں پولیس سٹیشن کوئٹہ نے سدا بہار بس ٹرمینل ضلع کوئٹہ کے قریب سے ایک موٹر سائیکل سمیت 16 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ تیسری کاروائی میں پولیس سٹیشن حب نے ضلع لسبیلہ، اوباز ہوٹل مین

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزراء پر مشتمل کمیٹی کا بختیار آباد کا دورہ

بختیار آباد (نمائندہ امروز) کچھی واٹر سپلائی فیز ٹو مین پائپ لائن کی اپروول کے لئے صوبائی وزراء پر مشتمل کمیٹی کا بختیار آباد کا ایک روزہ دورہ، کمیٹی بلوچستان حکومت کے صوبائی پارلیمانی لیڈر وزیر تعلیم سردار یار محمد رند، صوبائی وزیر پی ایچ ای نور محمد دمڑ، وزیر اعلی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جعفر آباد، ڈی ایس پی خاوند بخش کھوسہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ٹنڈوالہ یار، تیز رفتار ڈمپر خاتون اور بچے سمیت تین افراد کی زندگی نگل گیا

ٹنڈوالہ یار (این این آئی) تیز رفتار ڈمپر نے خاتون اور بچے سمیت تین افراد کو کچل دیا۔ ٹنڈوالہ یار کے پیارو لونڈ روڈ پر تیز رفتار ڈمپر نے رکشہ سواروں کو کچل ڈالا۔ حادثے کے نتیجے میں خاتون اور بچے سمیت تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ جائے وقوعہ پر

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا سب سے بڑا چیلنج فوڈ سیکیورٹی ہے، وزیر اعظم

حکومت کی سب سے بڑی ذمہ داری قوم کیلئے خوراک کا تحفظ ہے، تقریب سے خطاب

نوشہرہ (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ہم خوردنی تیل، گھی، پام آئل درآمد کرتے ہیں، پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر سب سے بڑا چیلنج فوڈ سیکیورٹی ہے ہم نے کیسے اپنی آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنی ہیں، حکومت کی سب سے بڑی ذمہ داری قوم کیلئے خوراک کا تحفظ ہے۔ نوشہرہ میں زیتون کی شجر کاری کے سلسلے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لیگی کارکنوں کی جانب سے پھینکی گئی سیاہی سے شہباز گل کی بائیں آنکھ متاثر

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی جانب سے پھینکی گئی سیاہی سے وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل کی بائیں آنکھ متاثر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی جانب سے پھینکی گئی سیاہی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سریاب روڈ کٹنگ پر حکومتی ریٹ تاجروں کو قبول نہیں، عبدالرحیم کاکڑ

سریاب روڈ کے متاثرین کو مارکیٹ ریٹ پر معاوضے کی فراہمی یقینی بنائی جائے، صوبائی صدر انجمن تاجران

ہم نے کئی بار حکومت کو سمجھانے کی کوشش کی کہ چھ سو نوے روپے فٹ کے حساب سے ہم یہ رقم نہیں لینگے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کے زیر صدارت ایک اجلاس مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں حضرت علی اچکزئی قیوم آغا میر یاسین مینگل سعد اللہ اچکزئی حاجی ہاشم کاکڑ عبدالخالق آغا کلیم کاکڑ عطا محمد کاکڑ سید ظہور آغا نعمت آغا اللہ داد اچکزئی جانگیر لانگو خرم اختر حاجی طالب کاکڑ نقیب اللہ کاکڑ حاجی عبدالمالک لہڑی عباس لہڑی نوروز جنگ سلام بادینی امام دین لہڑی و دیگر نے شرکت کی مرکزی صدر عبدالرحیم کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہو کہا کہ سریاب روڈ کٹنگ پر حکومت جو

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ، میر عادل ساتکزئی کی پارٹی میں شمولیت کے موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

تاجروں کیساتھ اپنائی گئی روش کی مذمت کرتے ہیں، بی این پی

سریاب توسیع منصوبے میں گرائی جانے والی دکانوں کے مالکان کو موجودہ ریٹ کے مطابق ادائیگی نہ کرنے کا عمل قابل مذمت ہے

صوبائی حکومت کے ارباب واختیار اور ضلعی انتظامیہ ناانصافی کرنے کی بجائے موجودہ ریٹ کے مطابق مالکان کو ادائیگی کی جائے تا کہ وہ کہیں اور جا کر تجارت کرسکیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان سریاب توسیع منصوبے میں گرائی جانے والی دکانوں کے مالکان کو موجودہ ریٹ کے مطابق ادائیگی نہ کرنے کے عمل کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ پہلے نوٹس جاری کر کے مدت کا تعین کرتے اور زمین مالکان کو ادائیگی موجودہ ریٹ سے مطابق کرتے تا کہ ان کا معاشی قتل نہ ہوتا بی این پی نے سریاب توسیع منصوبے کے حوالے سے کوششیں کیں پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ سے باہر بھی آواز بلند کی مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ دکان مالکان سے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن فرائض انجام دہی میں ناکام ہو چکا، وفاقی حکومت کا مطالبہ

نیا الیکشن کمیشن تشکیل دینے کیلئے پارلیمان کو موقع دیا جائے جس پر سب کا اعتماد ہو، وفاقی وزراء

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے استعفی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن فرائض کی انجام دہی میں ناکام ہو چکا، نیوٹرل ایمپائر کا کردار ادا نہیں کر رہا، چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے اراکین فوری استعفیٰ دیں اور پارلیمان کو موقع دیا جائے کہ نیا الیکشن کمیشن تشکیل دیا جائے جس پر سب کا اعتماد ہو،

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل 16 مارچ کو ہوگا اس حوالے سے 16 نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا، اجلاس میں ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا، وفاقی

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آئین اور جمہوریت کو عمران نیازی کے شر سے بچانا ہوگا، پلوشہ خان

کٹھ پتلی اور ووٹ چور حکومت کی سینیٹ میں مزاحمت کرینگے، رہنما پیپلز پارٹی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ آئین اور جمہوریت کو عمران نیازی کے شر سے بچانا ہوگا، کٹھ پتلی اور ووٹ چور حکومت کی سینیٹ میں مزاحمت کرینگے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین اور جمہوریت کو عمران نیازی کے شر سے بچانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں آئینی ترمیم وفاق اور اکائیوں کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فیصل آباد، گیارہ سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کرنیوالے ملزم نے خودکشی کرلی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں چار روز قبل گیارہ سالہ بچے کو اغواء کر کے مبینہ زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم نے آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران نہر میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرلی۔ ماموں کانجن کے رہائشی 11 سالہ اسد علی کو محلہ دار ذیشان نے چار

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجاب حکومت نے ڈسکہ میں من پسند افسران تعینات کر کے الیکشن متنازع بنائے، الیکشن کمیشن

حکومتی عہدیداران، سیکورٹی ایجنسیز اور سیاسی نمائندوں نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے این اے 75 ڈسکہ میں ضمنی الیکشن میں من پسند افسران تعینات کر کے انتخابات متنازع بنائے۔ سپریم کورٹ میں این اے 75 ڈسکہ انتخابات کیس سے متعلق جمع کرائے گئے اپنے تحریری جواب میں الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ حکومتی عہدیداران،

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ووٹ مسترد کر کے دن دہاڑے ڈاکہ ڈالا گیا، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا ہے کہ سینیٹ کے چیئر مین اور ڈپٹی چیئر مین کے الیکشن میں ووٹ مسترد کر کے دن دہاڑے ڈاکہ ڈالا گیا ہے۔ ایک

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اے این ایف نے 29 ملک گیر کارروائیاں

ساڑھے 14 ملین ڈالر کی 425 کلوگرام منشیات برآمد کرلی

اسلام آباد (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس پاکستان نے 29 ملک گیر کارروائیوں کے دوران 425.253 کلوگرام منشیات برآمد کرلیں جس کی بین الاقوامی مالیت 14.658 ملین امریکی ڈالر ہے جبکہ منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی فوج کشمیریوں کے مکان دھماکہ خیز مواد سے اڑا رہی ہے، مشعال ملک

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ بھارتی فوج کشمیریوں کے مکان دھماکہ خیز مواد سے اڑا رہی ہے۔ اپنے بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کی بربریت کا سلسلہ جاری

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت اور اپوزیشن کی سیاست سے عوام خوش اور مطمئن نہیں، پاسبان

وزیر اعظم عوام کے لئے نچلا طبقہ کا لفظ استعمال کر کے نیا دوقومی نظریہ بنا رہے ہیں، اقبال ہاشمی

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیف آرگنائزر اقبال ہاشمی نے کہا ہے کہ عمران خان عوام کے لئے نچلا طبقہ کا لفظ استعمال کر کے نہ صرف غریب اور مظلوم عوام کی توہین کر رہے ہیں بلکہ نئے پاکستان کا نیا دوقومی نظریہ بنا رہے ہیں۔ ہماری پارلیمنٹ عام آدمی کی نمائندہ نہیں ہے بلکہ انگریزوں کے نوازے گئے خاندانوں کے وارثوں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد کے 3 سیکٹرز میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ

اسلام آباد (این این آئی) کورونا وائرس وباء کی تیسری لہر کے باعث اسلام آباد کے تین سیکٹرز میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کر دیا گیا، اسکولوں میں چھٹیاں کر دی گئی ہیں، ماسک نہ پہننے والوں پر ایک

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

رسول خدا کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کر سکتے، مفتی نذیر جان نعیمی

انتظامیہ فوری طور پر نام نہاد لبرل عورتوں اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت کارروائی کرے

کراچی (این این آئی) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ اور محسن انسانیت رسول اللہ کی شان اقدس میں گستاخی اور شعائر اسلام کے خلاف عورت مارچ میں نعرے لگانے کے خلاف جمعیت علماء مجددیہ نعیمیہ پاکستان کی جانب سے صاحبزادہ مفتی نذیر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، کورونا وائرس کے مزید 29 مریض انتقال کر گئے، 1307 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس سے مزید 29 افراد انتقال کر گئے۔ 24 گھنٹے کے دوران کورونا وائرس کے دو ہزار دو سو ترپن نئے مریض سامنے آئے، چودہ مارچ کو چوالیس ہزار سے زیادہ کورونا ٹیسٹ کیے گئے، مثبت کیسز کی شرح پانچ اعشاریہ ایک فیصد رہی، اس بیماری سے 1 ہزار

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دارالامان وسیف ہاؤسز کو محکمہ ترقی نسواں سندھ کے سپرد کر دیا گیا

دارالامان وسیف ہاؤسز کا محکمہ ترقی نسواں سندھ میں انضمام خوش آئند ہے، شہلا رضا

کراچی (این این آئی) دارالامان وسیف ہاؤسز کو محکمہ ترقی نسواں سندھ کے سپرد کر دیا گیا، اس ضمن میں چیف سیکرٹری سندھ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اس سے قبل دونوں ادارے محکمہ سماجی بہبود کے پاس تھے۔ صوبائی وزیر ترقی نسواں سیدہ شہلا رضا نے دارالامان وسیف ہاؤسز کا محکمہ ترقی نسواں سندھ میں انضمام کو خوش آئند قرار دیتے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ الیکشن کے نتائج چیلنج کرنے کے لیے آئینی پٹیشن کا مسودہ تیار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے چیئرمین سینیٹ الیکشن کے نتائج چیلنج کرنے کے لیے آئینی پٹیشن کا مسودہ تیار کر لیا، منگل یا بدھ کو درخواست دائر کی جائیگی۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سید ناصر حسین شاہ کی اورنگی ٹاون میں رینجرز پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت

دشمنوں کی اس طرح کی حرکتوں سے ہمارے جوانوں کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے، صوبائی وزیر اطلاعات

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے اورنگی ٹاون میں رینجرز پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے رینجرز اہلکار کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر نوابزادہ طارق مگسی سے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ اور میر طارق کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

صوبے کے کھلاڑی محنت اور لگن کو اپنا شعار بنائیں، لشکری رئیسانی

سترہ سال بعد کوئٹہ میں 23 مارچ سے ہونے والے آل پاکستان ہاکی ٹورنامنٹ کے صوبے پر دور رس نتائج مرتب ہوں گے

ہاکی اسٹیڈیم میں شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی اکیڈمی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، اور یہاں جلد فٹنس جم بھی بنائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے چیئرمین نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ صوبے کے کھلاڑی محنت اور لگن کو اپنا شعار بنائیں، بلوچستان پاکستان میں ہاکی کو لیڈ کرے گا، سترہ سال بعد کوئٹہ میں 23 مارچ سے ہونے والے آل پاکستان ہاکی ٹورنامنٹ کے صوبے پر دور رس نتائج مرتب ہوں گے۔ یہ بات انہوں نے شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی اسٹیڈیم کے دورے کے موقع پر کھلاڑیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بلوچستان پیس فورم کے وائس چیئرمین ظفر صدیق، امجد ستی، حاجی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں